داؤد عسکر

تاروں کا خموش کارواں ہے
یہ قافلہ بے درا رواں ہے
بے تاب ہے ذوقِ آگہی کا
کھلتا نہیں بھید زندگی کا
جنبش سے ہے زندگی جہاں کی
یہ رسم قدیم ہے یہاں کی
چلنے والے نکل گئے ہیں
جو ٹھہرے ذرا کچل گئے ہیں
کوئی نہیں غمگسارِ انساں
کیا تلخ ہے روزگارِ انساں

جو مصرعے اسمیں نہیں آسکے

(۱) محفل میں دل آویز ہے مقتل میں بلاخیز

(۲) بے سوز ہوتی نہیں قوموں کی خودی تیز

حکیم الامت حضرت علامہ اقبال کے اُردو کلام کا مکمل اشاریہ

مشتمل بہ بانگِ درا، بالِ جبریل، ضربِ کلیم، ارمغان حجاز

المعروف بہ

جُوئے شیر

حصہ اوّل

تو نے فرہاد نہ کھودا کبھی ویرانۂ دل

جل گئی مزرعۂ ہستی تو اُگا دانۂ دل

تالیف: داؤد عسکر

رشید اینڈ سنز اردو بازار، کراچی

نام کتاب : جوئے شیر

مؤلف : داؤد عسکر

سائز : ۱۷×۲۷ = ۸

تعداد صفحات : ۶۳۲

کاتب : ابو محمد حسینی ۸۷/۲ بہار کالونی کراچی ۲

ناشر : رشید اینڈ سنز

مطبع : رشید اینڈ سنز پرنٹرز

تعداد طباعت : دو ہزار

سال طباعت : ربیع الاول ۱۳۹۹ھ ، فروری ۱۹۷۹ء

قیمت : پچھتر روپے (۷۵/-)

چوں می گویم مُسلمانم بلرزم
کہ دانم مشکلاتِ لا اِلٰہ را

عمرہا در کعبہ و بتخانہ می نالد حیات
تا ز بزمِ عشق یک دانائے راز آید بروں

سالہا دیر و حرم میں زندگی روتی رہی
تب کہیں نکلا کوئی اس بزم سے دانائے راز

(ترجمہ)

باآں رازے کہ گفتم پے نبردند

زِ شاخِ نخلِ من خرما نخوردند

من اے میرِ اُمم داد از تو خواہم

مرا یاراں غزل خوانے شمردند

رُوحِ اِنتساب

کلامِ اقبال کا یہ انڈیکس اگر موصوف کی زندگی میں مرتب ہوتا تو غالباً وہ بہت محظوظ ہوتے۔ مجھے فخر ہے کہ میں اس گدو کاوش کا نذرانہ مرحوم کی مبارک روح کو اپنی تمام تر عقیدتوں کے ساتھ پیش کر رہا ہوں۔

سوزِ دل، اشکِ رواں، آہِ سحر، نالۂ دل
ایں ہمہ از اثرِ لطفِ شمائی بینم

حرفِ آغاز

"جوئے شیر" علامہ اقبال کے مکمل اردو کلام کا ایک جامع اور مستنبط اشاریہ ہے جو تقریباً چھ سو صفحات پر مشتمل ایک ضخیم "انڈیکس" کی صورت میں پیش کیا جا رہا ہے، اور وہ حضرات جو اقبال کے کلام اور اُن کی بصیرت سے شغف رکھتے ہوں استفادہ کر سکتے ہیں۔

"عرضِ حال" کے اوراق کا مجموعہ دراصل "جوئے شیر" میں پیش لفظ کے طور پر لکھا گیا ہے۔ اِن اوراق میں اُن حالات کا ایک متلاطم ساخاکہ ہے جو مسلمانوں کو تین سو سال سے درپیش ہیں مسلمانوں کی زبوں حالی کا یہی فتنہ پرور دَور اقبال کی شاعری پر اثر انداز ہوا جس نے اُن کے دل و دماغ میں ایک عظیم ہیجان سا پیدا کر دیا، اور اُن کی شاعری قوم کے تاریک ترین لمحات اور مایوس کُن حالات میں ایک جانفزا پیام لیکر آئی۔

تین سو سال سے ہیں ہند کے میخانے بند
اب مناسب ہے ترا فیض ہو عام اے ساقی!

"عرضِ حال" میں علامہ اقبال کے جو سیاسی اور معاشرتی نقش و نگار اُبھرتے ہیں اُن کی بعض جھلکیاں عوام کی بھی دلچسپی سے خالی نہیں۔ میرے بعض احباب نے "عرضِ حال" کے اوراق کو ایک کتابچہ کی صورت میں الگ چھپوانے کا اِس شدّت سے اصرار کیا کہ میرے لئے آمادہ ہوئے بغیر چارہ نہ تھا۔ صرف قباحت اس میں یہ ہے کہ اِس "عرضِ حال" کا تعلّق اُس مخصوص کتاب سے ہے جس کے لئے یہ لکھا گیا، اور اس مرحلے پر اس کتابچے کے لئے غیر متعلقہ حصّوں کو الگ کرنا نہایت دقّت طلب امر ہے؛ کیونکہ اب وقت کی گنجائش ہرگز نہیں، اس لئے مجوّزہ کتابچے کو ایک مسلسل اور مربوط کتاب کی حیثیت حاصل نہیں ہو سکتی۔ لیکن اگر یہ کتابچہ قوم میں ذرہ بھر شعور بیدار کرنے کا حامل ہو تو مجھے "عرضِ حال" کو جوں کا توں طبع کرانے میں کوئی عذر نہیں ہو سکتا۔

درحقیقت علامہ اقبال کے سیاسی اور معاشرتی نظریات پر ایک علیحدہ جامع اور مبسوط کتاب لکھی جا سکتی ہے اور اس کا لکھا جانا اشد ضروری بھی ہے کیونکہ اقبال کے نظریات پاکستان کی تخلیق کے ماخذ ہیں، اور پاکستان کی تاریخ کا اہم جزو بھی ہیں۔ یہ بات الگ ہے کہ پاکستان اب تک اقبال کے تخیلات کو شرمندۂ تعبیر نہ کرسکا۔ علامہ اقبال کی تلقینات قرآنی تعلیمات کے تابع ہیں اور اُن کے کلام میں ایقان اور عرفان کا عنصر (خاص کر فارسی کلام میں) اتنا بصیرت افروز ہے کہ پیغمبر اسلام کے پیروں کے لئے اختلاف کی گنجائش ہرگز نہیں رہتی۔ علامہ اقبال نے دَورِ حاضرہ کے مسلمانوں پر تنقید بھی کی ہے اور غلط فہمیوں میں اُلجھے ہوئے حقائق پر روشنی بھی ڈالی ہے، اور وہ حالات جو اسلام اور مغربی تہذیب کے تصادم سے پیدا ہوئے ہیں، ان پر سیر حاصل تبصرے بھی کئے ہیں، اور ہمارے درپیش مسائل کا حل بھی تجویز کیا ہے۔ اگلے صفحات میں ان ہی مسائل کے حل کی تلاش کی گئی ہے تاکہ کسی صحیح لائحۂ عمل اور نصب العین کی نشاندہی ہو سکے۔ اس میں بعض مسلک اور مکتبِ فکر کے حضرات کو اختلاف ہوگا، اور حقیقت میں جب تک کوئی واضح راہ متعین نہیں ہوتی ہمارا بھٹکتے رہنا لازمی امر ہے۔ لیکن اگر اختلاف نیک نیتی پر مبنی ہو تو بہتری کی راہ نکل آتی ہے۔ اس تیس بتیس سالوں کی ٹامک ٹوئی کے بعد ضرورت ہے کہ مغرب کی اندھا دھند تقلید بند کی جائے اور اپنی بنیادیں صحیح کی جائیں، ورنہ ہمارا انجام عبرتناک ہوگا — اگلے اوراق اِسی عبرتناک انجام کی نشاندہی کرتے ہیں۔

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لَب پہ آسکتا نہیں
محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائیگی

اندھیری شب ہے، جُدا اپنے قافلے سے ہے تو

ترے لئے ہے مرا شعلۂ نوا قندیل،

فریب خوردۂ منزل ہے کارواں اپنا

زیادہ راحتِ منزل سے ہے نشاطِ رحیل

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم

نہایت اس کی حُسینؓ، ابتدا ہے اسماعیلؑ

میری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں محرمِ رازِ درونِ میخانہ

عرضِ حال

گاہے گاہے باز خواں ایں قصّۂ پارینہ را

۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کی سہانی صبح حسبِ معمول اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ طلوع ہوئی۔ مجھے اس روز صبح آٹھ بجے کسی کام کی غرض سے کرنل ڈار سے ملنے سی ایم ایچ جانا تھا۔ میں گلبرگ مارکیٹ سے ہوتا ہوا لاہور چھاؤنی پہنچا۔ راستے میں لوگ اپنے معمولات میں مصروف تھے اور کوئی ایسی غیر معمولی بات دیکھنے میں نہ آئی جس سے کسی اضطراری کیفیت کا احساس ہوتا۔ لیکن جب میں سی ایم ایچ پہنچا تو دیکھا کہ باہر درجنوں ایمبولنس گاڑیاں دو رویہ کھڑی ہیں اور ہر طرف سناٹا چھایا ہوا ہے۔ میں کرنل ڈار کے کمرے میں گیا تو اردلی سے معلوم ہوا کہ کرنل صاحب کسی کانفرنس میں مشغول ہیں اور آج نہیں مل سکیں گے۔ میں جرأت کر کے کانفرنس کے کمرے تک جا پہنچا اور سپاہی کے ہاتھ ایک رقعہ لکھ بھیجا کہ بڑی عنایت ہوگی اگر مجھے ایک منٹ کے لئے آ کر مل سکیں۔ کرنل ڈار فوراً باہر آ گئے اور مجھ سے کہا کہ آج صبح بھارت نے اچانک لاہور پر حملہ کر دیا ہے اور ہم زخمیوں کی دیکھ بھال اور بستروں کے انتظام میں بے حد مصروف ہیں۔

میں اپنے دفتر روانہ ہوا۔ میرا دفتر نہرِ لاہور کے کنارے مغلپورہ میں واقع تھا اور وہاں شعبۂ انہار کے کئی اور انجنیئروں کے دفتر بھی ہیں۔ میں دفتر پہنچا تو کام کرنے کو جی نہ چاہا۔ طبیعت میں عجب بے کلی سی تھی۔ دفتروں میں سرگوشیاں ہو رہی تھیں۔ افواہوں کا طومار تھا۔ یہ بات تقریباً سب کے علم میں تھی کہ بھارت نے راتوں رات

لاہور کے نواحی دیہاتوں پر حملہ کر دیا ہے۔ اتنے میں ریڈیو پر اعلان ہوا کہ صدر محترم جناب محمد ایوب خان آج دن کے ساڑھے بارہ بجے قوم سے خطاب کریں گے۔ سب کی آنکھیں گھڑیوں پر لگ گئیں۔ لوگ ریڈیو کے گرد جمع ہونا شروع ہوئے۔ ٹھیک ساڑھے بارہ بجے ریڈیو پاکستان سے قومی ترانے کی دُھنیں فضا میں بکھرنے لگیں اور صدر مملکت نے اپنی گرجدار آواز میں قوم سے خطاب شروع کیا جس کے اقتباسات حسبِ ذیل ہیں۔ یہ وہ تاریخی تقریر ہے جس کے الفاظ تاریخِ پاکستان میں ہمیشہ جگمگاتے رہیں گے :-

میرے عزیز ہموطنو!

دس کروڑ پاکستانی عوام کی آزمائش کا وقت آ گیا ہے۔ بھارتی افواج نے آج علی الصبح پاکستان کی حدود میں لاہور کے محاذ پر حملہ کر دیا ہے۔ بھارتی حکمران گذشتہ پانچ ماہ سے جو جارحانہ اقدامات کرتے آئے ہیں یہ تازہ حملہ ان ہی مجرمانہ سرگرمیوں کی ایک کڑی ہے۔ بھارتی حکمرانوں نے گذشتہ مئی، کشمیر میں خطِ متارکۂ جنگ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ہماری حدود میں کرگل کی تین چوکیوں پر قبضہ کر کے اپنے جارحانہ اقدام کی ابتدا کی تھی اور ٹیٹوال کے علاقے میں ہماری چوکیوں پر قبضہ کرنے کی پیشقدمی کی تھی۔ اس کے بعد بھارتی افواج اپنی پوری طاقت کے ساتھ اوڑی اور پونچھ کے علاقوں میں داخل ہو گئیں۔ اب یہ بات ظاہر ہو گئی ہے کہ ان تمام اشتعال انگیزیوں کے باوجود ہم نے جس صبر وتحمّل کا مظاہرہ کیا، بھارتیوں نے اس کا مطلب غلط سمجھا۔ بالآخر بھارتی جارحیت کو روکنے کے لئے آزاد کشمیر کی افواج کو بھمبر کے علاقے میں داخل ہونا پڑا۔ بھارت جُنون کے عالم میں اپنی فضائی فوج کو حرکت میں لے آیا، جس سے شدید بحران کی کیفیت پیدا ہو گئی ہے۔

اِس وقت یہ حقیقت ساری دنیا پر واضح ہو چکی ہے کہ کشمیر میں بھارت کا جارحانہ اقدام دراصل پاکستان پر حملے کا آغاز تھا۔ بھارت نے قیامِ پاکستان کے فوراً بعد جن معاندانہ عزائم کی پرورش کی تھی، آج اس کا عملی ثبوت مہیا کر دیا ہے۔ گذشتہ اٹھارہ سال کے دوران اُن کی تمام جنگی کاروائیوں کا مقصد پاکستان کے خلاف کاروائی تھا، بھارتی حکمرانوں نے چین کے خطرے کا ہوّا کھڑا کر کے ہمارے بعض دوست ممالک سے زبردست فوجی امدادیں حاصل کیں، لیکن مغربی حکمران بھارت کے اصل مقصد کو سمجھ نہ سکے۔ یہ بات ہمارے علم میں ہمیشہ رہی ہے کہ یہی اسلحہ ہمارے خلاف استعمال ہو گا، اور وقت نے ہمارے اِس اندیشے کی تصدیق کر دی۔ اب بھارتی حکمرانوں نے کسی رسمی اعلانِ جنگ کے بغیر اپنی روایتی بزدلی اور عیاری سے کام لیتے ہوئے

اپنی فوج کو پاکستان کی سرزمین میں داخل ہونے کا حکم دیا ہے۔ ہمارے لئے وقت آگیا ہے کہ دشمن کو دندان شکن جواب دیں، اور بھارتی سامراجیت کو کچل کر رکھ دیں۔

پاکستان کے دس کروڑ عوام جن کے دلوں کی دھڑکنوں میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے مقدس کلمات بسے ہوئے ہیں اُس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں گے جب تک کہ بھارتی توپوں کے دہانے ہمیشہ کے لئے سرد نہیں ہو جاتے۔

بھارتی حکمران نہیں جانتے کہ انہوں نے کس قوم کو للکارا ہے! پاکستانی عوام جو اپنے عقائد کی سربلندی اور اپنے مقصد کی صداقت پر ایمانِ کامل رکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے نام پر فردِ واحد کی طرح مُتحد ہو کر دشمن کے خلاف جنگ آزما ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کی بشارت ہے کہ حق کا بول بالا ہوگا۔

جنگ شروع ہو چکی ہے۔ ہمارے بہادر سپاہی دشمن کے حملے کو پسپا کرنے کے لئے محاذ پر جا چکے ہیں۔ پاکستان کی مُسلح افواج کو اپنے جوہر دکھانے کا موقعہ ملا ہے۔ وہ ناقابلِ تسخیر جذبے اور عزم سے لیس ہیں، جو کبھی متزلزل نہیں ہوا۔ ہم دشمن کا مُنہ توڑ جواب دیں گے۔

عزیز ہموطنو! آزمائش کی اس گھڑی میں تمہیں بالکل پُرسکون رہنا ہوگا، ہم میں سے ہر فرد کو ایک عظیم فریضہ ادا کرنا ہوگا جس کے لئے عقیدے کی پختگی اور والہانہ سپردگی درکار ہے۔ حکومتِ پاکستان مکمل طور پر تیار ہے۔ ہم ہر صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ آپ کی سرحدوں کے خلاف جس نے سر اٹھایا اس کے مقدر میں تباہی ہے۔! خدائے بزرگ و برتر اپنی بے پایاں رحمت سے ہمیں فتح اور کامرانی نصیب کرے۔ خدا تمہارا حافظ و ناصر ہو!

پاکستان پائندہ باد!''

صدرِ مملکت کے اس اعلان نے ساری قوم کو جھنجھوڑ ڈالا۔ لوگوں نے صدر کے نعرۂ جہاد کا پُرجوش خیر مقدم کیا۔ پوری قوم، ایک ہی دن میں، نہیں چند ساعتوں میں، ایک نئے ولولے اور نئے جذبے سے سرشار ہو گئی۔ قوم کے تمام افراد اس عزم سے اٹھے کہ ہم مٹ تو سکتے ہیں، لیکن دشمن کے آگے جھک نہیں سکتے۔ پاک فوج کے افراد اعلیٰ تربیت یافتہ تھے، اور پھر جذبۂ جہاد سے سرشار تھے۔ شجاعت، جرأت اور جانبازی ان کا شیوہ تھا، ان کے سینے نورِ توحید سے معمور تھے۔ وہ اللہ کا نام لے کر اٹھے اور دشمن پر فی الواقع ٹوٹ پڑے۔

لاہور کے عوام کا جوش و خروش بھی دیکھنے کے قابل تھا۔ لاہور کی فضا نعرۂ تکبیر اور جہاد کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی، اور لوگ ہر قسم کے خطروں سے بے نیاز ہو کر دیوانہ وار سڑکوں پر نکل آئے۔ نوجوان تو حملے کی خبر سنتے ہی جوش و جذبے سے تڑپ اٹھے اور لاٹھیاں، کلہاڑیاں لیئے سائیکلوں اور اسکوٹروں پر سوار واہگہ کی سمت چل پڑے۔ شالامار کے قریب فوج کے چند افسروں نے انہیں روک لیا۔ نوجوانوں نے کہا کہ صدر نے تو ہمیں جہاد کی دعوت دی ہے۔ فوجی افسروں نے کہا کہ آپ لوگ واپس جا کر شہری دفاع کے مرکزوں میں شہری دفاع کا اہتمام کریں، یہی آپ کی جہاد ہے۔ محاذ پر دشمن سے نبٹنے کے لیئے ہم کافی ہیں۔

شام ہونے سے پہلے ہی دودھ کی دیگوں سے لدے ہوئے ریڑھے، پلاؤ اور قورموں کی دیگیں، روٹیوں کے انبار، فروٹ اور مٹھائیوں کے ٹوکرے لوگ جوق در جوق بڑے شوق اور انہماک کے ساتھ خود کھینچ کھینچ کر محاذ پر پہنچا رہے تھے اور فوجی جوانوں کو خراجِ عقیدت پیش کر رہے تھے۔ دیہات اور مضافات کی سڑکوں کے کنارے کمبلوں اور لحافوں کے تودے، برتنوں، لوٹوں اور لالٹینوں کے ڈھیر، بسکٹوں، چائے، چینی اور دودھ کے ڈبوں کے انبار، حجامت کا سامان، پہننے کے کپڑے اور دیگر اشیائے ضرورت کے ذخیرے اس افراط سے جمع ہونا شروع ہوئے کہ ان کو ہلال احمر کے مرکزوں تک پہنچانا دشوار ہوگیا۔ خون کے لیئے بے شمار عورتیں اور مرد قطار اندر قطار ہسپتالوں میں جمع ہوگئے، اور بڑے ذوق و شوق کے ساتھ فوجی بھائیوں کے لیئے اپنے خون کا عطیہ پیش کرنے لگے۔ صرف ۱۱ ستمبر میں ایک ہی دن میں ایک ٹن خون جمع ہوا، اور دوسرے شہروں نے بھی اسی طرح اپنی حریت پسندی اور ایثار و قربانی کی ایسی مثالیں پیش کیں جو بہت کم قوموں کی تاریخ میں ملیں گی۔ دفاعی فنڈ کھل گئے، عورتوں، مردوں، بچوں، بوڑھوں سبھی نے اپنے اثاثوں کے منہ کھول دیئے اور دل کھول کر چندہ دیا۔ سارا ملک دفاعی تدبیروں کو عملی جامہ پہنانے میں مصروف ہوگیا، گھر گھر خندقیں کھدنی اور مورچے بنانے کا کام شروع ہوگیا اور شہری دفاع کی ٹولیاں اپنے فرائض کی سرانجامی میں ہر طرف مشغول نظر آنے لگیں۔ ادھر بیگم نور جہاں نے اپنی پرترنم آوازیں "میرے ڈھول سپاہیا! تینوں رب دیاں رکھاں" گانا شروع کیا اور ایسے پرسوز نغمے الاپے کہ ہزار ہا بنئیوں کے دماغوں کے بخئیے ادھڑنے لگے۔ صوفی تبسم نے راتوں رات ایسے نغمے تراشے کہ سنتے ہی روح اترانے لگتی۔ علامہ اقبال کے ترانے لمحہ بہ لمحہ فضا میں لہرا رہے تھے۔ پھر شام کو اعجاز حسین بٹالوی کی نشریات، نصیر انور کی ندائے حق (جس میں آئین اور عقیل "میاں جی" اور "مہاشہ جی" کے روپ میں رونما ہوتے)، میاں جی اور مہاشہ جی کی اداکاری اور ان کا لب و لہجہ اور انداز بیان اتنا دلآویز ہوتا کہ

ہر بنئے کے دماغ پر ہتھوڑے برستے۔ اُن کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ پاکستان یہ نت نئے پروگرام کہاں سے لے آتا ہے۔ اس پر مزید اشفاق احمد کا فیچر "تلقین شاہ" اور میاں تجمل حسین کے شہر ناموں نے اور ہی چہل پہل پیدا کر دی تھی۔ اور ریڈیو سے لمحہ بھر اُٹھنے کو جی نہ چاہتا۔ ریڈیو کی بوریت ختم ہوگئی۔ تقریباً سبھی شاعر، ادیب، تمثیل نگار، اداکار، اور مغنیوں نے کمال تندہی سے حصہ لیا اور ساری قوم جاگ اٹھی۔ سارا معاشرہ خدمت اور صداقت کے جذبے سے سرشار ہو کر میدانِ عمل میں کود پڑا۔ جرائم اور بدعنوانیاں ختم ہوگئیں، حتیٰ کہ سیاست دان بھی راہِ راست پر آگئے۔ غزلیں اور قوالیاں یکسر معطل ہوگئیں اور دیکھتے ہی دیکھتے ہماری نشریات کی ہیئت بدل گئی۔ ہر بات میں قوم کے لئے اِک نیا پیغام نظر آنے لگا۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی واضح ہوگیا کہ ریڈیو کی وساطت سے قوم کو متحد کیا جاسکتا ہے۔ اِس کی کردار سازی کی جا سکتی ہے، احساسِ عدل و انصاف، انسانی ہمدردی اور خوفِ خدا پیدا کیا جا سکتا ہے، معاشرتی خرابیوں اور خامیوں کی اصلاح کی جا سکتی ہے، اور اخلاقی جراتوں کو اجاگر کر کے برقرار رکھا جا سکتا ہے۔ اس میں کسی جبر و استبداد کی ضرورت نہیں، بشرطیکہ سالارِ کارواں کی نگاہ بلند اور جان پُرسوز ہو۔

حقیقت یہ ہے کہ قیامِ پاکستان نتیجہ ہے مسلمانوں کے جذبۂ اسلامیت اور اخوت کا۔ اِس جذبے نے برصغیر کے مسلمانوں کو حصولِ پاکستان کی جدوجہد میں وحدت اور ایثار بخشا تھا، اور قربانی اور جانثاری کا ایسا ولولہ پیدا کیا جو رہتی دنیا تک یاد رہے گا۔ لیکن بدقسمتی سے اِس ملک کے سیاستدان حضرات روزِ اول ہی سے دھوکہ فریب اور ریاکاری سے کام لیتے رہے، عوام کو اپنی ولولہ انگیز تقریروں سے بیوقوف بناتے رہے اور اپنے مفاد اور ہوسناکیوں کی خاطر معاشرے کو بگاڑنے اور سرکاری ملازموں کو غلط راستوں پر ڈالنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ اس لوٹ کھسوٹ میں وہ ہر قسم کی قلابازیاں کھاتے رہے اور اپنی عیش و عشرت کے لئے نت نئے اصراف بڑھاتے رہے۔ اِس طرح ساری قوم اوباشیوں اور بے قاعدگیوں، دھاندلیوں، ناعاقبت اندیشیوں اور زر پرستی کا شکار ہوگئی، جس کا اثر قومی خزانے کے زرِ مبادلے پر پڑنا لامحال تھا، اور قوم افراطِ زر میں مبتلا ہوگئی۔ پاکستان کی تاریخ کا یہ ایک نہایت المناک باب ہے کہ پاکستان کے اوّلین قائدین نے پاکستان کی بنیاد غلط اقدار اور اصولوں پر رکھی اور اُس مقصد کو فراموش کر دیا جس کے لئے قوم نے پاکستان کا مطالبہ کیا تھا اور جس کے حصول کے لئے عظیم ترین قربانیاں دی تھیں۔ ان نام نہاد سیاستدانوں کے پاس نہ تو کوئی واضح نصب العین تھا اور نہ ہی یہ شعور پایا جاتا تھا کہ نظریۂ زندگی کا تصور کیا ہونا چاہیے۔ ان کے پاس کوئی لائحہ عمل نہ تھا، سوائے بہانہ تراشی اور اسلام کا لبادہ اوڑھ کر قوم کو بہکانے کے، حتیٰ کہ ان کا وجود قوم کے لئے لعنت اور نفریں کا مظہر بن گیا، اور سوائے ان کے اپنے خوشامدیوں اور خوشہ چینوں

کے ان کو کوئی توقیر کی نظروں سے نہ دیکھتا، لیکن وہ اپنے زعم میں خود فریبی کا شکار تھے۔

ان سترہ دنوں کی جنگ میں ملّتِ پاکستان نے جو اتحاد و ہم آہنگی، نظم و ضبط اور نفس کشی کا مظاہرہ کیا، وہ اسی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی بدولت تھا، اور یہی وہ جذبہ ہے جو ہر اس موقعہ پر اُبھرتا ہے جب پاکستان کے عوام اپنے نصبُ العین اور نظریۂ حیات کو کسی خدشے میں پاتے ہیں۔

۶ ستمبر کی شام ہوتے ہی گلبرگ اور نواحی علاقوں میں گولیوں کی بوچھاڑ شروع ہوگئی اور سارا علاقہ بھارتی چھاتہ برداروں کی زد میں تھا۔ شہر میں بلیک آؤٹ تھا۔ نوجوان سائیکلوں پر سوار ہاتھوں میں بندوقیں لئے چھاتہ برداروں کے تعاقب میں افراتفری کے عالم میں بھاگ رہے تھے۔ کچھ لوگ خطرے کے پیشِ نظر گلبرگ خالی کر دینا چاہتے تھے اور اپنی کاروں میں سامان لاد رہے تھے۔ اتنے میں کرفیو کا اعلان ہوگیا اور سب اپنا سا مُنہ لے کر بیٹھ گئے۔ اب یا تو لمحہ بہ لمحہ ریڈیو سے اعلان ہو رہے تھے یا اقبال کے پُرسوز نغموں سے قلب و جگر میں سرور پیدا ہو رہا تھا۔ توپوں کے دہانوں سے شعلے لپک رہے تھے، دھماکوں سے در و دیوار لرز رہے تھے، لیکن حوصلوں اور جراُتوں میں کوئی فرق نہ آیا اور نہ ہی کسی قسم کا خوف و خدشہ محسوس ہوا۔ سائرن بجتے لیکن ہم آرام سے بیٹھے سامنے جنگ کا نظارہ دیکھتے رہے۔ یہ ایک پُراسرار رات تھی اور رات کی تاریکی میں دل کی دھڑکنوں کے ساتھ یہ دعا نکلتی کہ اے ربِ ذوالجلال! تو پاکستان کو استقامت بخش اور ان فرزندانِ توحید کو کامیابی عطا فرما جو تیرے نام پر نبی مہوئی اس سرزمین کی حفاظت اور دفاع کے لئے اپنی جانوں کی قربانی کا مقدس فریضہ ادا کر رہے ہیں۔

بھارت نے بغیر کسی اعلانِ جنگ کے پاکستان پر مختلف محاذوں سے حملہ کر دیا تھا، اور افواجِ پاکستان سر بکفن ان کے مقابلے پر اتر آئی تھیں۔ پاکستان کے عوام اور لیڈر اپنے سیاسی اختلافات بھلا کر صدر ایوب کی قیادت میں حملہ آوروں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی طرح ڈٹ گئے اور جنگ کے شروع ہوتے ہی توپوں کی گھن گرج سے گویا ساری قوم کی روح جاگ اٹھی اور ہماری صوبوں اور بولیوں میں بٹی ہوئی اور قومیتوں اور عصبیتوں میں بکھری قوم کا بالآخر جمود ٹوٹ گیا اور ساری قوم یکجان ہوگئی ؎

تو اپنی سرنوشت اب اپنے قلم سے لکھ	؞	خالی رکھی ہے خامۂ حق نے تری جبیں !
یہ نیلگوں فضا جسے کہتے ہیں آسماں	؞	ہمت ہو پَر کشا، تو حقیقت میں کچھ نہیں !
بالائے سر رہا تو ہے نام اس کا آسماں	؞	زیرِ پَر آگیا، تو یہی آسماں زمیں !

(۲)

علامہ اقبال کے کلام سے شیفتگی مجھے تقریباً لڑکپن سے ہی تھی۔ میں نے پہلی مرتبہ ڈاکٹر اقبال کا نام ۱۹۲۰ء میں سنا تھا جبکہ میری عمر کوئی آٹھ نو برس کی ہوگی۔ میں اس زمانے میں مدرسہ تعلیم القرآن نوشہرہ میں پڑھا کرتا تھا۔ اس مدرسہ کی پرائمری جماعتوں کا اہتمام اُن دنوں اسلامیہ کلب کے قریب دریا کے کنارے ایک مسجد میں تھا، اور اسی کلب کے چمن زاروں میں اُس سال انجمنِ حمایت الاسلام کا سالانہ جلسہ بڑے تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہونے والا تھا جس کے لئے جی ٹی روڈ سے لے کر کلب تک کی سڑکیں نہایت خوبصورتی کے ساتھ سجائی گئیں، جھاڑ فانوس لٹکائے گئے، دروازے بنائے گئے، اور تین دن کے لئے خورد و نوش کا نہایت اعلیٰ انتظام کیا گیا۔ میں نے والد صاحب سے ذکر کیا کہ ہمارے اسکول میں ایک بہت بھاری جلسہ ہونے والا ہے، آپ اس میں شریک ہوں گے؟ کہنے لگے اگر ڈاکٹر اقبال کے آنے کا پروگرام ہوا تو ضرور آؤں گا۔ خیر، ڈاکٹر اقبال تو نہ آئے لیکن یہ نام میرے دل میں کھٹک سا گیا۔ کچھ عرصہ بعد والد صاحب کا تبادلہ چترال ہوگیا اور میں ۱۹۲۷ء میں میٹرک کے امتحان سے فارغ ہوکر چھٹیاں گزارنے چترال چلا گیا۔ چترال اُن دنوں پشاور سے آٹھ دنوں کی گھوڑوں کی مسافت تھی۔ میں نے والد صاحب کے سرہانے میز پر ایک نہایت خوشنما چرمی جلد میں کتاب دیکھی جس پر سنہری حروف میں **بانگِ درا** لکھا تھا، اور نیچے **اقبال**۔ میں نے کتاب اٹھائی اور ورق الٹنے پلٹنے لگا، تو نظر ایک صفحے پر جا اٹکی۔ لکھا تھا:-

قیس پیدا ہوں تری محفل میں یہ ممکن نہیں
تنگ ہے صحرا ترا، محمل ہے بے لیلیٰ ترا
اے دُرِ تابندہ! اے پروردۂ آغوشِ موج!
لذّتِ طوفاں سے ہے نا آشنا دریا ترا

یہ ایک لمبی نظم تھی۔ میں پڑھتا گیا تو ہر لفظ نشتر کی طرح دل میں چبھتا گیا اور میرے قلب و دماغ میں ایک ہیجانی کیفیت پیدا ہونے لگی۔ میٹرک کی جماعتوں تک میں کئی اردو شعراء کے کلام سے واقف ہوچکا تھا، لیکن ایسی سوزناک اور تابناک شاعری میں نے کسی کے کلام میں نہیں پائی تھی۔ میں نے دیوانہ وار ساری کتاب کا مطالعہ شروع کر دیا۔ بار بار پڑھتا تو اشعار کے مطالب اور معانی خود بخود سمجھ میں آنے لگے، اور اگر نہ آتے تو پوچھ لیتا۔ تین ماہ بعد جب میں

چترال سے واپس آنے لگا تو میں نے والد صاحب سے بسماجت تمام بانگِ درا کی درخواست کی۔ انہوں نے میری طرف غور سے دیکھا، پھر کہا، لے جاؤ۔ ۱۹۳۲ء میں جب میں انجنیئرنگ کی تعلیم کے لئے انگلستان روانہ ہوا تو یہ کتاب میرے ساتھ تھی اور میں نے اس کا مطالعہ جاری رکھا، ہر بار پڑھنے سے نیا لطف آتا اور رگوں میں حرارت دوڑنے لگتی۔ کبھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے اور کبھی آنکھیں بھیگ جاتیں۔

اپریل ۱۹۳۸ء کی ایک صبح میں گلاسگو میں اپنے فلیٹ کی بالکنی میں کھڑا کسی خیال میں محو تھا کہ ناگاہ میرا ایک دوست بھاگتا ہوا آیا اور کہا، تمہارے ہاں کوئی سر محمد اقبال بڑا شاعر گذرا ہے۔ میں نے کہا، ہاں! کہنے لگا وہ کل وفات پا گیا ہے۔ یہ دیکھو اخبار۔ میری آنکھوں تلے اندھیرا سا چھا گیا۔ میں دل تھام کر بیٹھ گیا۔ میرے دوست نے پوچھا کیا وہ تمہارا رشتہ دار تھا؟ میں نے کہا خون کا رشتہ تو نہ تھا۔ ہاں محبت کا رشتہ ضرور تھا۔ اور میری یہ حسرت کہ میں ہندوستان پہنچکر پہلے آستانۂ اقبال پر حاضر ہوں گا، پوری نہ ہو سکی۔

ہندوستان پہنچ کر معلوم ہوا کہ علامہ اقبال کی کئی اور کتابیں بھی شائع ہو چکی ہیں۔ میں نے اردو فارسی کی سب کتابوں کے سیٹ خرید لئے اور یہ کتابیں میری زندگی کا سرمایۂ حیات بن گئیں۔ مزید برآں اقبال پر کسی نے کوئی کتاب لکھی تو میں نے جھٹ خرید لی اور اس طرح اقبالیات پر میرے پاس ایک خاصا وسیع ذخیرہ جمع ہو گیا، اور یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

(۳)

"ون یونٹ" بن جانے کے بعد میرا تبادلہ لاہور ہو گیا۔ میرا یہ معمول تھا کہ دفتر جانے سے پہلے صبح کی خبروں کے بعد "ڈاکٹر اقبال کا ایک شعر" جو اُن دنوں صوفی تبسم مرحوم بیان کیا کرتے تھے سُن کر جاتا، اور شعر اور شرح کے بعض نکات نوٹ کر لیتا۔ بسا اوقات یہ دشواری پیش آتی کہ فلاں شعر کس کتاب کے کس صفحے یا کس نظم سے تعلق رکھتا ہے، اور پوری نظم کا متن کیا ہے۔ اکثر گھنٹوں کی ورق گردانی کے بعد بھی کسی مخصوص شعر کا کھوج لگانا دشوار ہو جاتا۔ میں نے اپنے شغل کے لئے اردو اور فارسی کے منتخب اشعار کی ایک بیاض حروفِ تہجی کی مدد سے کے تحت ترتیب دے رکھی تھی جس میں بین الحروفی ترتیب تو نہ تھی لیکن اکثر شعروں کا کھوج مل جاتا۔ بعض دوستوں نے مشورہ دیا کہ علامہ اقبال کے مکمل اردو کلام کا ایک جامع اشاریہ بین الحروفی ترتیب کے ساتھ مرتب کروں تاکہ عوام بھی استفادہ کر سکیں۔ چنانچہ اس اشاریہ کی تدوین کا کام میں نے آج سے تقریباً تیرہ برس پہلے یعنی ۱۹۶۵ء

کی پاک بھارت جنگ کے دوران ہی میں شروع کر دیا تھا، لیکن جون ۱۹۶۶ء میں میرا تبادلہ لاہور سے حیدرآباد ہو گیا اور میری کتابوں کا ذخیرہ اور نوٹس وغیرہ سامان میں ایسے گڈمڈ ہوئے کہ ملازمت سے فارغ ہونے تک میں اس کام کو دوبارہ ہاتھ نہ لگا سکا۔ اور اس کے بعد بھی ایسی مصروفیات درپیش رہیں کہ یکسوئی کے ساتھ ایک عرصے تک اس کام کی طرف توجہ نہ دے سکا۔

علامہ اقبال کے اردو کلام کی چاروں کتابوں کے تمام مصرعوں کو حروفِ تہجی کی مدوں کے تحت جمع کرنا محنت طلب کام ضرور تھا مگر گراں نہ تھا، اس کے بعد مصرعوں کو بین الحروف ترتیب دینی تھی، جس کا مجھے پہلے احساس نہ تھا لیکن یہ کام فی الواقع نہایت کٹھن اور صبر آزما ثابت ہوا۔ تقریباً اتنا ہی جتنا کہ کوہکن کے لئے پہاڑ سے نہر کھودنا۔ لیکن چونکہ لگن تھی ... مشکل کو سر انجام پایا۔ اور اسی مناسبت سے اس کتاب کا نام "جوئے شیر" رکھا گیا۔

میں نے یہ کام ۱۹۷۵ء میں مکمل کر لیا تھا کہ علامہ اقبال کے کلام کے نئے ایڈیشن یعنی کلیات وغیرہ شائع ہوئیں جن کے صفحات کا شمارہ گذشتہ پچاس برس کی مطبوعات سے بالکل مختلف تھا۔ چنانچہ جدید ایڈیشنوں کے صفحات کے حوالوں کے لئے مجھے ایک اور کالم کا اضافہ کرنا پڑا اور بنابریں از سرِ نو ریاضت شروع کی۔ اب جن حضرات کے پاس پرانے ایڈیشن ہیں یا جنہوں نے نئے ایڈیشن خرید لئے ہیں، دونوں اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

یہاں یہ ذکر کر دینا نامناسب نہ ہوگا کہ مشرق و مغرب کے جتنے شاعر گذرے ہیں وہ چاہے شیکسپیئر، ملٹن، بائرن، گوئٹے، شلر، شیلے، کیٹس، ورڈزورتھ، یا ٹینیسن وغیرہ ہوں یا رومی، سعدی، حافظ، فردوسی، عرفی، جامی، وغیرہ یا پھر مومن، میرزا غالب، ذوق، داغ، جوش، جگر۔ کسی کے کلام کا مکمل اور جامع اشاریہ آج تک مرتب نہیں ہوا۔ یہ امتیاز صرف اقبال کو حاصل ہوا ہے اور مجھے فخر ہے کہ قدرت نے اس کام کی سعادت مجھ ناچیز کو بخشی۔

(۴)

علامہ اقبال کے والد بزرگوار شیخ نور محمد ایک عارف باللہ اور درویش منش انسان تھے جن کے زیرِ اثر آپ نے ابتدائی دینی تعلیم حاصل کی۔ ان کی والدہ کی تربیت کا جو اثر ان کی طبیعت پر مرتب ہوا وہ تو ان کی اس نظم سے اخذ ہو سکتا ہے جو انہوں نے "والدہ مرحومہ کی یاد میں" لکھی تھی۔ علامہ اقبال کی ذاتِ گرامی میں علم و عرفان اور فکر و تعمق کی بہت سی خوبیوں کا جمع ہونا محض حُسنِ اتفاق نہ تھا۔ آپ کی تعلیم و تربیت اور ذہنی پختگی اور اعلیٰ کردار کی تخلیق میں صالح اور متقی والدین اور شفیق اور ذہین اساتذہ کا بڑا دخل ہے۔ اس حقیقت کو

لسان العصر اکبر الٰہ آبادی مرحوم نے نہایت دلکش پیرائے میں بیان کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں ؎

حضرتِ اقبال میں جو خوبیاں پیدا ہوئیں　　قوم کی نظریں جو اُن کی طرز کی شیدا ہوئیں

یہ حق آگاہی، یہ خوش گوئی، یہ ذوقِ معرفت　　یہ طریقِ دوستی، خودداریٔ باتمکنت

اِس کے شاہد ہیں کہ ان کے والدین ابرار تھے

باخدا تھے، اہلِ دل تھے، صاحبِ اسرار تھے

علامہ اقبال ایک قادر الکلام اور بلند فکر فلسفی تھے۔ آپ کے اساتذہ میں مولوی میر حسن اور ڈاکٹر آرنلڈ کا نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ مولوی میر حسن ایک جید عالم تھے جن کی سیرت اور بصیرت سے اقبال کو حصولِ فیضان کا موقعہ ملا۔ اپنی خداداد لیاقت اور ذہانت کے باوصف اقبال کا جوہرِ کمال اور ذہنی پختگی مولوی میر حسن کی مرہونِ منت ہے، جنہوں نے اقبال میں شعر کا صحیح ذوق پیدا کیا، اور اقبال نے عمر بھر انہیں اپنا محسن گردانا۔ مشرقی حکماء میں آپ کو خصوصاً مولینا جلال الدین رومی سے شغف تھا جنہیں وہ اپنا روحانی مرشد بھی مانتے ہیں، اور اپنی زندگی کی حرارت اور تڑپ، سوز و گداز، عشق و عرفان اُن ہی سے منسوب کرتے ہیں۔ وہ معترف تھے کہ ان کے دل و دماغ اور فکر و خیال کو رومی کی مشتِ خاک نے کیمیا بنا دیا ؎

مرشدِ رومی حکیم پاک ذات　　رازِ مرگ و زندگی بر ما کشاد

پیرِ رومی خاک را اکسیر کرد　　از غبارم جلوہ ہا تعمیر کرد

باوجودیکہ اقبال کا نام ملتِ پاکستان کے شعور کا جزوِ لاینفک بن چکا ہے، لیکن ابھی عوام اُن کے کلام کی روح تک نہیں پہنچ پائے۔ اُن کے پیام کو عام سطح پر بہت کم لوگوں نے سمجھا ہے۔ ریڈیو اور ٹی وی پر کلامِ اقبال محض غزل سرائی کی صورت میں یا عقیدت کے طور پر تو پیش کیا جاتا ہے لیکن نہ گانے والا اس کو سمجھتا ہے اور نہ سننے والا۔ اقبال کے نادر خیالات، عمیق جذبات، وسیع معلومات، ارفع مشاہدات، اور ان سے نتائج کے استخراج کی شاذ ہی ترجمانی کی جاتی ہے۔ اقبال کا نوجوانوں کے لئے پیغام نوجوانوں تک پہنچ ہی نہیں سکتا کیونکہ اردو فارسی سے وہ بے بہرہ ہی نہیں، انہوں نے روگردانی بھی اختیار کر رکھی ہے اور اس بیگانگی پر فخر بھی کیا جاتا ہے۔ اقبال کی شاعری کا مقصود "تعمیرِ جوہرِ انسانیت" ہے۔ وہ قوم کو بیداری اور حرکت کا پیغام دیتے ہیں، لیکن اقبال زندگی بھر احتجاج کرتے رہے کہ خدارا مجھے غزلخواں نہ سمجھنا۔ مجھے گل و بلبل کے

روایتی افسانوں سے کوئی غرض نہیں۔ چنانچہ بارگاہِ رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وسلم میں رو رو کے عرض کرتے ہیں

من اے خیر الامم! داد از تو خواہم — مرا یاراں غزلخوانے شمردند

اور ایک جگہ اور فرماتے ہیں ؎

نغمہ کجا و من کجا، ساز و سخن بہانہ است — سوئے قطار می کشم ناقۂ بے زمام را

اور پھر ارشاد ہوتا ہے ؎

میری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں محرمِ رازِ درونِ میخانہ!

اور جب وقتِ آخر آپہنچا تو مایوسی کے عالم میں یوں فرما گئے ؎

چوں رختِ خویش بر بستم ازیں خاک — ہمہ گفتند با ما آشنا بود
ولیکن کس ندانست ایں مسافر — چہ گفت، با کہ گفت، از کجا بود

اقبال کے کلام میں بلا کی کشش اور حرارت ہے۔ ان کے دلآویزی فقید المثال ہے! مسلمانوں کے فکر و ادب میں ایسا کوئی شاعر اور مفکر نظر نہیں آتا جس کی فکر اس قدر ہمہ گیر، نظر اس قدر دُور رس، اور بیان اتنا دلآویز ہو۔ اُن کی شعلہ نوائی دلوں میں سوز و گداز اور روح میں ہیجان اور ارتعاش پیدا کرتی ہے۔ اردو شاعری میں پہلی مرتبہ ایک ایسی بلند آہنگ آواز گونجی جس کے آتشیں نفس نے قوم کی اندھیری رات میں ایک شمع فروزاں کر دی۔ اقبال نے قوم کو جھنجوڑ جھنجوڑ کر بیدار کرنے کی کوشش کی۔ اُس کا پیغام حرارت اور حرکت کا پیغام ہے۔ جس میں جوشِ ارتقا ہے، عشق و جنون ہے، جلال و جمال ہے ؎

تخمِ گل کی آنکھ زیرِ خواب بھی بے خواب ہے — کس قدر نشو و نما کے واسطے بے تاب ہے
زندگی کا شعلہ اس دانے میں جو مستور ہے — خود نمائی، خود فزائی کے لئے مجبور ہے
سردیٔ مرقد میں بھی افسردہ ہو سکتا نہیں — خاک میں دب کر بھی اپنا سوز کھو سکتا نہیں
پھول بن کر اپنی تربت سے نکل آتا ہے یہ — موت سے گویا قبائے زندگی پاتا ہے یہ
ہے لحد اُس قوتِ آشفتہ کی شیرازہ بند — ڈالتی ہے گردنِ گردوں میں جو اپنی کمند

خوگرِ پرواز کو پرواز میں ڈر کچھ نہیں
موت اس گلشن میں جز سنجیدنِ پر کچھ نہیں!

اقبال اپنے گرد و پیش کا جائزہ لیتا ہے۔ ماضی و حال پر نگاہ دوڑاتا ہے۔ اس کا دل اپنے شاندار ماضی سے وابستہ ہو جاتا ہے۔ اس کی آنکھیں حال کی عبرتوں پر جمی رہتی ہیں۔ اور وہ ایک تابناک مستقبل کے لئے بے چین ہو کر زندگی کو تازہ پیام دیتا ہے۔ وہ زندگی کی راہیں روشن کرتا ہوا نئی منزلوں کی طرف رہنمائی کرتا ہے اور نئے افق پیش کرتا ہے۔ اُس کی شاعری زندگی کے ہر پہلو کی عکاسی کرتی ہے اور آنے والے دور کی ایک دھندلی سی تصویر دکھلاتی ہے ؎

اپنی خاکستر سمندر کو ہے سامانِ وجود
مر کے پھر ہوتا ہے پیدا یہ جہانِ پیر دیکھ
کھول کر آنکھیں مرے آئینۂ گفتار میں
آنے والے دور کی دھندلی سی اک تصویر دیکھ

اقبال کا فکری پسِ منظر، اُن کی ذہنی اُفتاد، اور اُن کے عصر کا ماحول، کچھ ایسے عناصر تھے جو اُن کی شاعری پر اثر انداز ہوئے بغیر رہ نہ سکے، عثمانیہ یونیورسٹی کے ڈاکٹر ظہیر الدین الجامعی لکھتے ہیں کہ "جس فتنہ پرور عصر میں اقبال کی چشمِ ہوش کھلی اور جو روح فرسا اور ہولناک مناظر اُس کے پیشِ نظر ہوئے، اقبال جیسے بلند مرتبہ شاعر کے قلب و دماغ میں ایک عظیم ہیجان اور بلا خیز طوفان پیدا کرنے کے لئے کافی تھے۔ ایسے ہی تاریک لمحات اور پیچیدہ حالات میں زندگی اپنی راہ آپ متعیّن کر لیتی ہے، اور ایک شفاف اور مصفّٰی قلب شاعر کو آدم گرانہ الہام کے قبول کرنے کے لئے تیار کر دیتی ہے"۔ آگے چل کر لکھتے ہیں، "اقبال نے دیکھا کہ مشرق کی وہ قوم جس نے تاریخ کی سب سے زیادہ بھٹکی ہوئی انسانیت کی راہنمائی کی تھی اپنی عظمت اور سطوت کی بلندیوں سے قعرِ مذلّت و انحطاط میں گری چلی جا رہی ہے، اور اس آثارِ مذلّت کا اس کو کوئی احساس تک نہیں۔ اغیار کی تدبیر کا کشتہ بنی ہوئی ہے۔ اپنی تخریب اور غیروں کی تعمیر اُس کا کام رہ گیا ہے۔ اپنے وجود سے بے خبر لاش کی طرح بے حسی اور ذلّت و خواری کی زندگی گذارنے میں کوئی عار نہیں پاتی۔ پیرانِ کہن غیرت اور حیا سے بیگانہ، نوجوان عورتوں کی طرح مشغولِ تن، دولتمندوں پر بخل اور عیاشی کی لعنت سوار، اُن کی نظر پوست پر محو مغز سے بیگانہ، کسی کے دل میں آرزو کا گذر نہیں گویا ماؤں کے بیٹوں سے مُردے پیدا ہو رہے ہیں۔ راکھ کا ڈھیر ایک قوم تھی جو شرارے سے خالی، اس کا دن اس کی رات سے زیادہ تاریک، کسی نہ کسی طرح سے پیٹ بھرنے کی طالب، اور ہر قیمت پر موت سے بچنے کی فکر مند۔ غاصب کی فرمانروا قوت و شوکت اُس کی معبود، اپنے دین و ایمان کے نقصان میں اُسے اپنا فائدہ دکھائی دیتا۔ وہ صرف آج پر

قانع اور مستقبل کے ہر خیال سے بے فکر، بے عملی کا مجسم نمونہ بنی ہوئی ہے — حق سے بیگانگی نے اسے موت کی نیند سُلا دیا ہے اور اُس کے ہاتھوں قومی وقار از ملّی ناموس کا جنازہ نکل رہا ہے۔ احساس کمتری کی شکار یہ قوم، اغیار کے خوان کے پس خوردہ ٹکڑوں کی گدائی پہ نازاں، دوسروں کے چراغ سے اپنی محفل کب تک روشن کرتی رہے گی ؟ ۔ اقبال نے دیکھا کہ گل و بلبل کے دور از کار افسانوں سے ہٹ کر شعر سے اگر تعمیرِ انسانیت اور آدم گری کا کام لیا جائے تو یکبارگی شاعر کی حیثیت بدل جاتی ہے اور وہ خرافات کی خیالی دنیا میں بھٹکنے کی بجائے وراثتِ پیغمبری کے عظیم تر منصب پر فائز ہوجاتا ہے، اور انسانیت کو زندگی کی تاریکیوں سے روشنی میں نکال لاتا ہے؛ چنانچہ علامہ موصوف خود فرماتے ہیں ؎

شعر را مقصود اگر آدم گری است — شاعری ہم وارثِ پیغمبری است[1]

اقبال کی شاعری میں آدم گری کا سب سے بڑا عنصر خودی اور خودداری ہے

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے مِلّت کے مقدّر کا ستارا

دِیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو مِلّت
ہے ایسی تجارت میں مسلماں کو خسارا

تقدیرِ اُمم کیا ہے؟ کوئی کہہ نہیں سکتا
مومن کی فراست ہو، تو کافی ہے اشارا

اخلاصِ عمل مانگ نیاگانِ کہن سے
شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را

---

[1] شعر کا مقصد ہو گر آدم گری — شاعری ہے وارثِ پیغمبری

۵

اسلام کی پہلی چھ صدیاں تاریخ انسانی میں علوم و فنون، تہذیب و تمدّن، اور عدل و انصاف کا اِک روشن باب ہے، تحصیلِ علم مسلمانوں کے خمیر میں سمویا گیا تھا، شارعِ اسلام کے ارشادات کے مطابق علم ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔ مہد سے لحد تک حصولِ علم کی کوشش کرتے رہو، علم حاصل کرنے کے لئے چین بھی جانا پڑے تو دریغ نہ کرو۔ عالم کی سیاہی شہید کے خون پر بھاری ہے، ہر اچھی چیز تمہاری ہے، اسے چھین لو، اور ہر بُری چیز کو رد کر دو، کلامِ پاک میں فکر و تدبّر کی تلقین ہے، اور تسخیرِ کائنات کی طرف اشارات موجود ہیں، تا اینکہ ؎

کوئی دیکھے تو ہے باریک فطرت کا حجاب اتنا ۔۔۔ نمایاں ہیں فرشتوں کے تبسمہائے پنہانی
یہ دنیا دعوتِ دیدار ہے فرزندِ آدم کو ۔۔۔ کہ ہر مستور کو بخشا گیا ہے ذوقِ عُریانی
فلک کو کیا خبر یہ خاکداں کس کا نشیمن ہے ۔۔۔ غرض انجم سے ہے کس کے شبستاں کی نگہبانی

چنانچہ دَورِ اوّل کے مسلمانوں کو انہی تعلیمات اور بلند اخلاق اور کردار کی بدولت دنیا کی امامت نصیب ہوئی ؎

وہ دانائے سُبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا
نگاہِ عشق و مستی میں وہی اوّل! وہی آخر!
وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ!

"اگرچہ خلافتِ راشدہ کے بعد ملوکیت شروع ہو گئی تھی، اور سلطان مطلق العنان ہو گئے تھے، لیکن اسلامی فقہ پر عمل درآمد جاری تھا اور باوجودیکہ ان چھ صدیوں میں مسلمان روحِ اسلام سے بہت دور ہٹ گئے تھے، لیکن اسلام کی تحریک اس قدر انقلاب آفریں اور اس کی تعلیم اتنی فلاح پرور تھی کہ مسلمان اُس زمانے میں بھی اقوامِ عالم میں پیش پیش تھے" (ماخوذ خلیفہ عبدالحکیم)۔ راجر بیکن جس نے تیرھویں صدی عیسوی میں آکسفورڈ یونیورسٹی کی بنیاد رکھی تھی اسپین کی مسلم یونیورسٹی سے فارغ التحصیل تھا۔ اس کا استاد ابو بکر الرقوطی اپنے وقت کا افلاطونِ زمانہ سمجھا جاتا تھا (ماخوذ: پروفیسر افلالو)

ڈاکٹر ولیم ڈریپر نے اپنی کتاب " ہسٹری آف دی انٹلکچول ڈولپمنٹ آف یورپ"[1] میں تو یہاں تک لکھ دیا ہے کہ اگر عرب اسپین فتح نہ کرتے تو ممکن ہے کہ یورپ کی حالت آج بھی افریقہ کے وحشیوں سے بہتر نہ ہوتی۔
(جلد دوم باب دوم)

اسلامی دنیا تاتاری غارتگری کے بعد علوم و فنون سے بیگانہ ہوتی گئی اور اُس پر علمی ترقی کے دروازے بند ہوتے گئے، حتیٰ کہ تین سو سال سے مسلمان مسلسل زوال پذیر ہیں، اور اس مدت میں یورپ اور امریکہ نے حیرت انگیز ترقی کی۔ برعکس اس کے مسلمان اُن کے دست نگر ہوتے چلے گئے ؎

لے گئے تثلیث کے فرزند میراثِ خلیلؑ — خشتِ بنیادِ کلیسا بن گئی خاکِ حجاز
ہو گئی رسوا زمانے میں کلاہِ لالہ رنگ — جو سراپا ناز تھے ہیں آج مجبورِ نیاز

(۶)

ہندوستان میں شہنشاہ اورنگ زیب کے بعد ۱۷۰۷ء سے سلطنتِ مغلیہ کا زوال شروع ہوا۔ اس کے جانشین جاہ و اقتدار کی ہوس میں آپس میں اُلجھ گئے اور اُن کی صفوں میں ضُعف و انتشار پیدا ہونا شروع ہوا۔ وہ تدبّر اور بصیرت سے محروم ہو گئے۔ اخلاقی گراوٹ حد سے تجاوز کر گئی، انصاف چھوٹ گیا، حق تلفیاں ہونے لگیں، مفاد پرستی نے سب کو آگھیرا۔ رشوتوں کا بازار گرم ہوا۔ حکّام من مانیاں کرنے لگے۔ عزّت و ناموس کو خیرباد کہہ کر سبھی عیش و عشرت اور شراب و رباب میں غرق ہو گئے، اور علم و عرفان کو بالائے طاق رکھ کر دین سے ہاتھ دھو بیٹھے تو اُن پر جہالت مسلّط ہوئی۔ ترقی کی سب راہیں مسدود ہو گئیں، معاشی بدحالی نے زور پکڑا، اور آخر کار وہ ایک پسماندہ قوم بن کر رہ گئے۔

اورنگ زیب کی آنکھ بند ہوتے ابھی چند برس بھی نہ گذرے تھے کہ مُلک میں طوائف الملوکی پھیل گئی۔ بادشاہ گر پیدا ہوئے۔ بارہ سالوں میں آٹھ بادشاہ بدلے۔ صوبے خود مختار ہونے لگے۔ مرہٹوں اور سکھوں نے تباہی مچا دی، انگریز اور فرانسیسیوں نے جا بجا قبضے جمانے شروع کر دیئے۔ ابھی سلطنت کا شیرازہ بکھر رہا تھا کہ ناگہاں نادر شاہ نے ۱۷۳۹ء میں ایران سے دہلی پر دھاوا بول دیا اور دہلی کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ قتلِ عام ہوا، اور جب

---

[1] HISTORY OF INTELLECTUAL DEVELOPMENT OF EUROPE
BY : WILLIAM DRAPER Book II, Vol. II

خون ریزی ہو چکی تو سونا چاندی اور شاہی خزانے پر جھاڑو پھیر کر تختِ طاؤس بھی ساتھ لے گیا۔ محمد شاہ رنگیلا نشہ میں مخمور مُنہ دیکھتا رہ گیا، اور بیچارا کرتا بھی کیا! نادر شاہ کے بعد مرہٹے پھر زور پکڑ گئے اور دہلی کے گرد و نواح میں پھر غارتگری شروع کر دی۔ طاقت کے نشے میں چُور وہ پنجاب تک جا نکلے۔ پانی پت کے میدان میں ۱۷۶۱ء میں اُن کی ٹکر احمد شاہ ابدالی سے ہو گئی جس میں مرہٹوں کو شکست ہوئی۔ لیکن احمد شاہ ابدالی تخت و تاج پھر مغلوں کے حوالے کر کے خود واپس افغانستان چلا گیا۔ اُن دِنوں ہندوستان میں سازشیں اور ریشہ دوانیاں زوروں پر تھیں۔ غداروں اور مفاد پرستوں کا جال بچھا تھا۔ بنگال میں سراج الدولہ کی انگریزوں سے ٹکر ہو گئی۔ میر جعفر اور میر قاسم نے عین وقت پر دھوکہ دیا اور خطیر رقمیں لے کر انگریزوں سے مل گئے اور اپنی فوجوں کو حرکت میں نہ لائے۔ چنانچہ سراج الدولہ کو پلاسی کے میدان میں ۱۷۵۷ء میں ہزیمت اٹھانی پڑی۔ اس جنگ کے بعد انگریزوں کے قدم ہندوستان میں جم گئے۔ اب مغل بادشاہ بالکل بے بس اور بے اختیار ہو گئے تھے۔ شاہ عالم ثانی (۱۷۵۹ء تا ۱۸۰۶ء) نے سلطنت کے تمام انتظامات انگریزوں کے ہاتھ ایک وظیفے کی رقم کے عوض دے دیئے اور اپنے اختیارات لال قلعے تک محدود کر کے انگریزوں کی مختاری قبول کر لی۔

جنوبی ہند میں میسور کے گرد و نواحی علاقے میں سلطان فتح علی ٹیپو ایک بیدار مغز حکمران تھا جس نے یورپین اقوام کی برتری کے اسباب جانچ لئے تھے اور اس نے اپنی فوجوں کی تربیت بھی انہیں اصولوں پر کی تھی، اور جدید تعلیمی اداروں کو فروغ دیا تھا اس کے ساتھ ہی اُس نے جذبہ ملی کو بھی بیدار کرنا چاہا۔ لیکن اُس کی پُشت پر کوئی بیدار قوم نہ تھی جو تحقیقاتِ علم میں مشغول رہتی اور نت نئے تجربے کر کے قوم کا شعور اور معیارِ فکر بڑھاتی۔ پھر اپنے پرائے سبھی سلطانِ مظلوم پر یلغار کر کے پل پڑے اور اتنی مہلت نہ دی کہ وہ اپنے منصوبوں کو پروان چڑھاتا۔ بالآخر اندرونی اور بیرونی سازشوں کا شکار ہو گیا اور ۱۷۹۹ء میں سرنگا پٹم کے میدان میں انگریزوں، مرہٹوں اور نظام دکن کی متحدہ فوجوں کے نرغے میں آ کر اچانک ایک گولی لگنے سے شہید ہو گیا۔

جعفر از بنگال، صادق از دکن ؛ ننگِ آدم، ننگِ دیں، ننگِ وطن

اسی افراتفری کے زمانے میں ایک اصلاحی تحریک کا آغاز ہوا، یہ تحریک حضرت شاہ ولی اللہؒ کے ایما پر شروع ہوئی تھی جس کا مقصد مسلمانوں کے عقائد کی اصلاح، اور اُن غیر اسلامی رسموں کی بیخ کنی کرنی تھی جو اُن میں رواج پا رہی تھیں اور جو اُن کے کردار اور ضمیر کو تباہ کر رہی تھیں۔ لیکن جب سلطان شہید بھی قومی جمود اور نااتفاقی کی نذر ہو گئے تو خطرے کا احساس شدید ہو گیا اور یہ تحریک تبلیغِ دین اور اصلاحِ نفس تک ہی محدود نہ رہی بلکہ شاہ عبدالعزیز کے زمانے میں اِس تحریک نے حمایتِ حق کے لئے تلوار اٹھانے کا عزم کیا، اور سید احمد شہید اور شاہ اسمٰعیل کی سرکردگی میں مسلمانوں کی منتشر قوّت کو یکجا کرنے کی کوشش کی گئی۔ یہ تحریک سارے ملک کے طول و عرض میں پھیل گئی اور اس کی جڑیں مسلمانوں کے قلوب کے اندر جا بسیں، اور عامۃ المسلمین پوری تندہی کے ساتھ جنگِ آزادی کے لئے منظم ہونا شروع ہو گئے، اور تربیتِ حرب و ضرب کے لئے مختلف مراکز بنائے گئے، تاکہ انگریزوں اور سکھوں کے ساتھ ایک فیصلہ کن ٹکر لی جا سکے۔ سکھوں نے پنجاب اور سرحدی علاقوں میں مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر رکھا تھا۔ اس لئے فیصلہ ہوا کہ پہلے سکھوں سے جہاد کیا جائے، چنانچہ جانبازوں کا لشکر راجپوتانہ، سندھ، بلوچستان، قندھار اور کابل کا چکر کاٹتا ہوا اور سفر کے آلام و مصائب جھیلتا درۂ خیبر میں وارد ہوا، اور سکھوں کو پشاور سے مار بھگایا اور پشاور میں اسلامی اصولوں کے مطابق حکومت کی بنیاد ڈالی۔ پہلے تو پٹھانوں نے مجاہدین کو اپنی کھلی حمایت کا یقین دلایا، لیکن جب مجاہدین نے پٹھانوں کے قبائلی روایات میں دخل اندازی کی، جو اُن کی "پختون" روایات کے منافی تھی، تو یوسف زئی پٹھانوں نے سرکشی کی۔ سکھوں نے مخبروں کا جال پھیلا رکھا تھا۔ انھوں نے اِس صورتِ حال سے فائدہ اٹھایا اور خوانینِ پشاور کے ساتھ گفت و شنید کے لئے جاسوس چھوڑ دیئے۔ آخر کار سکھ اپنی ریشہ دوانیوں میں کامیاب ہو گئے اور پٹھان اُن کے جھکّے میں آ گئے۔ مجاہدین کی سکھوں کے ساتھ آخری لڑائی ۱۸۳۱ء میں بالاکوٹ کے مقام میں لڑی گئی جس میں سکھ کامیاب رہے۔ سید احمد اور شاہ اسمٰعیل دونوں شہید ہو گئے اور یہ اسلامی حکومت دو سال کے مختصر عرصے میں ختم ہو گئی۔ ممکن ہے کہ اگر مجاہدین، پٹھانوں کے رسم و روایات میں دخل نہ دیتے تو شاید یہ اسلامی حکومت سرحد میں دیرپا ہوتی۔ پٹھان اسلام کا شیدائی ہے لیکن اسلامی انقلاب و فلاح سے ناواقف ہے اور اپنی "پختو" کا اس قدر دم بھرتا ہے کہ اسی کو اسلام کا جزو سمجھتا ہے، اور اس پر سختی سے قائم ہے، اور مُلّا اس کو مزید گمراہ کرتا ہے۔

شاہ ولی اللہؒ کے جانشینوں کا انگریزوں کے خلاف جہاد کا سلسلہ تقریباً نصف صدی تک جاری رہا اور منافرت یہاں تک پھیلی کہ انگریزی پڑھنا اور انگریزی طور طریقے اپنانا کفر اور بے دینی قرار دیئے گئے۔ یہ کسی جاہل مُلّا کا فتویٰ نہ تھا بلکہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ایسے فتوے جاری کئے گئے تھے تاکہ انگریز جو ملک و قوم کے دشمن سمجھے جاتے تھے ان کے خلاف قوم میں نفرت کے جذبات شرعی فتووں سے ابھارے جائیں۔

سیّد احمد شہید اور ان کے ساتھیوں کی اپنی قوتِ ایمانی، زُہد و تقویٰ، جوش و ولولہ، صبر و ایثار اور عظیم ترین قُربانیوں کے باوجود انہیں فی الوقت کامیابی نہیں ہوئی۔ وجوہات کچھ ہی ہوں یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ کوئی قوم بحیثیتِ قوم، جب مادی قوت، قومی کردار، فکری اجتہاد اور جدّت طرازی سے محروم ہو جاتی ہے اور ذہنی جمود اور اخلاقی انحطاط کا شکار ہو جاتی ہے تو محض جوش اور جذبہ اُسے کوئی قوت نہیں بخش سکتا ؎

رِشتی کے فاقوں سے ٹوٹا نہ برہمن کا طلسم   عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کارِ بے بُنیاد!

بااین ہمہ، سیّد احمد شہیدؒ نے جس مقصد کے لئے تلوار اٹھا کر جہاد کا عزم کیا تھا وہ مقصد حاصل ہو گیا۔ وہ مقصد ایک نصب العین کا شعور تھا۔ تاریخ ایک دن یا ایک سال میں نہیں بنتی۔ صدیاں لگتی ہیں۔ صرف ہر قدم نصب العین کی طرف تاریخ ساز ہونا چاہئے۔ ایک دفعہ کی ناکامی کوئی ناکامی نہیں بشرطیکہ منزل فراموش نہ کر دی جائے۔ چیونٹی بار بار دیوار پر چڑھنے کی کوشش کرتی ہے تو بالآخر کامیاب ہو ہی جاتی ہے۔

یورپین اقوام کے غلبے کو روکا نہیں جا سکتا تھا۔ جو حالات اور واقعات ملک کو درپیش تھے انگریزوں کا تسلط پا جانا ناگزیر ہو چکا تھا۔ ہندوستان میں اگر ایک ہی قوم آباد ہوتی تو شاید حالت مختلف ہو سکتی تھی۔ درحقیقت جو جنگ اس وقت جاری تھی وہ دو نظاموں کے درمیان تھی۔ ایک جمود زدہ اور فرسودہ ہو چکا تھا، اُس پر غفلت اور بے حسی کے سائے طاری تھے اور وہ ناعاقبت اندیشی اور قدامت پرستی کا شکار ہو چکا تھا۔ دوسرا نظام قومی بیداری سے سرشار تھا، عقل و دانش کی افزائش تھی، فرض شناسی کے شعور اور نظم و ضبط کی پابندی اور مادی وسائل کی فراوانی سے معمور تھا اور فطرت کے جہد للبقا اور بقا لاصلح کے اٹل قانون پر کاربند ہے۔ چنانچہ اب خطرہ صرف برّ صغیر کے مسلمانوں کو ہی نہ تھا بلکہ سارا عالمِ اسلام اِس کی زد میں تھا۔

حضرت سیّد احمد شہیدؒ نے اپنے ملفوظات میں لکھا ہے: "اس وقت دنیا میں اسلام کا سب سے زیادہ

خوفناک اور مکار دشمن انگریز ہے۔ انگریز کی ریشہ دوانیوں نے اسلامی ممالک کو اغیار کا غلام بنانے کے منصوبے بنا رکھے ہیں۔ برٹش امپریلزم کا مقصد اسلام کو تباہ کرنا اور صلیبی لڑائیوں کی شکست کا بدلہ لینا ہے۔"
وہ کہتے ہیں، "اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کا وقت آپہنچا ہے اور اس کی ابتدا اقامتِ دین کے مقدس فریضے سے ہوگی۔ اقامتِ دین کا مطلب یہ ہے کہ خود مسلمانوں کو اسلامی شعائر اور تعلیمات کا پابند بنانے کی کوشش کی جائے تاکہ کذب و افترا، رشوت ستانی، خویش پروری، اقربانوازی، ملت فروشی اور غداری کے مہلک امراض سے نجات پاکر اور نئے سرے سے متحد ہو کر انگریزوں کو ہندوستان سے نکالیں تاکہ یہاں خلافتِ علیٰ منہاج قائم ہو اور فرقہ پرستی سے بالاتر ہو کر اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑلیں اور ہندوستان کو اعلائے کلمۃ الحق کا ایک مرکزی نکتہ بنائیں تاکہ امن و انصاف، اخوت و مساوات کا دور دورہ ہو۔"

(۸)

مؤرخین نے مسلمانوں کے زوال کا نکتہ آغاز یورشِ تاتار اور سقوطِ قرطبہ بتایا ہے جو کہ تیرھویں صدی عیسوی کا وسط ہے، اور یہی زمانہ مغرب کی نشاۃِ ثانیہ کا آغاز کہلاتا ہے۔ اہلِ نظر نے تیرھویں صدی سے پہلے ہی محسوس کر لیا تھا کہ ملت اسلامیہ تباہی کی طرف بڑھ رہی ہے، اور وہ اس نتیجے پر پہنچ چکے تھے کہ اس کمزوری کا اصل سبب مسلمانوں میں اسلامی کردار کا فقدان ہے۔ لیکن مطلق العنان بادشاہوں کے سامنے ان کی کچھ نہ چلی۔ اسلامی کردار کی بنیاد اللہ تعالیٰ کے ڈر یعنی تقویٰ پر رکھی گئی ہے، مگر سلاطین کے زد میں مسلمان کے سر پر غیر اللہ کا خوف زیادہ سوار تھا۔ ع "ہے تمہیں موت کا ڈر، ان کو خدا کا ڈر تھا"

قرونِ اُولیٰ کے جوش و خروش اور دورِ حاضرہ میں فرق یہ ہے کہ قرونِ اُولیٰ کے مسلمانوں کو ایک مکمل جمہوری نظام نے بے پناہ اجتماعی قوت بخش دی تھی۔ ان کے ذہنی جمود میں ایک عظیم انقلاب آگیا تھا۔ اُن کی ہر فکر و حرکت میں خود اعتمادی کا جذبہ کارگر تھا۔ اُن کا ایمان چٹان سے زیادہ مضبوط، اور حوصلے بے انتہا بلند تھے۔ بھیڑ بکریوں کے یہ چرواہے، لکڑہارے اور شتربان، "تدبر و تیقن، حریت و مساوات اور اخوت کی برکتوں سے ایسے سرشار ہوئے کہ بڑے بڑے شہنشاہوں کے درباروں میں زلزلے برپا کر دیئے۔ ان کی جنگ، استبدادیت کے خلاف جنگ تھی، جمود اور قدامت پرستی کے خلاف جنگ تھی، وہ انسانی حقوق کے لئے لڑے، اور نوعِ انسانی کو غلامی سے چھڑایا۔ وہ عدل و انصاف کے علمبردار تھے، خدا کے خوف اور اسوۂ رسولؐ کی اتباع کی بدولت وہ کسی ناجائز کام کا ارتکاب نہ کرتے۔ وہ قدیم علوم اپناتے رہے، اور جدید علوم میں اضافہ کرتے رہے، سائنسی تجربات کی بنیاد انہوں نے ہی ڈالی اور نت نئے تجربات

جاری رکھے جس سے روز افزوں قدرت کے انکشافات ظہور میں آئے۔ لاکھوں کتابیں لکھیں، جو آج بھی یورپ کی مختلف یونیورسٹیوں اور عجائب گھروں میں موجود ہیں۔ یورپ کی نشاۃِ ثانیہ میں جو سائنسی، فلسفی، طبّی اور فلکیاتی انکشافات یورپ نے اپنے دانشوروں کے نام منسوب کر رکھی ہیں آج ثابت ہو رہا ہے کہ دراصل وہ مسلمان سائنسدانوں کی کاوشوں کا نتیجہ تھیں۔ تب ہی تو اقبالؔ نے کہا ؎

مگر وہ علم کے موتی، کتابیں اپنے آبا کی ٭ جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سی پارہ

ان فرزندانِ توحید کا کردار، فرض شناسی، بیدار مغزی، دُور اندیشی، الوالعزمی، مروّت، احسان اور نیکی پر مبنی تھا۔ نظم و ضبط کے پابند، عہد و پیماں پہ کاربند، حریت و مساوات کے علمبردار، عدل و انصاف کے پیروکار، علم جوئی اور تجسس کے شیدائی، خدا اور رسولؐ کے فدائی، سپہ گری کے متوالے، موت سے نڈر، خلوص اور ایثار ان کا شیوہ تھا۔ اُن کی توجہ ہر آن مادی وسائل کی توسیع اور آلاتِ حرب و ضرب اور سامانِ جیش کی فراہمی پر لگی رہتی تھی۔ علامہ اقبال مسلم نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے نوحہ خواں ہیں ؎

غرض میں کیا کہوں تجھ سے کہ وہ صحرا نشیں کیا تھے ٭ جہاں گیر و جہاں دار و جہانبان و جہان آرا
تمدن آفریں، خلاقِ آئینِ جہانداری ٭ وہ صحرائے عرب، یعنی شتربانوں کا گہوارا

علامہ اقبال قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کا کردار بیان کرتے ہوئے اپنی نظم "صقلیہ" میں رقمطراز ہیں ؎

اِک جہانِ تازہ کا پیغام تھا جن کا ظہور ٭ کھا گئی عصرِ کہن کو جن کی تیغِ ناصبور
مُردہ عالم زندہ جن کی شورشِ قُم سے ہوا ٭ آدمی آزاد زنجیرِ توہّم سے ہوا
زلزلے جن سے شہنشاہوں کے درباروں میں تھے ٭ بجلیوں کے آشیانے جن کی تلواروں میں تھے

غلغلوں سے جن کی لذت گیر اب تک گوش ہے
کیا وہ تکبیر اب ہمیشہ کے لئے خاموش ہے؟

اس کے برعکس، موجودہ دور کے مسلمانوں کی زندگی کی عکاسی کرنا، کیا خود ڈوب مرنے کے مترادف نہیں؛ جارج برنارڈ شا نے کتنے مختصر اور جامع الفاظ میں کہا تھا کہ اگر دنیا میں مَیں نے کوئی بہترین چیز دیکھی ہے تو اسلام ہے اور جو بدترین چیز دیکھی وہ مسلمان ہے۔ کس قدر صداقت آمیز الفاظ ہیں یہ! ؎

دیکھ تو اپنا عمل، تجکو نظر آتی ہے کیا؟ ٭ وہ صداقت جس کی بیباکی تھی حیرت آفریں!
تیرے آبا کی نگاہ بجلی تھی جس کے واسطے ٭ ہے وہی باطل ترے کاشانۂ دل کا مکیں!
وہ نشانِ سجدہ جو روشن تھا کوکب کی طرح ٭ ہو گئی ہے اس سے اب ناآشنا تیری جبیں!
غافل! اپنے آشیاں کو آ کے پھر آباد کر ٭ نغمہ زن ہے طورِ معنی پر کلیمِ نکتہ بیں!

⑨

مجاہدینِ اسلام نے انگریزی اقتدار کی ہر ممکن مخالفت کی، لیکن انگریزوں نے مسلمانوں کے جذبۂ آزادی کو کچلنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ اُس وقت مغلیہ خاندان کے آخری تاجدار ابوظفر بہادر شاہ ثانی کی برائے نام حکومت لال قلعہ کی چار دیواری تک محدود تھی۔ انگریزی عملداری میں ہندوستانی فوجوں نے انگریزوں کے خلاف بغاوت کر دی، اور وہ جنگِ آزادی لڑنے کے لئے قیادت کا سہارا لینے اسی آخری تاجدار کے پاس پہنچے۔ لیکن حالات سازگار نہ تھے، یا منشائے ایزدی نہ تھی، کامیاب نہ ہو سکے۔ اس میں فطرت کا اٹل قانون کار فرما تھا اور غفلت کی عبرتناک سزا مقدر تھی، جس سے تاریخِ عالم تشکیل پاتی ہے۔

فطرت، افراد سے اغماض بھی کر لیتی ہے
کبھی کرتی نہیں ملّت کے گناہوں کو معاف

اور اس طرح مغلیہ سلطنت کا آخری ٹمٹماتا چراغ بھی ۱۸۵۷ء میں گُل ہو گیا۔ بہادر شاہ ظفر کے تینوں لڑکے ہلاک کر دیئے گئے اور بادشاہ کو جلا وطن کر دیا گیا۔ شہنشاہ عالم پناہ نے غریب الوطنی میں بڑی بے بسی کے ساتھ زندگی کے آخری حسرتناک دن پورے کئے ؎

عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے، دو انتظار میں
کتنا ہے بدنصیب ظفر دفن کے لئے — دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

اور پھر فرمایا ؎

نہ گھر ہے، نہ دَر ہے، یہاں اک ظفر ہے
فقط حالِ دِلّی سنانے کے قابل!

مغلیہ سلطنت کا یہ المناک دور بہادر شاہ اوّل (۱۷۰۷ء) سے بہادر شاہ ثانی (۱۸۵۷ء) پر ختم ہوا۔ دراصل انگریزوں کی کامیابی ہمارے حکمرانوں کے اندر پائی جانے والی کمزوریوں اور غفلتوں کی آئینہ دار ہے۔ ورنہ ایک عاقبت اندیش اور منظّم قوم غیروں کے ہتھکنڈوں کی پیش از وقت مدافعت کا انتظام کرنے میں کیسے ناکام ہو سکتی ہے؟ ہمارے حکمرانوں نے تو پہلے ہی سے ہاتھ پاؤں ڈھیلے چھوڑ دیئے تھے ؎

افسوس! صد افسوس! کہ شاہیں نہ بنا تو — دیکھے نہ تری آنکھ نے فطرت کے اشارات

تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے
ہے جُرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات!

۱۰

یہاں غیر مناسب نہ ہوگا اگر میں چند سطریں جاپان کی سترہویں صدی کی تاریخ سے دہراؤں۔ جاپان پانچ سو سال سے سخت قبائلی خانہ جنگیوں کا شکار ہو رہا تھا، اور اب سترہویں صدی کے شروع میں دو بڑے قبیلے اپنی برتری جتانے کے لیے برسرپیکار تھے۔ اُن دنوں پرتگیزی، ولندیزی، ہسپانوی اور برطانوی سبھی اپنی ریشہ دوانیوں اور مال و دولت کی لوٹ کھسوٹ میں مصروف تھے۔ "ٹاکوواگا" قبیلے کا سردار "اَیا یاسو" ستر سالہ تجربہ کار جرنیل تھا، اور "ٹویوٹومی" قبیلے کا سردار "ہیڈے یوری" ایک نوعمر لڑکا تھا جو خود تو جنگجو نہ تھا لیکن اس کا باپ ایک بہت بڑا حکمران اور سپہ سالار ہو گذرا تھا۔ اس لئے اِس نوعمر "ہیڈے یوری" کے پاس نہایت تجربہ کار جرنیل اور سردارانِ فوج تھے۔ "اوکاسا" میں اس کا قلعہ بھی نہایت مضبوط اور ناقابلِ تسخیر تھا۔ یہ لڑکا پرتگیزیوں کی طرف راغب تھا اور اُن کو اور اُن کے پادریوں کو کافی مراعات دے رکھی تھیں، جو اس کے زیرک حریف "اَیا یاسو" کو ایک آنکھ نہ بھاتیں۔ اور وہ دیکھ رہا تھا کہ ان غیروں کا اثر و رسوخ اور مداخلت جاپان کے مفاد اور سلامتی کے یکسر منافی ہے۔ "اَیا یاسو" قومی ترقی اور جدید تعلیم اور صنعت و حرفت کا خود بھی حامی تھا لیکن وہ قومی ترقی کے لئے اپنے ہی وسائل بروئے کار لانا چاہتا تھا۔ دوسروں کا دستِ نگر نہیں بننا چاہتا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ جاپان میں ایک ہی حکومت قائم ہو اور ایک ہی پالیسی زیرِ عمل ہو۔ چنانچہ اس نے تمام طاقت اور وسائل کو مرتکز کر کے کمال تدبّر اور تصمیم قلب کے ساتھ اپنے حریف پر حملہ کر دیا اور سخت خونریز لڑائی کے بعد "اوکاسا" کا قلعہ سر کر لیا، اور "ٹویوٹومی" خاندان کے ایک ایک فرد کو تہِ تیغ کیا۔ کسی مزاحمت کا کوئی امکان باقی نہ چھوڑا، اور چھوٹے چھوٹے بچوں کو بھی قتل کر وا دیا۔ اس کے بعد جن پرتگیزیوں نے جنگ میں حصہ لیا تھا، اُن کو صلیبوں پر لٹکوایا اور باقیوں کو فوراً نکل جانے کا حکم دیا۔ ایک سال بعد ولندیزی اور ہسپانوی بھی نکالے گئے اور ان کی کوٹھیاں، املاک اور کارخانے ضبط کر لئے گئے۔ انگریز یہ دیکھ کر خود ہی بھاگ کھڑے ہوئے۔ "اَیا یاسو" کی اس سخت گیری نے ملک کو غیروں کی دستبرد سے بچا لیا۔ "ٹاکوواگا" خاندان نے مشترکہ جاپان پر ۱۶۱۵ء سے ۱۸۵۳ء تک حکومت کی، اور اپنے مُورثِ اعلیٰ کی پالیسی پر گامزن رہے۔ جاپان کا قانونِ تعزیرات اس قدر سخت تھا کہ کسی کو دخل اندازی کی ہمت ہی نہیں پڑتی تھی۔ جھوٹ بولنے تک کی سزا موت تھی۔

اس طرح جاپان نے اپنے اخلاقی قدروں کو برقرار رکھا اور جدید تعلیم اور صنعت و حرفت میں ہر طرح

کاکمال اپنے وسائل سے پیدا کیا۔" ایا یاسو" نے خود جاپانی تجربہ کی بنیاد وقتی تقاضوں کے مطابق رکھی اور اپنی قوم کو چوکنا رہنے کی وصیت کی اور ان کے لئے ایک منضبط لائحہ عمل چھوڑ گیا۔ اس کے برعکس مغلیہ سلطنت ایک پکے ہوئے پھل کی طرح انگریزوں کی جھولی میں جا پڑی

(۱۱)

انگریزوں کے ہندوستان پر مکمل تسلط جما لینے کے بعد مسلمانوں کو جن ہولناک حالات کا سامنا کرنا پڑا اور جو جور و ستم اُن پر غدر کے بعد ڈھائے گئے اُن کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے خود انگریز مؤرخ کانپ اٹھتے ہیں۔ حریت پسند اور حق پرست علماء کو چن چن کر تختۂ دار پر لٹکایا گیا۔ خاندانوں کے خاندان تہس نہس کر دیئے گئے اور دہشت پھیلانے کے لئے ایک مخلوقِ خدا کو یا تو موت کی گھاٹ اتارا یا کالا پانی بھیج دیا گیا اور عام مسلمانوں پر معاش کے تمام دروازے بند کر دیئے گئے۔ صنعتوں کا تباہ کر ڈالا اور ذاتی املاک ہندوؤں کے پاس گروی ہونے لگیں۔ مسلمانوں کے لئے یہ بڑا کٹھن اور آزمائشی دور تھا۔ ہر طرف بے بسی اور مایوسی چھائی ہوئی تھی

اِن بدلے ہوئے حالات میں قدرت نے مسلمانوں کو ایک باہمت، بالغ نظر، اور مدبّر راہنما بخشا۔ یہ سر سیّد احمد خاں کی شخصیت تھی۔ غدر کے بعد جنگِ آزادی کے ہولناک اثرات دیکھ کر اُن کو یہ احساس پیدا ہوا کہ اب انگریزی حکومت پوری قوت کے ساتھ ہندوستان پر مسلط ہو گئی ہے اور اس تسلط کو اس وقت ختم کرنا ممکن نہیں۔ اس لئے انہوں نے قومی قوتوں کو اس کام میں کھپانا لاحاصل سمجھا۔ سر سیّد نے اِن ناکامیوں کے اسباب پر غور کیا، اور اس نتیجے پر پہنچے کہ جب تک مسلمانوں کا ذہنی جمود اور تعطّل دور نہ ہو گا اور وہ علومِ حاضرہ کو اپنا نہ لیں گے اور مادی وسائل سے بہرہ ور نہ ہوں گے اُس وقت تک اُن کے حالات کے سُدھرنے کے کوئی امکان نہیں۔ مسلمانوں کے لئے ذریعۂ معاش کے جو سرکاری دروازے بند تھے وہ بھی انگریزی تعلیم ہی کے ذریعے کھولے جا سکتے تھے۔ اس لئے سر سیّد نے ایک تعلیمی ادارے کی تاسیس کی ضرورت محسوس کی اور علیگڈھ کالج کی بنیاد ڈالی، جو سر سیّد کی انتھک کوششوں سے وجود میں آیا۔ یہ مقصد انگریزوں کے تعاون کے بغیر حاصل نہ ہو سکتا تھا۔ سر سیّد نے مسلمانوں کو انگریزوں کے قریب لانے اور انگریزی کو اپنانے پر زور دیا۔ خود انگریز بھی یہ چاہتا تھا کہ ہندوستان میں مغربی تہذیب کی ایک بگڑی ہوئی شکل اس طرح رائج کی جائے جو ہندوستانیوں کے قومی کردار اور ذہنی صلاحیتوں

کو ختم کر کے ہندوستان میں مغربی تقلید اور غلامانہ ذہنیت کی راہ ہموار کر دے ۔ لارڈ میکالے کی تعلیمی پالیسی جو اُس نے ہندوستانیوں کے لئے وضع کی تھی اُس کا لُبِ لباب بھی یہی تھا کہ ہندوستان کے نچلے طبقے کو "بابو" بننے تک محدود رکھا جائے اور اونچے طبقے کو "دیسی انگریز" کا نمونہ بنایا جائے ۔ ہندو تعلیم حاصل کرنے میں پیش پیش تھے لیکن مسلمانوں نے انگریزی تعلیم و تمدّن کو کُفر قرار دے رکھا تھا، اس لئے انگریزوں کو بھی مسلمانوں میں ایک انگریز پرست قیادت کی ضرورت تھی اور وقت کے تقاضے کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے سرسید نے اس خلا کو پُر کیا۔

سرسیدؒ ۱۸۶۹ء میں انگلستان بھیجے گئے جہاں وہ مغربی تہذیب کی جگمگاہٹ سے بے حد متأثر ہوئے ۔ وہ مغرب کی چکا چوند تہذیب سے اس قدر مرعوب تھے کہ مغربیت کو مسلمانوں کی نجات تصوّر کرنے لگے ۔ وہ چاہتے تھے کہ شائستگی اور تہذیب و تمدّن میں مسلمان انگریزوں سے پیچھے نہ رہیں ۔ مغربی تہذیب و تمدّن کی ترویج کیلئے انہوں نے ایک رسالہ "تہذیب الاخلاق" نکالا اور محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے نام سے ایک انجمن قائم کی اور انگریزی علوم و فنون کے ساتھ انگریزی طرزِ معاشرت کو بھی اپنانے کے لئے قوم پر زور دیا ۔ انگریزی تعلیم ذریعہ معاش تو ہوسکتی تھی لیکن اس کے ساتھ "دیسی صاحب" بننا کوئی ضروری نہ تھا ۔ چنانچہ ہندوؤں نے ایسی ہی کیا، انھوں نے انگریزی تعلیم کے ساتھ سادہ زندگی اور اپنے قومی طور طریقے برقرار رکھے اور کفایت شعاری کو اپنی عادتِ ثانیہ بنالیا۔

علیگڈھ کالج کے طلبا فیشن کے دلدادہ ہو گئے ۔ مغربی آدابِ مجلس، خورد و نوش، نقل و حرکت، اور لباس تک میں انگریزوں کی نقّالی کرنے لگے اور فکر و خیال میں الحاد و بے دینی راہ پانے لگی اور طرفہ تماشا یہ کہ ہر دیسی چیز کو ذلّت اور حقارت کی نظر سے دیکھا جانے لگا ۔ اور ہر ولایتی چیز پر ناز کیا جاتا یہی انگریز کی منشا تھی!

لیکن اگر مسلمان نوجوانوں کو مغربی آداب اور انگریزی نقالی کی ترغیب دینے کی بجائے سیرت و کردار کی پختگی کی تعلیم بھی دی جاتی تو مسلمانوں میں بے راہروی کی بنیاد نہ پڑتی اور ضمیر کی بیداری اور احساسِ زیاں کی کوئی راہ نکل آتی ۔ موجودہ تعلیم میں انگریز کی نوکری حاصل کرنے کے سوا قومی تعمیر کا کوئی خاکہ نہ تھا۔ علّامہ اقبال نے اس صورتِ حال کا جائزہ مندرجہ ذیل نظم میں لیا اور خبردار کیا کہ انگریزوں کی چالاکی کا جادو مسلمانوں پر چل گیا ہے ؎

حرارت ہے بلا کی بادۂ تہذیبِ حاضر میں — یہ رعنائی، یہ بیداری، یہ آزادی، یہ بیباکی !
تغیر آگیا ایسا تدبر میں، تخیل میں — ہنسی سمجھی گئی گلشن میں غنچوں کی جگر چاکی !
حیاتِ تازہ اپنے ساتھ لائی لذتیں کیا کیا — رقابت، خود فروشی، ناشکیبائی، ہوسناکی !
کیا گم تازہ پروازوں نے اپنا آشیاں لیکن — مناظر دلکشا دِکھلا گئی ساحر کی چالاکی !
فروغِ شمعِ نو سے بزمِ مسلم جگمگا اٹھی — مگر کہتی ہے پروانوں سے میری کہنہ ادراکی !

"توائے پروانہ! ایں گرمی زشمعِ محفلے داری !
چومن در آتشِ خود سوز، اگر سوزِ دلے داری !"

پھر اس حقیقت کو بھی محسوس کیا کہ تعلیم کے ساتھ الحاد اور دین سے بیزاری بھی چلی آرہی ہے، اور پرانی قدریں پامال ہورہی ہیں ؎

خوش تو ہم بھی ہیں جوانوں کی ترقی سے مگر — لبِ خنداں سے نکل جاتی ہے فریاد بھی ساتھ
ہم سمجھتے تھے کہ لائے گی فراغت تعلیم — کیا خبر تھی کہ چلا آئے گا "الحاد" بھی ساتھ

"تخمِ دیگر بکف آریم و بکاریم ز نو
کانچہ کشتیم ز خجلت، نتواں کرد درو"

بہرحال سرسیدؔ نے جو قدم اٹھایا تھا وہ انگریزی تسلط کے بعد ہندوستان کے مسلمانوں کی تاریخ میں پہلا قدم تھا، جس میں لامحالہ ٹھوکریں بھی تھیں اور راہ کی تلاش بھی۔ ان کا اصل مقصد احیائے ملی تھا اور ان کا دل صداقت کے جذبات سے معمور تھا —— وہ قوم کی نشاۃِ ثانیہ کے روحِ رواں تھے۔ انہوں نے بوسیدہ رسم و رواج کا قلع قمع کیا، اور خیالات کی کایا پلٹ دی۔ وہ اِس دَور کے مسلمانوں کے پہلے سیاسی قائد تھے جنہوں نے مسلمانوں کے لئے جداگانہ قوم کا احساس بیدار کیا، اور فی الحقیقت وہی "دوقومی نظریہ" کے بانی تھے۔ ذیل کی چند سطریں نسیم الظفر صاحب کی کتاب "شب چراغ" سے اقتباس ہیں:۔

"سرسیدؔ کے گرد اُس زمانے کی ممتاز ترین شخصیتیں اس طرح جمع ہوگئیں جیسے شمع کے گرد پروانے، سب کے سب اہلِ قلم ادیب اور شاعر تھے۔ سب نے اپنی اپنی بساط کے مطابق سرسیدؔ کی تحریک کو

تقویت پہنچائی۔ اس سلسلے میں مولانا حالی کی خدمات سب سے زیادہ اہم ہیں۔ حالی مرحوم بڑے متوازن اور سنجیدہ انسان تھے۔ ان کی شاعری میں ستار کی ہیجان خیز جھنکار نہیں، لَے کا ہلکا سا ارتعاش ہے۔ دل ہلا دینے والی چیخ نہیں جھنجوڑ ڈالنے والی پکار نہیں، دبی دبی آہیں اور گھٹی گھٹی فریادیں ہیں! نارسا نالے اور بے بس دعائیں ہیں! سرسیّد کے کہنے سے انہوں نے اپنی مشہور نظم مسدّس حالی لکھی۔ اس میں سنجیدگی کا بہاؤ اور نکھرے ہوئے غم کا رچاؤ ہے۔ آگ بھڑکنے کے بجائے دھیمے دھیمے سلگتی ہے۔ اسی وجہ سے مسدّس کی فضا میں سلگتی ہوئی شام کے جھٹپٹے کی سی کیفیت ہے۔ سرسیّد ماضی سے سارے رشتے توڑ ڈالنا چاہتے تھے لیکن حالی کو وہ روایات بہت عزیز تھیں اور انہیں اپنی تاریخ بہت مرغوب تھی۔ وہ اپنی معاشرت کے داغ تو نمایاں کرتے ہیں اور منزل کی طرف اشارے بھی کرتے ہیں، لیکن نہ ہی رہبری کی اور نہ ہی رستے دکھائے۔ مسدّس بانگ درا کی طرح سوتے ہوؤں کو جھنجھوڑتی چونکاتی نہیں، وہ فضا میں گھلی رچی ہوئی صدائے جرس ہے جو جاگتے ہوؤں کے دِلوں میں سفر اور عمل کے ولولے پیدا کرتی ہے"

وہ آگے چل کے لکھتے ہیں کہ "اِس دَور کی ایک اور اہم جامع شخصیت مولانا شبلی نعمانی تھے۔ وہ بلند پایہ نقاد، عظیم المرتبت مؤرخ، جیّد عالم، مصلح اور شاعر تھے۔ سرسیّد کے آخری وقت تک وہ اُن کے مؤیّد اور معاون رہے۔ لیکن اُن کے اور سرسیّد کے رُجحانات بنیادی طور پر مختلف تھے۔ سرسیّد مغربی تہذیب و تمدّن کے علمبردار تھے۔ شبلی مغربی تعلیم کو قدر کی نظر سے تو دیکھتے تھے لیکن مشرقی تہذیب و تمدّن کو اس کے روحانی عنصر اور اعلیٰ اخلاقی قدروں کی وجہ سے مغربی تہذیب اور اس کی حد سے بڑھی ہوئی مادیّت پر ترجیح دیتے تھے۔ سرسیّد نے اسلام کو مغربی اقدار کی کسوٹی پر پرکھا۔ شبلی نے مغربی تہذیب کا جائزہ اسلام کے اصولوں اور قوانین کی روشنی میں لیا۔ شبلی نے اسلام اور مشرق کی ہر چیز کو اجال کر، نکھار کر، سنوار کر، آراستہ و پیراستہ کر کے دنیا کے سامنے پیش کیا۔ شبلی نے اپنے زورِ قلم سے اسلامی روایات، تاریخ، فلسفہ، شعر و ادب اور ماضی کی جلیل القدر ہستیوں کو دوبارہ زندہ کیا اور اپنی تصنیفات کی وجہ سے خود بھی زندۂ جاوید ہو گئے۔ مسلمانانِ ہندوپاک پر ان کا یہ بڑا احسان ہے کہ انہوں نے ماضی کی روشنی میں حال کو قبول کرنے اور مستقبل خوش آئند بنانے کا طریقہ سکھایا۔"

اس دور کے دوسرے اکابرین جنہوں نے قوم کے ذہن کو بیدار کیا اور نئی نسل کی ذہنی صلاحیتوں کو اُجاگر کر کے اُن کی ہمتوں کو ابھارا اور بے راہ روی سے بچایا، ان میں وقار الملک، محسن الملک، ڈپٹی نذیر احمد، محمد حسین آزاد، عبدالحلیم شرر، اکبر الہ آبادی، راشد الخیری، خواجہ حسن نظامی اور مولوی ذکاء اللہ جیسی جلیل القدر ہستیاں قابلِ ذکر ہیں۔

(۱۲)

بہر حال، بیسویں صدی کے آغاز کی نئی نسل کی تعلیم یافتہ جماعت کو اب مذہب سے کوئی واسطہ یا سروکار باقی نہ رہا تھا، وہ تشکیک اور الحاد کا شکار ہو چکی تھی یا گمراہیوں کی وادیوں میں بھٹک رہی تھی لیکن عامۃ المسلمین میں آزادی اور جہاد کا جذبہ ابھی کُلّی طور پر مفقود نہیں ہوا تھا، اور انگریز کے دل میں مسلمانوں کا جذبۂ جہاد سخت کھٹک رہا تھا، اس قضیہ سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے اس نے دو شخصیتیں اور پیدا کیں، ایک سے نبوّت کا دعویٰ کروا کر جہاد بالسّیف کو وحی کے ذریعہ منسوخ کر دیا، اور اس نے جہاد بالقلم کا حکم صادر فرما دیا۔ اس کے متعلق علّامہ اقبال نے دو نظمیں نقل کی ہیں۔ ایک میں فرماتے ہیں ؎

وہ نبوّت ہے مسلماں کے لئے برگِ حشیش
جس نبوّت میں نہیں قوّت و شوکت کا پیام

اور ایک دوسری جگہ "جہاد" کے عنوان سے لکھتے ہیں ؎

فتویٰ ہے شیخ کا یہ زمانہ قلم کا ہے ——— دنیا میں اب رہی نہیں تلوار کارگر
لیکن جنابِ شیخ کو معلوم کیا نہیں ——— مسجد میں اب یہ وعظ ہے بے سود و بے اثر
تیغ و تفنگ دستِ مسلماں میں ہے کہاں ؟ ——— ہو بھی، تو دل ہیں موت کی لذّت سے بے خبر
تعلیم اُس کو چاہیئے ترکِ جہاد کی ——— دنیا کو جس کے پنجۂ خونیں سے ہو خطر

دوسرا گروہ جو انگریز نے استوار کیا اس کے ذریعہ مسلمانوں کو بے عملی کی طرف راغب کروانا تھا۔ یہ گروہ خانقاہوں کے پیروں اور قدامت پرست مولویوں پر مشتمل تھا جن کی گذر بسر زیارتوں کی نذر و نیاز، عُرسوں کی آمدنی، اور تعویذ گنڈوں پر تھی۔ بے عملی، جہالت، بدعت اور اوہام پرستی اُن کا

کا شعار تھا۔ دنیا و مافیہا سے بے خبر، علم و عمل سے بے بہرہ، یہ ایک بے پرواہ اور لاتعلقی کی زندگی گذار رہے تھے۔ انہوں نے کبھی اپنے حجروں کی کھڑیوں سے باہر جھانک کے بھی نہ دیکھا تھا کہ دنیا کدھر جا رہی ہے اور ہم کیا کر رہے ہیں۔ اُن کا وظیفۂ حیات نماز روزے کے مسائل بتانا، قرآن طوطے کی طرح پڑھنا پڑھانا اور کُفر کے فتووں پر مُہر ثبت کرتے رہنا تھا۔ یا پھر حلوے مانڈے کھا کر توندیں بڑھاتے رہتے۔ نئی نسل کی تعلیم یافتہ نوجوان اِن کا تمسخر اڑاتے اور کہتے کہ یہ بھلا ہماری کیا رہنمائی کریں گے۔ انگریز نے اِن پیروں اور مولویوں کو ایک نظام میں منسلک کیا اور ریاستوں اور عملداریوں سے ان کو بھاری رقوم دِلا کر اور مستقل وثیقے اور وظیفے مقرر کروا کر خرید لیا، چنانچہ انگریز کی شہ پر ان مولویوں نے مسلمانوں کو فروعی مسائل کی آگ میں جھونک دیا، اور جزوی مسائل کو اپنی رستا خیز کا سبب ٹھہرا کر گالی گلوچ اور کفر و تکفیر کا ایسا سلسلہ شروع کیا جو آج تک بند نہیں ہوتا، حالانکہ مسلمان کی تکفیر بذاتِ خود کُفر ہے۔ اُن کے حربوں سے علامہ شبلی، علامہ اقبال، اور خود قائدِ اعظم تک بھی نہ بچ سکے۔ انگریز تو چلا گیا، لیکن مسلمانوں میں ایسا افتراق اور انشقاق کا بیج بو گیا کہ یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

علامہ اقبال کچھ اسی طائفہ کے مشائخ کی حالتِ زار کے متعلق ذیل کے اشعار میں نوحہ خواں ہیں ؎

مسلماں ہیں توحید میں گرمجوش ۔۔۔ مگر دِل ابھی تک ہے زنّار پوش!
تمدّن، تصوّف، شریعت، کلام ۔۔۔ بتانِ عجم کے پجاری تمام!
حقیقت خرافات میں کھو گئی ۔۔۔ یہ اُمّت روایات میں کھو گئی!
لبھاتا ہے دِل کو کلامِ خطیب ۔۔۔ مگر لذّتِ شوق سے بے نصیب!
بیاں اس کا منطق سے سُلجھا ہوا ۔۔۔ لُغت کے بکھیڑوں میں اُلجھا ہوا!
وہ صوفی کہ تھا خدمتِ حق میں مرد، ۔۔۔ مُحبّت میں یکتا، حمیت میں فرد!
عجم کے خیالات میں کھو گیا ۔۔۔ یہ سالک مقامات میں کھو گیا!
بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے! ۔۔۔ مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہے!

چنانچہ مذہبی زندگی پر بے علمی اور غفلت کی تاریک گھٹائیں چھا گئیں اور مسلمان ذہنی شعور اور سیاسی دَوڑ میں بہت پیچھے رہ گئے۔ عوام بے زبان بھیڑوں کی طرح جدھر جس نے چاہا ہانکے جارہے تھے۔ امیروں کا منتہائے نظر دولت تھی۔ دین کا صرف نام رہ گیا تھا۔ غرض جی رہے تھے، مگر زندگی سے محروم۔

(۱۳)

انگریزی کالجوں کے تعلیم یافتہ طبقے کے دماغوں پر سرکاری دفتروں میں اقتدار کی دھن سمائی ہوئی تھی وہ انگریزی حکومت کی کفش برداری کے لئے سرگرداں پھرتے رہتے اور قوت و جبروت کے سامنے سربسجود ہو جاتے۔ لیکن قدرت کی ستم ظریفی بھی ملاحظہ ہو، کہ ان ہی انگریزی کالجوں سے جہاں تشکیک اور الحاد کی تعلیم دی جاری تھی، اور ان ہی دینی درسگاہوں سے جہاں دقیانوسیت کے سائے چھائے ہوئے تھے، ایسی عظیم الشان اور عالی مرتبت ہستیاں پیدا ہوئیں جنہوں نے کفر و لادینیت اور شرک و بدعت کے خلاف جہاد عظیم کیا، اور قوم کے شعور کو اس طرح بیدار کیا کہ ساری فضا روشن ہو گئی۔ ان میں مولانا محمد علی شوکت علی مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا ظفر علی خان، مولانا محمود الحسن، مولانا سید حسین احمد مدنی، مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا عبید اللہ سندھی، سید سلیمان ندوی، ڈاکٹر اقبال، حکیم اجمل خان، ڈاکٹر انصاری، جسٹس امیر علی، پروفیسر خدا بخش، مسٹر محمد علی جناح، مولانا شبیر احمد عثمانی، علامہ عنایت اللہ خان المشرقی، حسین شہید سہروردی، سر عبدالقادر، سر فضل حسین، مولوی عبدالماجد دریابادی، بہادر یار جنگ، حسرت موہانی، عبدالقادر قصوری، محمد علی قصوری، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، کے نام سرفہرست ہیں۔

ترکی جو مسلمانوں کی خلافت کا مرکز تھا، یورپ کے زیرِ عتاب تھا۔ ترکی کی سلطنت مشرقی یورپ، شمالی افریقہ، عرب و عراق، شام و فلسطین تک پھیلی ہوئی تھی، یورپ کو اسلام کا یہ غلبہ ایک آنکھ نہ بھاتا تھا، اور وہ اسلامی سلطنتوں کو ختم کرنے اور اسلامی تہذیب کو یکسر مٹانے کے درپے تھا۔ ترک پہلے تو اپنی کوتاہیوں اور ناعاقبت اندیشیوں کے طفیل داخلی اور خارجی سازشوں کا شکار ہوتے رہے، لیکن جب علامہ جمال الدین افغانی کی آواز فضا میں گونجی تو مسلمانانِ عالم چونک پڑے۔ ۱۹۱۲ء میں اٹلی نے طرابلس پر اچانک حملہ کر دیا اور مصر پر برطانیہ نے اپنے تسلط کا اعلان کرتے ہوئے ترکی فوجوں کو طرابلس جانے سے روک دیا۔ ۱۹۱۳ء میں ترکوں کے خلاف بلقان میں جنگ بھڑک اٹھی۔ برطانیہ کی تمام سیاست اسلام دشمنی کے لئے وقف تھی۔ مسلمان بلقان اور طرابلس میں پے در پے ہزیمت اٹھا رہے تھے اور شمالی افریقہ کے تمام علاقے ایک ایک کر کے مغربی استعمار کی نذر ہو گئے۔

۱۲-۱۹۱۱ء کا سن بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ تقسیمِ بنگال کی تنسیخ، منٹو مارلے اصلاحات، اور پھر عالمِ اسلامی کے یہ دردانگیز حالات ــــ مسلمانوں پر بدحواسی کا عالم طاری ہوگیا۔ ہندوستان کے مسلمان جو غفلت کی نیند سو رہے تھے یکایک کروٹیں بدلنے لگے۔ پہلے محمد علی جوہر کی ادارت میں کلکتے سے "کامریڈ" اور دہلی سے "ہمدرد" جاری ہوئے تو ایک تہلکہ سا مچ گیا اور باشعور طبقوں میں بہت مقبول ہوئے۔ لیکن ۱۹۱۲ء میں جب مولینا ابوالکلام آزاد کی زیرِ ادارت "الہلال" کا اجرا ہوا تو سارے ملک میں ایک زلزلہ سا محسوس ہونے لگا۔ ایک بجلی سی کوندی جس کی کڑک چمک سے لوگ ششدر ہو کر رہ گئے۔ ابوالکلام کی آتش بیان طرزِ نگارش نے سارے ملک کو مبہوت کر دیا۔ اور مضامین کا ایک سیلاب جو ایک غیر معمولی چشمہ کی طرح اُبل رہا تھا ویرانوں کو سیراب کرتا چلا گیا۔ ان کے استدلال کی پختگی، زبان کی لطافت، الفاظ کی شوکت، اور اندازِ بیاں کی پاکیزگی ایک جہان کو مسحور کئے جا رہی تھی۔ اس انقلاب انگیز دعوتِ حق نے دنیا کا رُخ آناً فاناً اپنی طرف موڑ لیا۔ ابوالکلام آزاد نے "الہلال" نکال کر نہ صرف قرآنی بصائر کی تبلیغ کی، بلکہ ان کے زورِ قلم سے اردو ادب میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا اور معتقدات میں زبردست تغیر پیدا ہوگیا۔ الہلال ابوالکلام آزاد کی نوعمری کے زمانے کا کرشمہ تھا۔ ایسی پُرشکوہ خطابت اردو ادب میں لاثانی ہے۔ اس دعوتِ حق سے مسلمانوں میں جو ذہنی انقلاب پیدا ہوا وہ فی الواقع قرآن کی اصلی حقیقت کے آشکارہ کرنے سے ہوا۔ انگریزی تعلیم یافتہ جماعت اور علماء و مشائخ کا گروہ سبھوں کے دل مسحور ہو گئے اور سبھی ایک رنگ میں رنگے گئے۔ الہلال تو جنگِ عظیم کے شروع میں انگریزوں نے بند کروا دیا تھا، لیکن ابوالکلام آزاد کا یہ سلسلہ نشر و اشاعت ۱۹۳۰ء تک جاری رہا۔

۱۹۱۳ء میں ڈاکٹر مختار احمد انصاری کی قیادت میں ایک طبی وفد جنگِ بلقان کے زخمیوں کی مرہم پٹی کے لئے ترکی روانہ ہوا۔ عورتوں نے اپنے زیور اور مردوں نے اپنی املاک بیچ بیچ کر چندے دیئے اور اپنا سب کچھ اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے وقف کر دیا۔ نوجوانوں نے وفورِ شوق اور جوشِ حمیت کے عالم میں سب بندشیں توڑ ڈالیں اور وہ جہاد میں حصّہ لینے کے لئے پیش پیش تھے۔ بعض تو کابل کے راستے طفلس ہوتے ہوئے ترکی پہنچنے میں کامیاب ہوگئے اور مجاہدین کی فوج میں بھرتی بھی ہو گئے اور بعض مولینا عبید اللہ سندھی کے ہمراہ زارِ روس کے پاس مدد کے لئے جا پہنچے، ساری قوم ایک ولولے اور ہیجان کی کیفیت میں تڑپ رہی تھی۔ یہ ایک قیامت خیز سماں تھا جو ابوالکلام کے "الہلال"، محمد علی کے "کامریڈ" اور "ہمدرد" اور ظفر علیخاں کے "زمیندار" اخبار، اور ڈاکٹر اقبال کی فغاؤں اور نواؤں نے برپا کر دیا تھا۔

۱۹۱۴ء میں جنگِ عظیم چھڑ گئی اور یوربین قومیں خود آپس میں اُلجھ گئیں۔ ترکی کو چاہئے تھا کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاتا اور اپنے مقبوضات مستحکم کرلیتا، لیکن ناگاہ ترکی بھی اس جنگ میں کود پڑا اور سب کچھ کھو کر بمشکل تمام اپنی آزادی اور اپنے ملک کی حدود کو برقرار رکھنے میں کامیاب ہوا۔ خلافت ختم ہوئی اور خلیفۃ المسلمین جلا وطن ہو گئے۔ مصطفیٰ کمال نے ترکی کی نئی حکومت کی بنیاد مغربی طرز کی جمہوریت پر رکھی۔ اور لادینیت کو فروغ دیا۔ قوم کو مغربی لباس اور مغربی بود و باش پر مجبور کیا، لاطینی رسم الخط کو رائج کیا، مسجدوں پر تالے ڈلوا دیئے، اور جب تک وہ زندہ رہا آمریت پر کاربند رہا۔ لیکن جمال الدین افغانی کی آواز ترک قوم کے رگ و ریشہ میں پیوست ہو چکی تھی، سارا ملک بھڑک اٹھا اور ایک نہایت کرب اور اضطراب کی کیفیت پیدا ہو گئی۔ لیکن جس کسی نے بھی مخالفت کی مصطفیٰ کمال نے اُسے موت کے گھاٹ اتروا دیا۔ ترکی میں احیائے دین کا کام عدنان مندریس کے عہد تک پھر شروع نہ ہو سکا۔

پہلی جنگِ عظیم کے بعد ہندوستان میں سیاسی آزادی کے لیے باقاعدہ مہم چلائی گئی۔ انگریزی حکومت کچھ اصلاحات دینے پر راضی ہو گئی تھی لیکن ہندوستان حکومتِ خود اختیاری سے کم کسی چیز پر راضی نہ تھا، اور مسلمان تو مکمل آزادی پر تُلے ہوئے تھے۔ ۱۹۱۹ء میں امرتسر کے جلیانوالہ باغ میں ہندو، سکھ اور مسلمانوں کے ایک پُرامن اور پُرسکون مجمع پر جنرل ڈائر نے گولیاں برسا دیں۔ سارا ملک چیخ اٹھا۔ پھر پنجاب کے متعدد شہروں میں مارشل لاء لگا دیا گیا اور ہندوستانیوں کی بُری طرح تذلیل کی گئی۔ ۱۹۱۹ء میں ترکِ موالات اور ۱۹۲۰ء میں عدمِ تعاون کی تحریکیں زور پکڑ گئیں جن کو ہندوؤں اور مسلمانوں نے ملکر چلایا۔ ہندو مسلم اتحاد کے چرچے ہونے لگے۔ مسلمانوں کی اکثریت مولینا محمد علی کی سرکردگی میں "خلافت کمیٹی" میں تھی اور ہندوؤں کی اکثریت "انڈین نیشنل کانگرس" میں۔ سلطنتِ ترکیہ کے سقوط کے بعد اتحادیوں نے مسلمانوں کے مقاماتِ مقدسہ پر قبضہ کر لیا تھا جس کی وجہ سے مسلمانوں میں انگریز کے خلاف بے حد جوش و خروش پایا جانے لگا، اور خلافت کمیٹی کے پلیٹ فارم سے انگریزی استبداد کے خلاف دھواں دھار تقریریں ہونے لگیں۔ مسلمانوں کا جوش و خروش دیکھ کر ہندوؤں میں بھی آزادی کی اُمنگیں پیدا ہونے لگیں۔ انگریز، ہندو مسلم اتحاد سے سخت خائف تھے اور ہندو بھی مسلمانوں کے غلبے سے ڈرتے تھے۔

خلافت کمیٹی نے اعلان کیا کہ اگر انگریزوں نے قسطنطنیہ اور مقاماتِ مقدسہ سے اپنی فوجیں نہ ہٹائیں تو مسلمان ہندوستان سے ہجرت کر جائیں گے۔ مسلمانوں کا جوش و خروش اُن دنوں انتہا پر تھا۔ ہر موقعہ پر سر پر کفن باندھکر اور ماؤں سے دودھ بخشوا کر گھروں سے نکلتے۔ ہجرت کی مہم ۱۹۲۰ء میں زور شور سے شروع ہو گئی اور ۱۹۲۲ء میں اپنے انتہائی عروج پر تھی۔ ہزاروں خاندان اپنی املاک اور جائدادیں ہندوؤں کے ہاتھ بیچ کر اپنی اہل و عیال سمیت افغانستان ہجرت کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ افغانستان کی حالت خود ناگفتہ بہ تھی۔ کسی نے نہ سوچا کہ افغانستان کے وسائل کیا ہیں۔ یہ ہجوم وہاں جا کر کہاں رہے گا۔ یہ لوگ کیا کریں گے۔ اور ان کی آباد کاری کیسے ہو گی۔ مستزاد برایں علماء نے بغیر کسی منصوبے کو تشکیل دیئے ہجرت پر "فرض عین" کا فتویٰ صادر فرما دیا جس پر تعمیل نہ کرنا مسلمانوں کے لئے کفر کے مترادف ہے۔

افغانستان نے انگریزوں کو اُن ہی دنوں جرنیل سردار نادر خاں کی سرکردگی میں تھل کے مقام پر شکست دی تھی اور تھل پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس کارروائی میں مولینا عبید اللہ سندھی اور ان کے قبائلی مجاہدین بھی معاون تھے۔ روس افغانستان کی مکمل خود مختاری تسلیم کر چکا تھا۔ انگریزوں کو بھی لاچار اس پر دستخط کرنے پڑے۔

اُن ہی دنوں شاہ امان اللہ خاں کا ایک فرمان افغان قونصل کی معرفت خلافت کمیٹی کو موصول ہوا جس میں لکھا ہوا تھا کہ حکومتِ افغانستان کو معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان افغانستان ہجرت کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارا دروازہ اپنے مسلمان بھائیوں کے لئے کھلا ہے۔ ہم اپنے دینی بھائیوں کی پذیرائی کرتے ہیں۔ مہاجر بھائیوں کے لئے، جو ہمارے ملک میں آنا چاہیں ہم اس فرمان سے منسلک نظام نامہ کے مطابق برتاؤ کریں گے۔

نظام نامہ

ا۔ ایک مہاجر کو چھ جریب زمین دی جائے گی۔

ب۔ زمین بونے کے لئے تقاوی بھی دی جائے گی۔

ج۔ جس سرزمین پر ہم مہاجرین کو آباد کرنا چاہیں گے، اُسی سرزمین کی حدود میں وہ آباد ہوں گے۔

د۔ کسی مہاجر کو ملکی سیاست کے برخلاف عمل پیرا ہونے کی اجازت نہ ہوگی

جب یہ قافلے افغانستان پہنچنا شروع ہوئے تو مہاجر کیمپ نہایت کس مپرسی کی حالت میں تھے۔ یہ کیمپ کابل سے دور اُس شاہراہ پر بنائے گئے تھے جہاں سے مہاجرین کی منزل شمالی افغانستان میں روسی ترکستان کی سرحد پر متعین ہوتی تھی۔ مہاجرین کے لئے کیمپ میں کوئی انتظام نہ تھا اور سود و اسلف کی کوئی سہولت میسّر نہ تھی۔ یہاں مہاجرین کی آباد کاری اور ناکامی سے بحث نہیں۔ بہرحال ہجرت کامیاب نہ ہوئی۔ کچھ لوگ جو واپس نہ آنا چاہتے تھے وہ ترکی چلے گئے۔ کچھ شدائد کی برداشت نہ لاکر مر کھپ گئے اور جو باقی بچے ان کے قافلے نہایت کس مپرسی کی حالت میں ۱۹۲۳ء تک واپس ہندوستان آتے رہے۔ انور پاشا جو اُس وقت بخارا میں مقیم تھے مہاجروں سے ہمدردی سے پیش آئے، اور انہوں نے جمال پاشا کو جو کہ سابق سلطنتِ عثمانیہ کے وزیرِ بحریہ تھے مہاجرین کو منظم کرنے اور عسکری تربیت دینے کے لئے کابل بھیجا ۔ لیکن شاہ امان اللہ خان نے اُن کو اسلحہ اور آلاتِ جنگ خریدنے یورپ روانہ کر دیا۔ وہ باطوم کے مقام پر انگریزوں کی سازش سے ایک ارمنی کے ہاتھوں مروا دیئے گئے۔ اسی سال انور پاشا بھی روسیوں کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ ۱۹۲۸ء میں انگریزوں نے بچہ سقہ سے بغاوت کروا کر امان اللہ خان کا بھی تختہ الٹا دیا۔ اس طرح انگریزوں نے اپنی "تھل" کی شکست کا بدلہ لیا۔ سر ہمفری ڈیوس افغانستان میں مقیم برطانیہ کے سفیر تھے، انہوں نے محمود طرزی کے ذریعہ ہجرت کو ناکام کر دیا اور ملا شور بازار کے ذریعہ امان اللہ خاں کے خلاف بغاوت کروا کر بچہ سقہ کو افغانستان کے تخت پر بٹھا دیا۔

ہندوستان میں انگریز ہندو مسلم اتحاد میں پھوٹ ڈلوانے کے در پے تھا، چنانچہ ۱۹۲۵ء ہی میں نفاق کے شوشے رونما ہونا شروع ہوئے۔ یہ پھوٹ سوامی شردھانند کی شدھی کی تحریک سے شروع ہوئی اور جوابی کاروائی کے لئے کئی ایک تبلیغی جماعتیں میدان میں آگئیں، اور ۱۹۲۸ء میں جب سائمن کمیشن ہندوستان آیا تو ملک میں فسادات کی آگ بھڑکی ہوئی تھی۔

۱۹۳۰ء تک خلافت کمیٹی دم توڑ چکی تھی۔ ہجرت کی تحریک سے مسلمانوں کو شدید جانی اور مالی نقصان پہنچا۔ لیکن بایں ہمہ اُن میں شعور بیدار ہو رہا تھا۔ عوام انتہا پسند واقع ہوئے تھے اور جوش و خروش میں سمجھ بوجھ سے کام نہ لیتے لیکن وہ انتہائی بے بسی اور کم مائیگی کی حالت میں بھی بڑے سے بڑے ایثار اور قربانی کا مظاہرہ کر چکے تھے۔ لیڈروں میں تدبّر اور تفکّر کا فقدان تھا۔ اسٹیجوں پر تقریریں کرنے اور جوش دلانے والے تو بہت پیدا ہو گئے تھے لیکن اس منتشر ہجوم کو کوئی قافلہ سالار نہ مل سکا۔ اس کے برعکس ہندو ہر تحریک میں نہایت

محتاط رہتے اور ہر کام تدبیر سے کرتے اور فکر و ہوش برقرار رکھتے۔ سب لیڈروں کا ایک ہی لیڈر گاندھی جی تھے اور انہی کے کہنے پر سب عمل درآمد کرتے۔ گاندھی پُرمغز، زیرک، دور اندیش اور زمانہ ساز انسان تھا۔ ان کے گرد مُخلص اور بے غرض کارکن جمع تھے۔ چنانچہ کانگرس نے منجھے ہوئے لیڈر پیدا کئے جن کا معیارِ زندگی نہایت سادہ اور بے تکلّف تھا۔ برخلاف اس کے مسلمانوں میں ہر شخص بزعمِ خود اپنے آپ کو لیڈر سمجھتا اور لیڈروں کی آپس میں سخت رقابت تھی۔ مسلمانوں میں احساسِ کمتری بڑھ رہا تھا اور خود اعتمادی ماند پڑ رہی تھی۔ ہندو سخت متعصب ثابت ہوئے، اور اُن کی تنگ دِلی اور شاطرانہ حرکتوں سے مسلمان بددِل ہو گئے۔ مسلمانوں کی فراغدلی اور رواداری کے باوجود ہندو مسلمانوں کو ہر موڑ پر دھوکہ اور فریب دینے کی کوشش کرتے جس کے باعث مسلمانوں میں ہندوؤں کے خلاف نفرت اور غیر یقینی پھیل گئی اور وہ ایک عجیب فکری اور سیاسی انتشار میں مبتلا ہو گئے۔ زمانہ برق رفتاری کے ساتھ آگے بڑھ رہا تھا اور اُنہیں فکر ہوئی کہ اگر ہم زمانے کے ساتھ نہ چلے تو زمانہ ہمیں روندتا ہوا آگے نکل جائے گا ـــــ تحت الشعور میں وہ کسی اسلامی مملکت کو برپا کرنے یا کسی اسلامی سلطنت میں ضم ہونے کا ذوق رکھتے تھے۔ اسی لئے تو کبھی وہ ترکی کو قیامِ خلافت کے لئے اپنی جدوجہد کا محور بنا لیتے اور کبھی افغانستان میں ہجرت کر جانے کی مہم جاری کر دیتے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمان چاہے کچھ بھی ہوں اسلام کے نام پر مر مٹنے کے لئے ہمیشہ تیار ہو جاتے ہیں۔

(۱۴)

اب مسلم لیگ مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت رہ گئی تھی، لیکن یہ انگریزوں کی سرپرستی میں ایک نیم سرکاری ادارہ بن چکی تھی۔ اس کی تنظیم کھوکھلی اور مضحکہ خیز تھی اور اس کا پلیٹ فارم طفلانہ حرکتوں کا میدان بنا ہوا تھا، اس کی قیادت نوابوں، نوابزادوں، خان بہادروں اور اُن کے کاسہ لیسوں، اور حاشیہ برداروں پر مشتمل تھی، جو اکثر بے ضمیر اور بے کردار قسم کے لوگ ہوتے تھے، اور چونکہ اس ٹولے کو سرکار کی حمایت حاصل تھی اس لئے عامۃ الناس میں یہ "ٹوڈی" پارٹی کہلاتی تھی۔

مسلم لیگ کی قیادت دو طبقوں میں بٹی ہوئی تھی۔ ایک تو وہ جو ایوانِ حکومت میں اثر و رسوخ رکھتے تھے اور مسلمانوں کی اقتصادی فلاح و بہبود کی نمائندگی کرتے تھے۔ یہ "شفیع مسلم لیگ" کہلاتی تھی۔ دوسری وہ جس کو جلسوں، جلوسوں اور اخباروں کے ذریعہ آزادئ وطن کے لئے مسلمان عوام کی تائید حاصل تھی۔ یہ آزادی اور اسلام کے نعرے لگانے میں تو پیش پیش تھی، لیکن اپنے اندر کوئی واضح نصب العین یا لائحہ عمل نہ رکھتی تھی، یہ "جناح مسلم لیگ" کہلاتی تھی، اور آخر مسٹر جناح اس تنظیم سے دل برداشتہ ہو کر انگلستان چلے گئے۔

اپنی سیاسی زندگی کے آغاز سے مسٹر جناح "ہندو قومیت"۔ اور "مسلم قومیت" کے قائل نہ تھے۔ اُنکا ذہن شروع میں صرف "ہندوستانی قومیت" کا قائل تھا، اور وہ اسی نظریئے کو لے کر ۱۹۰۵ء میں انڈین نیشنل کانگریس کے سرگرم رکن بنے۔ لیکن مسٹر جناح کو اپنی سیاسی سرگرمیوں کے دوران میں اُن خدشات اور شبہات کے سمجھنے کا موقع ملا جو مسلمانوں کی کانگرس میں شمولیت کے منافی تھے۔ اُنہوں نے دیکھا کہ ہندوؤں کے اندر ہندو قومیت کا جذبہ انتقامی شدت کے ساتھ بھرا ہوا ہے اور وہ ہندوستانی قومیت کی آڑ میں مسلمانوں پر ہندو اکثریت کی غیر مشروط حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں، اور اُن کا ہر ادارہ مسلمانوں کو زک پہنچانے پر تُلا ہوا ہے۔ علامہ اقبال بھی اوائل میں اسی طرح ہندوستانی قومیت اور ہندو مسلم اتحاد کے علمبردار تھے اور اُن کی نظمیں "صدائے درد"۔ "تصویرِ درد"۔ "نیا شوالہ"۔ اور "ہندی ترانہ" وغیرہ اس بات پر صاد ہیں کہ اقبال کا رجحان ملتِ اسلامیہ کی طرف ۱۹۰۷ء کے بعد پیدا ہوا۔ "نیا شوالہ" کی نظم حسبِ ذیل ہے ؎

سچ کہہ دوں اے برہمن! گر تو بُرا نہ مانے — تیرے صنم کدوں کے بُت ہو گئے پُرانے
اپنوں سے بیر رکھنا تو نے بتوں سے سیکھا — جنگ و جدل سکھایا واعظ کو بھی خدا نے
تنگ آ کے میں نے آخر دیر و حرم کو چھوڑا — واعظ کا وعظ چھوڑا، چھوڑے ترے فسانے

پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے؟
خاکِ وطن کا مجھکو ہر ذرہ دیوتا ہے!

آ، غیریت کے پردے اِک بار پھر اُٹھا دیں — بچھڑوں کو پھر ملا دیں، نقشِ دوئی مٹا دیں
سونی پڑی ہوئی ہے مُدت سے دل کی بستی — آ، اِک نیا شوالا اس دیس میں بنا دیں
دنیا کے تیرتھوں سے اونچا ہو اپنا تیرتھ — دامانِ آسماں سے اس کا کلس ملا دیں
ہر صبح اُٹھ کے گائیں منتر وہ میٹھے میٹھے — سارے پجاریوں کو مے پیت کی پلا دیں

شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے
دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

اور پھر تصویرِ درد میں فرماتے ہیں

رُلاتا ہے ترا نظارہ اَے ہندوستاں مجھ کو — کہ عبرت خیز ہے تیرا فسانہ سب فسانوں میں
نشانِ برگِ گل تک بھی نہ چھوڑ اس باغ میں گلچیں! — تری قسمت سے رزم آرائیاں ہیں باغبانوں میں
وطن کی فکر کر ناداں! مصیبت آنے والی ہے — تری بربادیوں کے مشورے ہیں آسمانوں میں
نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اَے ہندوستاں والو! — تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

محبت ہی سے پائی ہے شفا بیمار قوموں نے
کیا ہے اپنے بختِ خفتہ کو بیدار قوموں نے

اور صدائے درد میں نوحہ خواں ہیں

جل رہا ہوں کل نہیں پڑتی کسی پہلو مجھے — ہاں ڈبو دے اَے محیطِ آبِ گنگا تو مجھے!
سرزمیں اپنی قیامت کی نفاق انگیز ہے — وصل کیسا یاں تو اِک قربِ فراق انگیز ہے
بدلے یک رنگی کے یہ نا آشنائی ہے غضب — ایک ہی خرمن کے دانوں میں جدائی ہے غضب
جس کے پھولوں میں اخوت کی ہوا آئی نہیں — اِس چمن میں کوئی لطفِ نغمہ پیرائی نہیں

لذتِ قربِ حقیقی پر مٹا جاتا ہوں میں
اختلاطِ موجہ و ساحل سے گھبراتا ہوں میں

دسمبر ۱۹۳۰ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ جلسہ حضرت علامہ اقبال کی زیرِ صدارت الہ آباد میں منعقد ہوا، جس میں انہوں نے مسلمانوں کی علیحدہ قومیت کے نظریئے کی وضاحت کی۔ اگرچہ سرسید کی سرکردگی میں مسلمانوں کی تمام جدوجہد اور آئینی مطالبات "دو قوموں" کے تصور پر مبنی تھے، لیکن یہ تصور نظریاتی تجزیئے اور تشریح کا محتاج تھا۔ علامہ نے اپنے صدارتی خطبے میں بتایا کہ "اسلام نے مسلمانوں کو صرف چند عقائد ہی نہیں سکھائے بلکہ انہیں ایک خاص قسم کا اخلاقی معاشرہ بھی عطا کیا ہے ـــــ معاشرتی یکجہتی اور اجتماعی جذبے کے اعتبار سے مسلمان ایک واحد قوم کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں اپنے قومی وجود اور مخصوص ثقافتی روایات کو برقرار رکھنے کا شدید جذبہ موجود ہے"۔ علامہ اقبال نے کہا کہ "اس ملک میں فرقہ وارانہ تنازعات اور کشمکش کو دبانے اور امن قائم رکھنے کی صرف یہی صورت ہے کہ مسلمانوں کی علیحدہ قومیت کو تسلیم کر لیا جائے۔ اور ہندو اور مسلمان اکثریت کے صوبوں کو علیحدہ علیحدہ مملکتوں میں تقسیم کر دیا جائے، تاکہ دونوں قومیں اپنے اپنے قومی اور ثقافتی تصورات بروئے کار لانے کے لئے آزادی محسوس کریں"۔

علامہ اقبال کا یہ خطبہ اس لحاظ سے خاص تاریخی اہمیت رکھتا ہے کہ مسلم مطالبات اور مسلمانوں کے جذبۂ قومیت کا جو جواز اور تجزیہ آپ نے پیش کیا اُس نے آگے چل کر پاکستان کی نظریاتی اساس اختیار کر لی۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ "ہندوستان کی آزادی خواہ وہ دولتِ مشترکہ کی رکنیت کی صورت اختیار کرے، یا اس سے علیحدگی کی، بہر صورت یہ بات نوشتۂ تقدیر معلوم ہوتی ہے کہ اس ملک کا شمالی مغربی حصہ ایک واحد سیاسی نظام کے تحت جمع ہو کر رہے گا"۔ ـــــ اسی دوران میں مسٹر محمد علی جناح کسی ذاتی کام کی غرض سے ہندوستان تشریف لائے تو علامہ اقبال نے انہیں مشورہ دیا کہ آپ مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے "دو قومی نظریہ" کی نشر و اشاعت کریں اور مسلم لیگ کی از سرِ نو تنظیم کریں۔

اُن دنوں مسلم لیگ سخت ابتری کا شکار تھی۔ سر فضل حسین نے آئندہ سال کے سالانہ اجلاس کی صدارت کے لئے چودھری سر ظفر اللہ خان کو نامزد کیا۔ چودھری صاحب قادیانی تھے اور مسلمانوں کو ان کی صدارت کسی صورت بھی منظور نہ تھی، چنانچہ دسمبر ۱۹۳۱ء میں جب سالانہ جلسہ دہلی میں منعقد ہوا تو آگے آگے چودھری صاحب اور اُن کے رفقاء موٹروں میں بھاگ رہے تھے اور مخلوقِ خدا اُن کا تعاقب کر رہی تھی، آخر یہ جلسہ چند افراد پر مشتمل نواب صاحب نواب علی خان کے ذاتی مکان پر بند کمرے میں ہوا۔ اور چند قراردادیں پاس کی گئیں

(۱۶)

مسلم لیگ کی تنظیم میں بدنظمی آخر اس وقت ختم ہوئی جب اپریل ۱۹۳۴ء میں مسٹر محمد علی جناح مستقلاً ہندوستان واپس آگئے اور اس جماعت کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ انہوں نے تنظیم نو شروع کی، اور مسلم لیگ کی بدحالی کا زمانہ ختم ہوتا نظر آیا۔ مسٹر جناح ایک عظیم شخصیت اور کردار کے مالک تھے، لیکن جو نظم و ضبط قدرت نے اُن کو ودیعت کیا تھا اُن کے رفقائے کار میں اُس کی رمق بھی نہ پائی جاتی تھی۔ چنانچہ اس جماعت پر وہی افراد چھائے رہے جن کا شمار نہ تو منجھے ہوئے سیاستدانوں میں تھا اور نہ ہی بااصول اور باکردار لوگوں میں۔ اس لئے ان لوگوں سے یہ توقع محال تھی کہ جس اسلام کا وہ نعرہ لگا رہے ہیں یا جس نظام کا وہ دعویٰ کر رہے ہیں اسے برپا بھی کر دکھائیں گے۔ اس سلسلے میں چند اقتباسات جناب سعید ملک کی کتاب "پاکستان کا مستقبل" (مطبوعہ ۱۹۵۷ء) سے پیش کئے جاتے ہیں، جس میں انھوں نے پاکستان کے قیام کے بعد ہماری سیاسی خامیوں اور معاشرتی کوتاہیوں کا بڑی وضاحت سے تجزیہ کیا ہے اور قوم کی راہ کو متعین کرنے میں مدد دی ہے۔ وہ لکھتے ہیں: "یہ وہ حالات تھے جن کے تحت قائدِ اعظم نے مطالبۂ پاکستان کے لئے نفسیاتی فضا ہموار کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ اُس وقت مسلمانوں میں کام کرنے کے دو ہی طریقے تھے۔ ایک تو یہ کہ قوم کو اسلامی قدروں کی کسوٹی پر پرکھ کر اُس کی خامیوں کو متعین کیا جاتا، اور اُن خامیوں کو دور کرکے قوم میں فکری اور عملی صلاحیتیں پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی جو مطلوبہ نظامِ زندگی کے قائم کرنے کے لئے ضروری تھیں۔ دوسرا راستہ یہ تھا کہ تعمیرِ سیرت کے امکان کو نظر انداز کرکے جو صورت درپیش تھی اس کے پیشِ نظر مسلمانوں کو ہندو اکثریت کے خطرے سے محفوظ کرنے کی کوشش کی جائے۔ قائدِ اعظم نے یہ دوسرا راستہ اختیار کیا۔ سیاسی لحاظ سے مسلمان ایک غیر منظم گروہ کی حیثیت رکھتے تھے۔ مسلم لیگ کی سربراہی ایک ایسے مفاد پرست اور اصول ناشناس طبقے کے ہاتھوں میں تھی جن کی عمریں سرکار کی خدمت گذاری اور کاسہ لیسی میں بسر ہوئی تھیں۔ اب سوال یہ درپیش تھا کہ وہ تنظیمی ڈھانچہ اور کارکنوں کا گروہ کس طرح فراہم کیا جاتا جو اس کام کے انجام دینے کے لئے ضروری تھا۔"

"قائدِ اعظم ۱۹۳۷ء کے انتخابات میں مسلم اکثریت کے صوبوں میں مکمل ہزیمت اٹھا کر یہ دیکھ چکے تھے کہ مسلمانوں کی سیاست اور معاشرت پر کس قسم کے لوگ مسلط ہو چکے ہیں۔ قائدِ اعظم نے تنظیمِ نو

کے سلسلے میں ایسے لوگوں کو جمع کرنا شروع کیا جو صوبائی انتخابات میں کامیاب ہو گئے تھے۔ اور یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ ان لوگوں کو جمع کرنے میں بااُصول تنظیموں کے معروف طریق کار کو ملحوظ نہ رکھا گیا، بلکہ قریب قریب ہر صاحب اقتدار شخص یا بااثر گروہ کے ساتھ الگ الگ معاملہ کیا گیا اور ان لوگوں کو مسلم لیگ کے اندر رہتے ہوئے حکومت اور سیاست کے معاملات میں اپنی ذاتی مصالح پیشِ نظر رکھنے کا پورا موقع دیا گیا"

"بااین ہمہ مسلم لیگ نے پہلے مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ اور بعد میں اُن کے لئے ایک الگ مملکت قائم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ظاہر ہے کہ کسی مسلمان کے لئے، جو اپنی قوم کے مستقل وجود کا قائل ہو، اس مطالبے میں عظیم جاذبیت تھی۔ اب کیفیت یہ تھی کہ ایک طرف تو مسلمانوں کے سامنے ایک ایسا مقصد رکھ دیا گیا جو اُن کی تائید حاصل کرنے کا موثر ترین ذریعہ تھا، اور دوسری طرف اس مقصد کے حصول کے لئے ایسے لوگوں کو جمع کر لیا گیا جو مسلمانوں کے معاشرے میں اثر و قوت رکھتے تھے اور انہیں ایوانِ حکومت میں بھی دسترس حاصل تھی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ تحریک عوام میں بہت جلد متعارف ہو گئی اور مسلمانوں کی عظیم اکثریت پاکستان کے مطالبے کی حمایت پر کمر بستہ ہو گئی۔ نیز مفاد پرستوں کے ٹولے کے بیشتر افراد بھی اپنے "مستقبل" کے نقطۂ نظر سے مسلم لیگ میں شامل ہوتے گئے، تاآنکہ پاکستان مسلمانوں کا قومی مطالبہ بن گیا"

"مسلم لیگی قیادت نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ پاکستان میں اسلامی نظام قائم کیا جائے گا۔ لیکن یہ قیادت نہ تو اسلام کے نظریۂ زندگی کا کوئی واضح تصور رکھتی تھی اور نہ ہی اُس نے قوم میں کوئی ایسا شعور پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اُس کے پاس اسلام کی بنیاد پر ریاست کی تعمیر کا کوئی نقشہ نہ تھا، اور نہ ہی اُن میں وہ صلاحیتیں پائی جاتی تھیں جو مغرب کے قوم پرستانہ تصور کے مطابق اجتماعی تعمیر و ترقی کے لئے ضروری ہوتی ہیں"

"قائدِاعظم ذاتی حیثیت سے ایک باعزم باہمت اور مضبوط کردار کے انسان تھے اور پاکستان حاصل کرنے کا جو نصب العین انہوں نے اپنے سامنے رکھا تھا اس کے حصول کے لئے انھوں نے پورے خلوص کا ثبوت دیا، لیکن قیامِ پاکستان کے بعد پاکستان کی سیاست اور معاشرت پر جو قیادت مسلط ہوئی وہ فکری صلاحیتوں اور سیرت و کردار کی خوبیوں سے یکسر عاری تھی اور اس سے وابستہ افراد کی زندگیاں اس بات کی کھلی شہادت دیتی ہیں کہ اُن کا مطمحِ نظر سوائے حصولِ اقتدار اور مفاد پرستی کے اور کچھ نہ تھا، قیادت سے ہماری مراد چند سیاستداں ہی نہیں جو وزارتوں کے حصول میں کامیاب ہو جائیں بلکہ اس زمرے میں وہ سب لوگ شامل ہیں جو قومی

زندگی کے مختلف شعبوں میں سربراہی کے فرائض انجام دیتے ہیں اور جو اپنی علمی کاوشوں سے قوم کے ذہن و فکر کی تعمیر کرتے ہیں، اور نظامِ چلانے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ عین اس وقت جب کہ قوم خون اور آنسوؤں کے دریا سے گزر کر پاکستان کی منزل پر پہنچ رہی تھی اور ساری قوم کے دل میں اس ملک کی بقا اور استحکام کے لیے زبردست تڑپ موجود تھی، ان لوگوں سے ایسی ایسی حرکتیں سرزد ہوئیں جو اصول ناشناسی اور ناعاقبت اندیشی کی بدترین مثالیں ہیں اور جن کے باعث ملک و ملت کے نہایت مخلصانہ اور معصوم جذبات کچلے گئے۔"

خشتِ اول چوں نہد معمار کج　　　تا ثریا می رود دیوار کج

(۱۷)

سعید ملک صاحب آگے چل کر لکھتے ہیں: "انگریزی غلامی کے دور میں جو قیادت اُبھری وہ قومی مقصدیت سے محض خالی الذہن ہی نہ تھی بلکہ مزاج اور سیرت و کردار کے اعتبار سے وہ کسی مقصد کو اپنانے کی سرے سے اہلیت ہی نہ رکھتی تھی۔ اس قیادت نے قوم کے سامنے ایک خطۂ زمین کے حصول کو ایک مقصود بالذات شے کی حیثیت سے رکھا اور قوم نے اپنی تمام تر قربانیوں کے ساتھ اُس کا ساتھ دیا، لیکن جب یہ خطۂ زمین حاصل ہو گیا تو اس میں زندگی کی عمارت تعمیر کرنے کا کوئی نقشہ نہ تو عوام اور نہ ہی قیادت کے سامنے موجود تھا۔ اس لیے ہمارا معاشرہ بدستور انحطاط کے راستے پیش قدمی کرتا چلا گیا۔ اس میں شک نہیں کہ پاکستان کی تحریک کے دوران میں رہنماؤں نے یہی دعویٰ کیا تھا، اور قوم نے بھی اسی توقع کے تحت اس تحریک کا ساتھ دیا تھا کہ پاکستان میں اسلامی نظام برپا کیا جائے گا، لیکن پاکستان کی سیاست میں کوئی نظری و فکری مقصدیت موجود نہ تھی ۔۔۔ ہماری اس رائے کو بعض حضرات خلافِ واقعہ قرار دے سکتے ہیں، لیکن ہم عرض کریں گے کہ مقصد کے تعین کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ محض ایک نعرے کی حیثیت سے کسی نظریے کو سامنے رکھ لیا جائے ۔۔۔ کسی مقصد یا "آئیڈیالوجی" کو اپنانے کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اُس کی فکر اور قدریں آپ کے ذہن اور کردار پر غالب آجائیں، اور آپ اُسے زیرِ عمل لانے کی فکر و جہد کے تمام مراحل کا شعور حاصل کر کے اُس کے نفاذ پر کمربستہ ہو جائیں ۔۔۔ سفر کے ابتدائی مراحل کتنے ہی مشکل کیوں نہ ہوں، منزل کے متعلق کوئی شبہ نہیں ہونا چاہیے۔"

جہاں تک پاکستان کی تحریک کا تعلق ہے اُس کے رہنماؤں کی زندگیاں آپ کے سامنے ہیں اور تقسیمِ ملک سے پہلے ان کے ذہن و فکر اور سیرت و کردار کے کسی گوشے پر کوئی پردہ پڑا ہو تو قیامِ پاکستان کے بعد یہ سب پردے چاک ہو چکے ہیں۔ جب قومی تعمیر کا کوئی مقصد پیشِ نظر نہ تھا تو اجتماعی فلاح و بہبود اور اخلاقی قدروں کا کام از خود کس طرح سرانجام ہو جاتا۔ یہی وجہ ہے کہ طالع آزما سیاستدانوں، مفاد پرست تاجروں،

اور نوکر شاہی عاملوں کا ہر گروہ اپنے اپنے مفاد کے پیشِ نظر جو بھی چاہتا ہے کر گذرتا ہے۔ ہم نے ہمیشہ شدید قسم کی بے اعتدالی اور خود فریبی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اگر کوئی لیڈر نما انسان کسی چوراہے پہ کھڑا یہ نعرہ بلند کر دے کہ قوم کے سارے دُکھوں کا مداوا اُس کے پاس ہے تو قوم آنکھیں بند کر کے اس کے ساتھ تھوڑی دور چلنے کو تیار ہو جاتی ہے۔ لیکن جب وہ راہبر اپنی شہرت اور ناموری یا قوّت واقتدار کی سِفلی اور مادی مقاصد حاصل کر لیتا ہے اور قوم کے "درد" کا نقاب اتار پھینکتا ہے تو قوم بیچاری پھر کسی چوراہے پر کھڑی کسی اور لیڈر کے انتخابی ڈھونگ رچانے کا انتظار کرنے لگتی ہے"۔

"ہمارے تمدّن اور معاشرت میں تضاد اور بگاڑ پیدا کرنے کی جو پالیسی انگریز نے شروع کی تھی اس پر قیامِ پاکستان کے بعد ہمارے اربابِ اختیار نے پہلے سے بھی زیادہ مستعدی کے ساتھ عمل کیا۔ اس میں مصلحت شاید یہ ہو کہ اگر ملک کا صاحبِ اثر طبقہ، اور پھر تعلیم یافتہ، اور پھر عوام عام طور پر مغربی طرزِ معاشرت اختیار کر لیں اور انگریزیت کو اپنا لیں تو اس کے بعد کوئی ایسا نظام قائم ہی نہ ہو سکے گا جس میں اخلاقی اور نظریاتی تصورات کو دخل ہو۔ بہر حال حکمران طبقے کے مقاصد اور مافی الضمیر سے قطع نظر، اس ناعاقبت اندیش پالیسی سے ہمارے معاشرے میں ایسے تضادات اُبھرے ہیں جن کی وجہ سے تعمیری کام کے امکانات ختم ہوتے جا رہے ہیں۔ جس مُلک کے مختلف طبقات الگ الگ ذہنی اور عمرانی فضا میں سانس لینے لگیں اس میں پیدا شدہ معاشرتی کھچاؤ قوم میں وہ یکرنگی پیدا نہیں ہونے دیتا جو قومی کردار، اخلاقی معیار، اور تعمیر و ترقی کے کاموں کے لئے ضروری ہے۔ ایسے معاشرے کی تمام قوتیں اور توانائیاں اندرونی کشمکش کی نذر ہو جاتی ہیں، اور تمدنی انتشار اس کے قوائے فکر و عمل کو شل کر کے رکھ دیتا ہے"۔

"تعلیم کا معیار غلامی کے دور سے بھی پست ہو گیا ہے۔ فنونِ لطیفہ کے نام سے حکمران طبقے کی سرپرستی میں ایسے اِداروں کا جال بچھایا جا رہا ہے اور ناچنے نچانے اور گانے بجانے کا رواج اس طرح عام کیا جا رہا ہے کہ یہ قوم اب کھلنڈروں کا ایک گروہ دکھائی دینے لگا ہے جس کا مقصد محض رنگ رلیاں منانا ہو۔ جو قوم طاؤس و رُباب سے اپنی زندگی کا آغاز کرے اُس کے مستقبل کے متعلق دو رائیں نہیں ہو سکتیں۔ اگرچہ یہ باتیں ہمارے اندر مروّج کی جا رہی ہیں، لیکن چونکہ یہ رنگ رلیاں ہمارے قومی مزاج اور معاشرتی اقدار کے خلاف ہیں اس لئے ہمارے جمہور کے اندر پریشانی اور بے چینی کی کیفیت پائی جانے لگی ہے"۔ (اقتباسات بالاختصار از جناب سید ملک "پاکستان کا مستقبل" مطبوعہ ۱۹۵۶ء)

۱۸

قیامِ پاکستان کے وقت قائدِاعظم نے جب گورنر جنرل کا عہدہ سنبھالا تھا تو وہ مسلم لیگ کی صدارت سے مستعفی ہوگئے اور مسلم لیگ کی صدارت جناب چودھری خلیق الزماں کو سونپ دی۔ قائدِاعظم کی وفات کے بعد وزیرِ اعظم نے مسلم لیگ کی صدارت خود سنبھال لی، اور نیز مسلم لیگ کے عہدہ داروں پر وزارتی عہدے قبول نہ کرنے کی پابندی بھی ہٹا دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مسلم لیگ کا تنظیمی ڈھانچہ ختم ہوگیا اور حکومت کی پالیسیوں پر کڑی نگاہ رکھنے والا کوئی نہ رہا۔ صوبوں نے مرکز کی تقلید کی اور صوبوں کے وزیرِاعلیٰ بھی صوبائی مسلم لیگوں کے صدر بن بیٹھے اور من مانیاں کرنے لگے۔ اس قبیح رسم نے ایسا رواج پایا ہے کہ آج تک جو پارٹی بھی برسرِ اقتدار آتی ہے اس کا وزیرِاعظم اپنی پارٹی کا صدر بھی برقرار رہتا ہے۔ اس طرح چونکہ وہ اقتدارِ کل کا مالک بن جاتا ہے اس پر قدغن کرنے والا کوئی نہیں رہتا۔ یہ مروّجہ سیاست کے معروف اصولوں کے منافی ہے۔ چنانچہ قائدِاعظم کی وفات سے ایوب خاں کے مارشل لاء تک اقتدار کی کشمکش کا ایک ایسا سلسلہ شروع ہوا جس نے ملک میں خلفشار کی نہایت افسوسناک صورتِ حال پیدا کر دی۔

۲۔ اقتصادی لحاظ سے پاکستان کی ابتدا ہر شخص کی توقعات سے بڑھ کر ثابت ہوئی۔ اس کے پہلے بجٹ میں توفیر (بچت) ہوئی۔ بیرونی تجارت ہمارے حق میں تھی اور کوریا کی جنگ نے ایسے حالات پیدا کر دیئے تھے کہ بیرونی منڈیوں میں ہماری خام اجناس کی مانگ بڑھ رہی تھی اور ہمارے مالی وسائل میں غیر متوقع طور پر اضافہ ہو رہا تھا۔ لیکن اِن وسائل کے خرچ کرنے میں کسی تدبیر یا منصوبے کو دخل نہ تھا، اور نہ ہی ملکی ضرورتوں کی تقدیم و تاخیر کا کوئی لحاظ رکھا گیا۔ او۔ جی۔ ایل (O.G.L.) پر کھلی چھٹی دے رکھی تھی کہ جس کا جو جی چاہے غیر ممالک سے منگالے۔ چنانچہ بیشتر زرِ مبادلہ زیب و زینت کے سامان اور خوش باشیوں کی درآمد پر صرف ہوا۔ اسلامی ثقافت کے نام پر مینا بازار اور عیش و طرب کی محفلیں گرم ہو رہی تھیں، اور بیگمات کی سج دھج، ان کے حسین و جمیل ملبوسات اور زیورات، اور سامانِ تعیش سے آراستہ پاکستان، پرستان کو مات کر رہا تھا۔ ملکی دولت ایک محدود طبقے کے ہاتھوں میں سمٹی جا رہی تھی اور ارتکازِ دولت کے اس عمل سے مُلک کی عام آبادی کی خوشحالی اور معیارِ زندگی پست سے پست تر ہوتا چلا گیا۔

۳۔ **خوراک** کے معاملے میں تقسیم ملک کے وقت پاکستان خود کفیل ہی نہ تھا بلکہ مازاد بھی تھا۔ لیکن وسیع پیمانے پر سمگلنگ کے باعث (جس میں وزرائے مملکت کے ہاتھ شامل تھے) چند ہی سالوں کے اندر خوراک کی قلت محسوس ہونے لگی، اور پہلے امریکی قرضے کا معاہدہ ستمبر ۱۹۵۲ء میں ڈیڑھ کروڑ ڈالر کی گندم درآمد کرنے کے لئے عمل میں آیا، اور پھر یہ قرضوں کی لعنت مسلسل ہمارے سر پہ سوار ہوتی چلی گئی۔

۴۔ **آئین سازی کا مسئلہ**۔ اگر قیادت مخلص ہوتی، تو پاکستان کے لئے کوئی دشوار مسئلہ نہ تھا۔ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا۔ اور یہاں کا آئین لامحالہ قرآن و سُنّت کے تابع مرتب ہونا چاہئے تھا۔ لیکن پاکستانی قیادت کے دِل میں چور تھا۔ وہ اگرچہ اب بھی اسلام کا ڈھونگ رچائے ہوئے تھی لیکن اُس کے سر پر سیکولرازم اور مغربی جمہوریت کا بھوت سوار تھا۔ اگر قوم نے سیکولرازم ہی تسلیم کرنا تھا تو پھر ملک کو تقسیم کرانے کی کیا ضرورت تھی۔ بھارت میں سیکولرازم رائج ہو چکا تھا اور آزادی کے پہلے ہی سال وہاں کا آئین بھی تیار کر لیا گیا۔ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی گورنر جنرل کے حکم سے ۱۹۵۴ء میں توڑ دی گئی اور نئی اسمبلی کے وجود میں آنے تک قوم کے خیالات و نظریات بدل چکے تھے۔ بلکہ نظریۂ پاکستان بھی اوجھل ہو چکا تھا۔ جس طرح قرار دادِ مقاصد مارچ ۱۹۴۹ء میں پاس کرا لی گئی تھی، کاش کہ آئین سازی کا کام بھی پہلی ہی وزارتِ عظمیٰ کے دور میں مکمل کر لیا جاتا، جس کے لئے شبیر احمد عثمانی جیسی شخصیتوں نے جان توڑ اور انتھک کوششیں کی تھیں، تو قوم آج اِس قدر بھٹک نہ جاتی اور بدحال نہ ہوتی۔

۵۔ **عام انتخابات**:۔ قائداعظم کی وفات کے بعد ملک میں ایک بحرانی کیفیت پیدا ہو گئی تھی۔ صوبوں کے نظم و نسق میں خلفشار اور دست درازیاں حد سے زیادہ بڑھنے لگیں۔ سرکاری ملازموں کو ناروا کاموں اور بے قاعدگیوں پر تحکمانہ طور پر مجبور کیا جا رہا تھا۔ سیاست گھر کی لونڈی بن چکی تھی، عام انتخابات کے لئے صوبوں کی تائید و حمایت لازمی تھی۔ چنانچہ صوبوں کو رام کیا گیا اور صوبائی انتخابات کروائے گئے۔ لیکن اُن میں ایسی دھاندلیاں اور صریح بدعنوانیاں ہوئیں جس کی مثال کسی جمہوری نظام میں ملنا مشکل ہے۔ اِس کا اثر قومی کردار اور عام زندگی کے معاملات پر بُری طرح پڑا۔ چور بازاری، ذخیرہ اندوزی، منافع خوری، مفاد پرستی، اقربا پروری، مہنگائی، ملاوٹ، خود غرضی، سہل انگاری، کام چوری، اور جھوٹ، دھوکہ، فریب روزمرّہ کا معمول بن گیا۔ اخلاقی گراوٹ حد سے تجاوز کرنے لگی اور ملک میں افراتفری اور غیر یقینی پھیل گئی۔ ان حالات کے پیشِ نظر

جناب حسین شہید سہروردی اور پیر مانکی شریف نے ۱۹۵۰ء میں حزب اختلاف کی مہم چلائی اور عوامی مسلم لیگ کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے اس وقت کی حکومت کے خلاف ایسی ہنگامہ خیز معرکہ آرائی کی کہ سب پردے چاک ہو گئے۔ ملک بھر میں حکومت کے خلاف ہلچل اور کھلبلی سی مچ گئی (اس زمانے کے نوائے وقت میں حمید نظامی کے اداریئے پڑھنے کے قابل ہیں)، اُدھر کشمیر کی جنگ میں مجاہدین کی یلغار سرینگر کے دروازوں تک پہنچ چکی تھی کہ حکومت نے یکایک جنگ بندی قبول کر لی۔ ساری قوم میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی، ہم نے جیتی ہوئی جنگ ہار دی اور کشمیر کا مسئلہ جو پاکستان کی شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے ہمیشہ کے لئے اُلجھا دیا گیا۔ ان حالات کے تحت عام انتخابات میں مسلم لیگ کی ہار یقینی تھی۔ چنانچہ مشرقی پاکستان کے صوبائی انتخابات میں یہی ہوا۔ اپنی تمام ہُلڑ بازیوں اور محاذ آرائیوں کے باوجود مسلم لیگ نے عبرت ناک شکست کھائی اور تین سو نشستوں کے ایوان میں صرف دس نشستیں حاصل کر سکی۔ ان حالات کی بنا پر عام انتخابات نامعین مدت تک کے لئے ملتوی کر دیئے گئے۔

۶۔ خارجہ پالیسی: قائداعظم اپنی زندگی میں اس بات کے متمنی تھے کہ مسلم ممالک کے ساتھ رشتے استوار کئے جائیں اور باہمی تعاون کی بنیاد پر "مسلم بلاک" کو مضبوط کیا جائے۔ ۱۹۵۰ء میں وزیراعظم پاکستان کو روس کی جانب سے دعوت ملی۔ اس کے بعد امریکہ نے بھی دعوت دی، آپ امریکہ کے دورے پر تشریف لے گئے، اور گو کہ روس کی دعوت بھی قبول کر لی لیکن یہ محض تکلف تھا۔ جانے کی کوئی تاریخ مقرر نہ کی اور نہ ہی جانے کا ارادہ تھا۔ اس کے برعکس پنڈت جواہرلال نہرو روس اور امریکہ دونوں مملکتوں میں گئے۔ دونوں میں اُن کی عزت افزائی ہوئی۔ اور دونوں سے اپنی مراعات حاصل کیں۔ ہم نے مخواہ مخواہ روس کی دشمنی مول لی۔ اُس نے ہر موقع پر ہمیں ڈسنا شروع کیا اور ہماری ہر بات کو رد کرتا رہا، اُس نے کشمیر کے معاملے میں بھارت کی حمایت کی، اور کشمیر کو بھارت کا اٹوٹ انگ قرار دیا۔ اور کشمیر کے معاملے میں وہ ہماری ہمیشہ مخالفت کرتا رہا۔ ۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگ میں روس نے ہمارے خلاف بھارت کے ساتھ جنگی معاہدہ کیا اور اس نے نہ صرف بھارت کو میزائل اور مگ طیارے فراہم کئے، بلکہ اپنے ٹیکنیشن اور ہوا باز بھی مہیا کئے۔ برخلاف اس کے روس کے صدر پوڈگرنی کی طرف سے جنرل یحییٰ خان کو نہایت دھمکی آمیز اور ہتک آمیز مکتوبات وصول ہوئے۔ یہ سب کچھ ہماری ۱۹۵۰ء کی ناعاقبت اندیشانہ خارجہ پالیسی کا نتیجہ تھا۔ اگر ہم متوازن خارجہ پالیسی اختیار کرتے تو ہم روس اور امریکہ دونوں کی نظروں میں نہ گر جاتے۔

۷۔ تعلیم و تربیّت:۔ تقسیمِ ملک سے پہلے رائج الوقت اسکولوں میں مروّجہ نظامِ تعلیم کے تحت شمال مغربی صوبوں کی پرائمری جماعتوں تک تعلیم خالص اُردو میں دی جاتی تھی اور حساب، جغرافیہ، مطالعۂ قدرت اور دینیات وغیرہ اُردو میں پڑھائی جاتی تھیں۔ چوتھی جماعت سے فارسی اور رومن اردو بھی شامل کردی جاتیں۔ پھر مڈل اسکول میں پانچویں سے آٹھویں تک انگریزی صرف زبان سیکھنے کے لئے پڑھائی جاتی تھی اور باقی سب مضامین حساب، الجبرا، جیومٹری، تاریخ، جغرافیہ، سائنس، ڈرائنگ وغیرہ اردو میں۔ نیز ایک کلاسیکی زبان عربی یا فارسی بھی لازمی تھی۔ میٹرک کی جماعتوں میں یہ سارے مضامین پھر انگریزی میں پڑھائے جاتے تھے اور اردو ادب اختیاری مضمون ہو جاتا تھا۔ گویا، انگریز نے بھی ہندوستان کا نظامِ تعلیم مرتب کرتے وقت اس بات کا لحاظ رکھا تھا کہ ہندوستانی بچّوں کو پہلے اُن کی قومی زبان میں تعلیم دی جائے، اور بعد میں انگریزی سکھائی جائے۔ اسکول کے بعد کالجوں میں مغربی علوم انگریزی میں پڑھائے جاتے تھے، لیکن انگریزوں نے اپنے بچوں کے لئے کانوینٹ اسکول قائم کر رکھے تھے جہاں ظاہر ہے کہ ساری تعلیم شروع ہی سے انگریزی میں دی جاتی تھی۔ ہندوستان کے معدودے چند نقالی "صاحبوں" نے جن میں انگریزیت رچ بس گئی تھی اپنے بچّوں کو کانوینٹ اسکولوں میں داخل کروایا۔ اِن کی حیثیت کانوینٹ اسکولوں میں بالکل ایسی ہی ہوا کرتی تھی جیسے کوّوں نے مور کے پَر لگا لئے ہوں۔ اُن دنوں دیسی اسکولوں کا اخلاقی معیار بہت بلند تھا، اور اساتذہ علم و فضل اور سیرت و کردار کے لحاظ سے فضیلت رکھتے تھے۔ تعلیم کا معیار بھی بہت بہتر تھا۔

قیامِ پاکستان کے بعد مملکتِ پاکستان کے وزیرِ اعظم نے اپنے بچے مس بردکس کے "انگلش میڈیم" اسکول میں داخل کروائے۔ اُن کی تقلید میں تمام وزرائے مملکت نے اپنے بچوں کو کانوینٹ اسکولوں اور گرامر اسکولوں میں داخل کروانا شروع کردیا۔ اُن کی دیکھا دیکھی تمام سیکرٹریوں اور حکامِ بالا نے بھی پیروی کی، تاآنکہ "انگلش میڈیم" قومی تعلیم کا معیار بن گیا اور دیکھتے ہی دیکھتے ساری قوم کے بالائی طبقوں میں "انگلش میڈیم" کی وبا پھیل گئی، حتیٰ کہ متوسط طبقے کے لوگوں نے بھی اپنے بچوں کو پادریوں کے حوالے کرنا شروع کردیا۔ "اُردو میڈیم" کے دیسی اسکول صرف نچلے طبقے اور غریب گھرانوں کے لئے رہ گئے جو "انگلش میڈیم" کے اسکولوں کے مصارف برداشت کرنے کی استطاعت نہ رکھتے تھے۔ اس کے ساتھ ہی اعلیٰ سیرت کے اساتذہ کا وجود بھی ختم ہو گیا۔ معاشرے میں "انگلش میڈیم" کو فوقیت دی جانے لگی

"انگلش میڈیم" اور "اردو میڈیم" کی پیداوار سے قوم کے بچے" ذہنی فکری اور نفسیاتی طور پر دو طبقوں میں بٹ گئے اور بچوں میں برتری اور کمتری کے احساسات نے جنم لیا۔ "انگلش میڈیم" کا ابلق ترین بچہ بھی

"اردو میڈیم" کے ذہین بچے" پر ناک بھوں چڑھاتا اور اپنے "اسمارٹ" ہونے پر اتراتا۔ "انگلش میڈیم" کے امرا اور رؤسا کے بچوں کو اسکول بھیجنے اور واپس لانے کے لئے کاروں کا اہتمام کیا گیا۔ معاشرے نے اس بات کی تقلید کو بھی اپنا فرض سمجھا اور لوگ اپنے فرائض منصبی چھوڑ کر بچوں کو اسکول لانے لیجانے کے لئے موٹریں لئے بھاگتے۔ بچے" گھر میں تو اردو یا اپنی مقامی بولی بولتے، لیکن کانوینٹ کی نرسری میں انہیں شروع ہی سے انگریزی سکھائی جاتی جو اُن کی سمجھ میں خاک نہ آتی۔ بچہ" گھر آتا تو ماں باپ پوچھتے، بیٹا! آج مِس نے کیا پڑھایا ہے۔ بچہ" ٹیڑھا سا مُنہ بنا کر کہتا:۔

بابا! بابا! بلیک شیپ!

ماں باپ پھولے نہ سماتے کہ بچہ انگریزی بولنا سیکھ گیا ہے، اور یہ نہ سمجھتے کہ بچے کو جو پہلا سبق دیا گیا اس میں بابا (باپ) کو بلیک شیپ بتایا گیا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جو نظم بچپن میں ہمیں پہلے پہل اسکول میں سکھائی گئی تھی، وہ یہ تھی:۔

تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا

اب ملاحظہ ہو دونوں قسم کی تربیتوں کا فرق ہے:۔ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا۔؟
ایک میں تو باپ کو بلیک شیپ بتایا جا رہا ہے" اور دوسری نئے بچے" کے ذہن میں خالق کی تخلیقِ کائنات اور اس کی حمد و ثنا کا تصوّر ابھارتی ہے۔ لیکن اس کا کیا کیا جائے کہ ذہنیت جو غلامی کے سانچے میں ڈھل چکی ہے اور نظر و نگاہ جس پر باطل کا غلبہ چھا گیا ہے آزادی کی صحیح قدر و قیمت کو جاننے سے عاری ہے۔

بہر حال، "انگلش میڈیم" میں دقت یہ در پیش ہوئی کہ بچہ گھر میں تو اپنی مادری زبان بولتا، لیکن اسکول میں اس کا واسطہ انگریزی کی براہِ راست تعلیم سے پڑ گیا۔ جو کچھ اُسے پڑھایا جاتا اس کی سمجھ میں کچھ نہ آتا۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے گھر گھر پرائیوٹ ٹیوشن کا اہتمام کیا گیا اور ہر بچے" کیلئے ٹیوشن مہیا کرنے کا خرچ ایک سو روپیہ ماہوار فی بچے" کے حساب سے مزید زیر بار ہونا پڑا۔ بنا بریں محدود آمدنی کے افراد کو سخت دشواری کا سامنا ہو گیا۔

اِدھر "اپوا" کی بنیاد پڑ گئی اور سرکاری افسروں کی بیویاں حتماً اس کی ممبر بنائی جانے لگیں۔ یہ تحریک چادر کی بے حرمتی اور عورتوں کی نسائیت بگاڑنے کی غرض سے ہمارے اربابِ اقتدار نے بڑے زور شور سے چلائی۔ جناب امین احسن اصلاحی اپنی کتاب "پاکستانی عورت دوراہے پر" (مطبوعہ ۱۹۴۹ء) کے دیباچے میں لکھتے ہیں:۔

"مسلمان عورتوں کو اس وقت جس راہ پر چلایا جا رہا ہے وہ دراصل مُلّا کے مذہب کے خلاف نہیں، خدا اور رسول کے خلاف صریح بغاوت کے مترادف ہے۔ اس رَوِش میں ظاہری چمک دمک چاہے کتنی ہی سہی، ہمارے قومی اور ملکی مفاد کے لئے سخت نقصان دِہ ہے۔ اِس بگاڑ کی تیز رفتاری اور بیباکی، اور بگڑنے والیوں کی کثرت، اِس بات کی دلیل ہے کہ ہمارے مقتدر حضرات کس طرح عورتوں کو بے راہ روی کی طرف دھکیل رہے ہیں" علامہ اقبال فرماتے ہیں ؎

ہزار بار حکیموں نے اس کو سُلجھایا ۔۔۔ مگر یہ مسئلۂ زن رہا وہیں کا وہیں
قصور زن کا نہیں ہے کچھ اس خرابی میں ۔۔۔ گواہ اُس کی شرافت پہ ہیں مہ و پرویں
فساد کا ہے فرنگی معاشرت میں ظہور ۔۔۔ کہ مرد سادہ ہے، بیچارہ زن شناس نہیں

پھر ایک جگہ اور فرماتے ہیں ؎

اِک زندہ حقیقت ہے مرے سینے میں مستور ۔۔۔ کیا سمجھے گا وہ جس کی رگوں میں ہے لہو سرد
نے پردہ، نہ تعلیم، نئی ہو کہ پرانی ۔۔۔ نسوانیتِ زن کا نگہباں ہے فقط مَرد
جس قوم نے اِس زندہ حقیقت کو نہ پایا ۔۔۔ اُس قوم کا خورشید بہت جلد ہوا زرد

چنانچہ اپوا کی تحریک میں خواتین کی آرائش و زیبائش اور ناچ گانے کی محفلوں کو خاص اہمیت دی گئی۔ اب بیگمات کے لئے نت نئی ساڑھیاں اور غرارے اور جھلملاتے ہوئے بیش بہا زیورات مہیا کرنے واجب ہو گئے۔ خواتین کا بیشتر وقت "میک اَپ" کرنے، جوڑے بنانے، اور ہار سنگھار کی نمائش میں صَرف ہونے لگا۔ مزید برآں مہنگائی میں ہر سال اضافہ ہوتا گیا، قوم افراطِ زر کا شکار ہو گئی۔ ہر شخص یہ چاہنے لگا کہ دن ڈھلے اور میں لکھ پتی بن جاؤں۔ معاشرے میں معیارِ زندگی کا پیمانہ بنگلہ، موٹر، صوفہ سیٹ، قالین۔ ریفریجریٹر، ریڈیو، ٹی وی، ٹیپ ریکارڈ، ایئر کنڈیشنر، ڈنر سیٹ وغیرہ سے

سے نا پا جانے لگا۔ کلب اور سینما بھی معمولاتِ زندگی کا جزو بن گئے۔ گھروں اور کلبوں میں شراب رواج پانے لگی۔ مرد بیچارے کے لئے یہ سارے اخراجات معمولی تنخواہ میں پورے کرنے محال ہو گئے۔ اور یہیں سے بدعنوانی اور رشوت ستانی کی ابتداء ہوئی۔ آزادی کا جوش اور ولولہ کافور ہو گیا، اُمنگیں دفن ہوئیں، احساسِ ذمّہ داری تنکے کی طرح بہ نکلا، عہد و پیمان ٹوٹ گئے، ہوس بڑھنے لگی، اور دل و دماغ پر فسق و فجور طاری ہو گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اِس مُلک میں بدکرداریوں اور بے قاعدگیوں کے اصل ذمّہ دار قیامِ پاکستان کا اہم وقت کا حکمراں طبقہ اور سیاستدان ہیں، نہ کہ عُمّال! یہ سیاستدان محلّاتی سازشوں میں مصروف رہتے تھے۔ سیاست اِن کے لئے شطرنج کا کھیل بن گئی تھی۔ اِنھیں مُلک و ملّت سے کوئی لگاؤ نہ تھا۔ تدبّر اور فراست سے عاری، پیٹ کے پجاری، خدا جانے یہ کب تک مکر و فریب سے قوم کو چکمے دیتے رہیں گے۔ کون کہتا ہے کہ یہ قوم کے نمائندے ہیں؟ اگر یہ اپنے ضمیر میں ذرا جھانک کر دیکھیں تو اِنہیں معلوم ہو جائے گا کہ یہ نمائندگی اپنی کر رہے ہیں یا قوم کی!

اگر یہ لیڈر حضرات تدبّر اور دوراندیشی سے کام لیتے، سستے اور چھچھورے بیانات سے احتراز کرتے، ذہن اور کردار کی پختگی کا مظاہرہ کرتے تو شاید اِس مُلک کی نوعیّت کچھ اور ہوتی۔

۸۔ **قومی زبان**:۔ تحریکِ پاکستان کے دَوران میں جیسا کہ مسلم لیگی قیادت نے وعدہ کیا تھا کہ پاکستان میں اسلامی نظام قائم کیا جائے گا، اسی طرح اردو کو قومی اور سرکاری زبان بنانے کے بھی بلند بانگ دعاوی کئے تھے۔ لیکن جس طرح قیامِ پاکستان کے بعد اسلام کی بجائے سیکولر نظام نافذ العمل ہے اور انگریزی قانون جاری اور ساری ہے، اسی طرح ”انگلش میڈیم“ کے ذریعہ اُردو کی بیخ کنی کی گئی۔ انگلش اسکولوں میں اردو کو بطورِ زبان بھی شامل نہ کیا گیا۔ اِس میں اربابِ اختیار کے ارادے اور مصالح واضح ہو جاتے ہیں۔ اِس عمل میں ان کو کوئی احساسِ زیاں قطعی نہ تھا، چنانچہ اُردو کو پاکستان سے جو توقّعات وابستہ تھیں گذشتہ تیس برس کے عرصے میں پوری نہ ہو سکیں جب پنڈت جواہر لال نہرو دسمبر ۱۹۶۰ء میں پاکستان آئے تو اُنہیں استقبالیہ انگریزی میں دیا گیا۔ پنڈت جی مسکراتے ہوئے استقبالئے کے جواب کے لئے اُٹھے اور نہایت شُستہ اُردو میں تقریر کی۔ وہ کہنے لگے کہ مقاصدِ پاکستان میں اُردو کا تنازعہ شدید ترین صورت

اختیار کر گیا تھا اور یہ بات میرے لئے نہایت حیرت اور استعجاب کا موجب ہے کہ اُردو کو پاکستان میں کوئی مقام حاصل نہیں، اس پر صدر ایوب خان نے انگلش میڈیم اسکولوں میں اردو پڑھائے جانے کی اہمیت پر زور دیا اور انگلش میڈیم اسکولوں میں اُردو کو پہلی مرتبہ نصاب میں داخل کیا گیا۔

ہمیں انگریزی سے کوئی عناد نہیں۔ یہ بڑی مؤثر اور زرخیز زبان ہے۔ مجھے خود یورپ کی دو زبانوں پر عبور حاصل ہے، دوسری جرمن ہے۔ زبانیں انسان جتنی سیکھے اس میں کوئی عیب نہیں، لیکن اپنے قومی تشخّص کو برقرار رکھنے کے لئے قومی زبان کی ترویج نہایت ضروری ہے۔ اور یہ اس نظریئے سے نہیں کہ اس سے قومی یا نسلی امتیاز قائم کیا جائے، بلکہ اس لئے کہ فطرتاً ہر ملک کی اپنی زبان ہوتی ہے، اور اُردو ہی وہ واحد زبان ہے جو پاکستان ہی میں نہیں، سارے برِصغیر میں عام فہم ہے۔ عام آدمی اپنا مافی الضمیر اپنی ہی زبان میں بہتر ادا کر سکتا ہے، اور جس طرح خیالات اور جذبات کی ترجمانی اپنی زبان میں ہوتی ہے کسی دوسری زبان میں نہیں ہو سکتی۔ ہم ہزار انگریزی سے چمٹے رہیں لیکن اسے اپنی مادری زبان کبھی نہیں بنا سکتے، اور نہ ہی یہ ہمارے باطنی ذوق اور مزاج کے مطابق ہے۔ ہم اس میں فکر و عقل کی نقّالی تو کر سکتے ہیں، جدّت پیدا نہیں کر سکتے اور نہ ہی اپنی تہذیب و تمدّن کے جوہر اُجاگر کر سکتے ہیں، نہ اپنی روایات برقرار رکھ سکتے ہیں، نہ تحقیق و تجسّس میں پیشقدمی کر سکتے ہیں، اور نہ تفکّر اور تدبّر میں دوسری قوموں کی ہمسری کر سکتے ہیں۔ فکری اجتہاد کا مادہ اُس وقت تک پیدا نہیں ہوتا جب تک کہ آپ کی زبان آپ کی سوچ کا ساتھ نہ دے۔ اور جب تک ہم تحقیق اور اجتہاد کے میدان میں آگے نہیں بڑھتے ہم دنیا کی رہنما قوموں کا سامنا نہیں کر سکتے۔ ہم تفکّر اور تدبّر میں دوسری قوموں سے اسی صورت میں مقابلہ کر سکیں گے جب ہم ذہنی غلامی سے آزاد ہو جائیں۔ ورنہ قوموں کے زُمرے میں ہماری حیثیت محض نقالوں کی سی ہو کر رہ جائے گی۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں ؎

کس درجہ یہاں عام ہوئی مرگِ تخیّل — ہندی بھی فرنگی کا مُقلِّد، عجمی بھی

مجھ کو تو یہی ڈر ہے کہ اس دَور کا بہزاد — کھو بیٹھے نہ مشرق کا سرودِ ازلی بھی

اب غالباً یہ سوال پیدا ہو گا کہ ہماری زبان میں اصطلاحات کا وہ ذخیرہ ہے ہی کہاں جو یورپین زبانوں کو حاصل ہے۔ تو جواباً عرض ہے کہ اصطلاحات یورپ والوں پر صحیفہ، تو نازل نہیں ہوئیں، انہوں نے اپنی ضرورت

کے مطابق اپنی کلاسیکی زبانوں کی مدد سے محنت اور کوشش کر کے اصطلاحات وضع کیں، اور کر رہے ہیں۔ یہ کام ناممکن نہیں لیکن محنت طلب ضرور ہے، اور کوئی کام جگر سوزی کے بغیر سر انجام ہو نہیں پایا۔ ہم تو اُما حلوے کھانے کے عادی ہو چکے ہیں اور چاہتے ہیں کہ چبانے کی بھی تکلیف نہ اٹھانی پڑے۔ ایسی قومیں دنیا میں زندہ لاشیں بن کر رہ جاتی ہیں۔

نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

٩۔ اردو اصطلاحات: ۔ دوسری بات جو اکثر بحث میں آتی ہے، وہ یہ کہ، اردو سب زبانوں سے مِل جُل کر بنی ہے، اور چونکہ اردو میں ہر زبان کے الفاظ استعمال ہو سکتے ہیں، اس لئے انگریزی کے الفاظ بھی کیوں نہ جوں کے توں اردو میں سمو لئے جائیں۔ یہ غلط ہے! یہاں زبان کی ساخت اور الفاظ کی نوعیت سے بحث نہیں، لیکن اتنا کہہ دینا ضروری ہو گا کہ اردو میں جو عربی، فارسی اور تُرکی الفاظ مروّج ہیں انہیں اسلامی ثقافت اور تمدّن کے تحت، تلفّظ معانی اور ہجّوں کے مطابق، اُردو میں ہُو بہُو اخذ کر لیا گیا۔ عربی کے جو الفاظ اردو میں داخل ہوئے وہ ایران کے راستے فارسی ادب کے توسّط سے ہوئے، اور اردو زبان میں عربی کے صرف وہی الفاظ شامل ہیں جو ہمیں فارسی ادب کے ذریعہ ملے تھے۔ لیکن انگریزی کا معاملہ جدا ہے۔ انگریزی کے جو الفاظ اُردو میں سموئے گئے انہیں پہلے اردو قالب میں ڈھالنا پڑا، ورنہ اُن کا کھردرا پن کانوں کو خوش آہنگ محسوس نہ ہوتا۔ آج انگریزی الفاظ فیشن کے طور پر انگریزی ہی لہجے اور انگریزی تلفظ کے ساتھ اردو میں بولے جانے لگے ہیں، لیکن اُن میں اُن کی اجنبیت اپنی جگہ پر قائم ہے، مندرجہ ذیل چند مثالوں سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ انگریزی الفاظ اختیار کرنے سے پہلے اُنہیں اُردو جامہ کیسے پہنایا جاتا ہے۔ یہ اور اِس قسم کے بے شمار دوسرے الفاظ بھی ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانے میں فورٹ ولیم کالج کے مدرّسین نے وضع کئے تھے

اردو مؤرّد	انگریزی تلفظ	انگریزی الفاظ	اردو مؤرّد	انگریزی تلفظ	انگریزی الفاظ
پروگرام	پروگریم	Programme	بوتل	باٹل	Bottle
تولیہ	ٹاول	Towel	ہسپتال	ہاسپٹل	Hospital

اردو مؤرد	انگریزی تلفظ	انگریزی الفاظ
تمباکو	ٹوبیکو	Tobacco
افسر	آفیسر	Officer
جرنیل	جنرل	General
کپتان	کیپٹن	Captain
پلٹن	پلاٹون	Platoon
اردلی	آرڈرلی	Orderly
رنگروٹ	ریکروٹ	Recruit
پستول	پسٹل	Pistol
کارتوس	کارٹرج	Cartridge
لالٹین	لینٹرن	Lantern
کیتلی	کیٹل	Kettle
پلستر	پلاسٹر	Plaster
پتلون	پینٹالون	Pantaloon
واسکٹ	ویسٹ کوٹ	Waist Coat

بعض انگریزی الفاظ جو اردو زبان کی ساخت کے لحاظ سے درشت نہ محسوس ہوئے وہ بغیر کسی تبدیلی کے اختیار کر لئے گئے۔ مثلاً گلاس، لیمپ، کوٹ، بوٹ، فیشن، موٹر، ریل، ٹکٹ، اسکول، کالج وغیرہ۔ لیکن علیگڈھ کالج کی تاسیس کے بعد یہ سلسلہ ختم ہو گیا۔ نیا تعلیم یافتہ طبقہ انگریزی الفاظ انگریزی ہی لہجے کے ساتھ بولنے میں فخر محسوس کرنے لگا، اور چونکہ انگریزی الفاظ روز افزوں استعمال سے ہر آن ذہن میں اُبھرتے رہتے ہیں اس لئے اردو الفاظ دماغ کے نامعلوم گوشوں میں غائب ہوتے گئے۔

۱۰۔ عربی مصطلحات:۔ ۱۹۶۸ء میں مجھے عمرہ کے لئے حرمین شریفین جانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ میں ڈیڑھ ماہ کے قریب سرزمین حجاز میں مقیم رہا اور تاریخی مقامات کے علاوہ نہر زبیدہ کے بعض حصوں کا مشاہدہ کیا، مدینہ یونیورسٹی دیکھی، جہاں ایشیا، یورپ اور افریقہ سے ہزاروں طلبا عربی علوم حاصل کرنے کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں، میں نے ان کے درس سُنے، دفاتر اور لائبریری کا نظم و نسق دیکھا اور ڈین (امین الجامعہ) سے ملاقات کی۔ پھر میں نے ورکشاپ دیکھے، بجلی گھر میں اور آب رسانی کے کارخانوں میں کچھ وقت گذارا۔ موٹروں کے مرمت خانے دیکھے، ڈاکخانوں اور بینکوں کی کارکردگی دیکھی۔ مجھے یہ بات دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کہ ہر شعبے میں عربی زبان اور عربی اصطلاحات مستعمل ہیں۔ ہر قسم کے آلات، اوزار اور پرزہ جات کے لئے ان کی اپنی اصطلاحیں موجود ہیں، اور انگریزی یا فرانسیسی کا ایک لفظ بھی استعمال کرنا عرب عربی کی توہین سمجھتے ہیں۔ جو اصطلاحات ان کے مختلف شعبوں میں رائج ہیں اُن کو میں نوٹ کرتا رہا اور کئی کاپیاں بھر گئیں۔

مثال کے طور پر چند عام فہم مکینیکل انجینئرنگ کی اصطلاحیں پیش کی جاتی ہیں:-

فرملہ	Brake	مکبس	Piston
استنتاج	Armature	اسطوان	Cylinder
مرکم	Battery	مبخر	Carburettor
رافعہ	Lever	عمودالمرفق	Crankshaft
عمودالرئیس	King Pin	حدّاقہ	Flywheel
وصلات عالمیہ	Universal Joint	قابض	Clutch
منظم	Regulator	صندوق التّروس	Gearbox
خرطوم	Hose Pipe	عمود التّروس	Gearshaft
فصد	Bleeding	تروس الخلفیہ	Reverse Gear
توقیت	Timing	مولّد	Generator
تسلیک	Wiring	فرقیہ	Differential
خنق	Throttle	تروس الفرقیہ	Differential Gear
تفریغ	Vacuume	تذریہ	Atomiser
شمعات الشرارہ	Spark Plug	نافورہ	Nozzle
عجلہ	Wheel	صمام	Valve
مطاط	Tyre	اشتعال	Ignition
انبوبہ	Tube	عازل	Insulator
زنبورک	Spring	موصل	Conductor
صامولہ	Nut	محور	Axle
اجزا فاضل	Spare Parts	مکثف	Condenser

عربوں کا دعویٰ ہے کہ ان کی زبان اتنی جامع اور مربوط ہے کہ کسی اصطلاح کے نفاذ سے پیشتر ہی عربی میں اس کا مادہ موجود ہوتا ہے۔ عربی زبان کے قواعد کے مطابق عربی میں چودہ باب ہیں اور ان بابوں کی مخصوص خصوصیتیں ہیں۔ جب کوئی مفرد مادہ ان بابوں کے وزن پر لایا جاتا ہے تو ان کے مشتقات سے نئی اصطلاحیں خود بخود جنم لے لیتی ہیں۔ عربی میں بنیادی تصورات ۶۵۰ ہیں، جبکہ انگریزی میں ۳۰۷۔ لیکن عربی میں چند یونانی اصطلاحات قدما کے زمانے سے چلی آتی ہیں جن کے انھوں نے معرب بنالئے تھے۔ مثلاً:-

جغرافیہ	Geography		فلسفہ	Philosophy	
مقناطیس	Magnet		اقلیدس	Euclids	
ارسطو	Aristotle		افلاطون	Plato	
جالینوس	Galen		سقراط	Socrates	

اب چند مثالیں اُن اصطلاحوں کی دی جاتی ہیں جو انجمن ترقی اردو اور جامعہ کراچی نے وضع کی ہیں:

عربی اصطلاح	جامعہ کراچی	انجمن ترقی اردو	انگریزی اصطلاح
لوحِ مفتوص	کھٹکا دان	کھٹکا دان	Switch Board
اجہادِ قص	تینغ زور	تینغ زور	Shear Stress
حبس البخار	بھاپ گیر	بھاپ پھندا	Steam Trap
حمام رمل	بالوجنتر	بالوجنتر	Sand Bath
مصباح امان	حفاظتی لیمپ	بچاؤ لیمپ	Safety Lamp

اس میں شک نہیں کہ انجمن ترقی اردو اور جامعۂ کراچی نے اصطلاحیں جمع کرنے اور وضع کرنے کا جو پہلا قدم اٹھایا ہے وہ بڑا قابل قدر ہے اور جہاں اُنہوں نے عربی اور فارسی سے استفادہ کیا ہے وہ معقول ہے، لیکن بعض اصطلاحیں ایسی ہیں جنہیں علمی اصطلاح ہرگز نہیں کہا جاسکتا۔ یہ ایسی بے تکی اور بے ربط اور اتنی پھسپھسی اور بدمزہ ہیں کہ دیکھ کر جی متلا اٹھتا ہے۔ یورپ میں جو علمی اصطلاحیں وضع ہوتی ہیں اُن کے

ماخذ اکثر لاطینی اور یونانی زبانیں ہیں، اور جو محققین علمی تحقیق اور تجسس کا کام کرتے ہیں وہ اپنی کلاسیکی زبانوں کے ماہر بھی ہوتے ہیں۔ ہماری کلاسیکی زبانیں عربی اور فارسی ہیں اور ہماری علمی اصطلاحیں بھی لامحالہ عربی اور فارسی سے اخذ کرنی پڑیں گی۔ الفاظ اگر ثقیل ہوں بھی تو رواج پاتے ہی کانوں کو مانوس ہونے میں دیر نہیں لگتی۔ ہمارے ادیب جو عربی اور فارسی میں دسترس رکھتے ہیں وہ سائنس اور ٹیکنالوجی سے بے بہرہ ہوتے ہیں اور جو سائنسدان اور انجنیئر ہیں وہ عربی، فارسی بلکہ اُردو سے بھی لاتعلق ہیں۔ چونکہ علمی اصطلاحوں کی اختراع وہی سائینسدان یا انجنیئر کرسکتا ہے جو تحقیق کے شعبے سے وابستہ ہو، اِس لئے اُس کا عربی اور فارسی پر مکمل عبور حاصل کرنا بے حد ضروری ہے۔ فارسی تو بہت آسان زبان ہے البتہ عربی کی تہ تک پہنچنے کے لئے کافی محنت اور کاوش درکار ہوتی ہے۔ امریکن یا انگریز سال چھ ماہ میں عربی صاف بولنے لگتا ہے اور پٹرو کیمیکل کی اکثر عربی اصطلاحیں امریکنوں نے خود ہی وضع کی ہیں۔ زبان سیکھنے میں ٹیپ ریکارڈر سے کام لیتے ہیں۔ (ٹیپ ریکارڈر کو عربی میں "مسجل شریط" کہتے ہیں)

اردو زبان کی ارتقا اور نشو ونما میں عربی اور فارسی کا بہت بڑا حصّہ ہے اور اگر اردو سے فارسی اور عربی الفاظ خارج کردیئے جائیں تو زبان بالکل بودی سی بن کر رہ جاتی ہے۔ جب تک ہم فارسی زبان اور ترکیبوں سے آشنا نہ ہوں ہماری اردو تحریر و تقریر میں تشنگی پائی جاتی ہے۔ اردو کی کسی ادبی کتاب کا مطالعہ کریں تو تقریبًا ۸۰ فیصد الفاظ عربی اور فارسی کے ملیں گے۔ فارسی تقریبًا آٹھ سو سال اِس برِّصغیر ہند و پاک کی علمی اور سرکاری زبان رہ چکی ہے اس لئے ہماری زبان تو آدھا فارسی اور عربی الفاظ کا مجموعہ ہے، بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اردو کی شگفتگی اور شائستگی کا انحصار عربی اور فارسی کے امتزاج پر ہے اور تحصیلِ فارسی پاکستانیوں کے لئے لازمی امر ہے۔ اسے نصاب میں داخل ہونا چاہئے۔

حرم رُسوا ہوا پیرِ حرم کی کم نگاہی سے
خبر دیتی تھیں جن کو بجلیاں وہ بے خبر نکلے

(۱۹)

عالمِ اسلام میں جب کبھی اسلامی حکومت کا نام لیا جاتا ہے تو غیر ممالک عموماً اور ہمارے اپنے سیاسی لیڈر خصوصاً نہایت دہشت زدہ ہو جاتے ہیں اور اُن کو خدشہ پیدا ہو جاتا ہے کہ اسلامی حکومت سے مراد کٹّر ملّائیت یا کوئی جابرانہ و مستبد حکومت قائم کرنا ہے۔ حالانکہ اسلام کی تعلیمات اور اُس کی روح جبر و استبداد اور مُلّائیت کے بالکل منافی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلامی نظام وُہ تھیوکریسی نظام نہیں جو پاپائے روم نے اپنے اقتدار اور تسلّط کے لئے اقصائے مغرب میں ظلم و تشدد کے ساتھ قائم کر رکھا تھا۔ اِس تھیوکریسی میں ایک مخصوص مذہبی گروہ خدا کے نام سے اپنے بنائے ہوئے قوانین نافذ کرتا ہے اور عملاً اپنی خدائی اپنے ماننے والوں پر مسلط کر دیتا ہے۔ اسلام نے پاپائے روم کی تھیوکریسی کے خلاف مکمل بغاوت کی تھی۔ قرونِ وسطیٰ میں جو یورپ کا "دورِ ظلمت" کہلاتا ہے، یورپ بھر میں پوپ کی مقدّس بادشاہت نفرت کا مظہر بن گئی تھی۔ پوپ سے خلاصی حاصل کرنے کی خاطر مارٹن لوتھر نے پندرھویں صدی عیسوی میں پروٹسٹنٹ مذہب کی بنا ڈالی اور پوپ کا جوا اتار پھینکا۔ لیکن اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پاپائے روم سے نجات حاصل کر کے فرنگیوں کی سیاست دیوِ بے زنجیر کی طرح ہر بند سے آزاد ہو گئی۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں ؎

ہوئی ہے ترکِ کلیسا سے حاکمی آزاد
فرنگیوں کی سیاست ہے دیوِ بے زنجیر

یورپ کے اس مذہبی انقلاب کی نشاندہی علامہ نے مندرجہ ذیل نظم میں بھی کی ہے۔

کلیسا کی بنیاد رہبانیّت تھی — سماتی کہاں اس فقیری میں میری
سیاست نے مذہب سے پیچھا چھڑایا — چلی کچھ نہ پیرِ کلیسا کی پیری
ہوئی دین و دنیا میں جس دم جدائی — ہوس کی امیری، ہوس کی وزیری
یہ اعجاز ہے ایک صحرا نشیں کا — بشیری ہے آئینہ دارِ نذیری

اِسی میں حفاظت ہے انسانیّت کی
کہ ہوں ایک جنیدی اور اردشیری

اسلام نے پاپائیت اور ملوکیت کے تصوّرات کے خلاف ایک انقلابِ عظیم برپا کردیا اور پوپ کے مقدّس وجود کو جسے انسانوں کے گناہ بخشنے کا شرف حاصل تھا، اور جلالت مآب تاجداروں کو جنہیں دیوتاؤں کے خاندان سے نزول کا تقدّس حاصل تھا، باطل قرار دیا۔ اسلام نے دین کو ایک نظامِ حیات قرار دے کر مذہبی شعائر کو کشف و کہانت کے رنگ سے آزاد کیا۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہم نے ایک ایسے دین کا دامن تھام رکھا ہے جو ہمارے لئے ترقی کی شاہراہیں کھولتا ہے۔ کوئی مسلمان جو علم و اجتہاد کی نعمت سے بہرہ ور ہو کر اسلامی نظامِ حیاۃ کی معرفت حاصل کرلیتا ہے اور مسلمانوں کے اقتصادی اور معاشرتی فلاح و بہبود کے تقاضوں کو پورا کرسکتا ہے وہ عامۃ الناس کے فرائض کو سرانجام دے سکتا ہے۔ اسلام میں کسی ایسے پاپائی مقتدر یا پروہت کی گنجائش نہیں جو حکومت کے معاملوں میں اپنے ظاہری تقدّس کی بناپر اثر و نفوذ رکھے۔ اسلام مسلمانوں کی زندگی کے ہر گوشے کو، انفرادی ہو یا اجتماعی، ایک عقیدہ اور نصب العین دے کر اپنی آغوش میں لے لیتا ہے اور حاکم و محکوم کے لئے ہر شعبۂ زندگی میں انصاف کے تقاضے یکساں پورے کرتا ہے۔ سب سے واضح حقیقت یہ ہے کہ اسلام کے اندر کسی مستقل حیثیت رکھنے والے کلیسا کا کوئی وجود نہیں۔ پیغمبر اسلامؐ اور خلفائے راشدین کے زمانے تک مُلّاؤں کے طبقے کا کوئی وجود نہیں ملتا۔ کٹر مُلّائیت کے نزدیک تنگ نظری، قدامت پرستی، اور حکیمانہ لب و لہجہ اصلی دینی وجاہت سمجھی جاتی ہے۔ جدید علوم، سائنس کی مادی ترقی، اقتصادیات اور معاشیات کے اجتہادی مسائل اور عملی سیاسیات سے اُنہیں کوئی سروکار نہیں۔ اسلام کے دعوے کے باوجود نہیں جانتے کہ اسلام کی اصل ماہیئت کیا ہے، اور اسلام موجودہ تقاضوں کا کیا حل پیش کرتا ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا تھا: "اُمّت پر ایک زمانہ آنے کو ہے کہ اسلام کا فقط نام ہی نام رہ جائے گا اور قرآن کے الفاظ صرف مرقوم رہ جائیں گے۔ مسجدیں ویسے آباد دکھائی دیں گی، لیکن ہدایت کے لحاظ سے ویران ہوں گی۔ علما زیرِ سما بدترین خلائق کے حامل ہوں گے، فتنہ ان سے اُبھرے گا اور ان ہی کی طرف لوٹے گا۔" ابنِ خلدون نے لکھا ہے کہ "ایسے لوگ حقائقِ حیات سے بیگانہ ہونے کی وجہ سے سیاست میں حصہ لیں گے اور وہ غلط ہوگا اور موجبِ فساد و خسران ہوگا۔"

ہمارا سوادِ اعظم اگرچہ دل سے خواہشمند ہے کہ پاکستان میں اسلامی ریاست قائم ہو، لیکن قوم کی اکثریت کٹر ملائیت کے غلبے اور اُن کے شدائد سے خائف ہے۔ بائیں بازو کے "ترقی پسند" حضرات اِس صورت حال سے فائدہ اٹھا کر مُلّائیت کو اسلامیت سے منسوب کر دیتے ہیں اور عوام کو اسلامی نظام سے برگشتہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ترقی پسندوں کے نزدیک مذہب کا تصوّر فرسودہ اور مہمل ہو چکا ہے۔ چنانچہ ریاست کی دینی اساس کو یہ حضرات رجعت پسندی سے تعبیر کرتے ہیں اور ان کی نشر و اشاعت کی تہ میں اُن کا مقصد روس کی ملحدانہ اشتمالی ریاست قائم کرنا ہے جو ہماری فکر و نظر کے لحاظ سے ہمارے قومی مزاج کے یکسر منافی ہے۔ کچھ ایسے ہی مہمل تصورات تعلیم یافتہ مسلمانوں، نئی نسل کے نوجوانوں، اور کوتاہ اندیش سیاستدانوں کے اندازِ فکر بھی اثر انداز ہیں اور وہ مغربی جمہوریت سے متاثر ہو کر "دائیں اور بائیں بازو" کی الجھنوں کا شکار ہو رہے ہیں اور بزعم خود سیاست میں دین کی مداخلت یا متابعت ضروری نہیں سمجھتے۔ وہ مذہبی قیود سے آزاد رہ کر مغربی دلفریبیوں کے شیدائی بن گئے ہیں اور مذہب کی موجودہ شکل سے بیزار ہو کر مغرب کی رنگینیوں میں کھو جانا پسند کرتے ہیں۔ اُن کے نزدیک یہ چودہ سو سالہ پرانا نظام قابلِ عمل نہیں، اور وہ مغرب کی تقلیدِ محض میں مذہب سے متنفر نظر آتے ہیں۔ حالانکہ مغرب کو مذہب سے جو بے اطمینانی پیدا ہوئی تھی وہ اہلِ کلیسا اور نشاۃِ ثانیہ کے علماء کے درمیان کشمکش کا نتیجہ تھی۔ اہلِ یورپ نے جو علوم مسلمانوں سے اندلس کی درسگاہوں میں سیکھے تھے کلیسا ان کی سخت مخالفت کرتا تھا۔ اہلِ کلیسا نے علم کے علمبرداروں پر جو جاہلانہ فتوے صادر کیے اور جس طرح تیرھویں اور چودھویں عیسوی میں اُنہیں اذیتیں پہنچائیں اور ظلم کا نشانہ بنایا اس کا ردِ عمل مغرب میں مذہب کے خلاف ظاہر ہوا۔ نیز مسیحیت خود بھی اپنے مسخ شدہ تثلیثی عقائد کے ساتھ کسی صاحبِ فکر کو اپیل کرنے کے قابل نہ تھی۔ جب مغرب نے مذہب سے بیزاری کا اظہار کیا تو یہ بیزاری عیسائیت اور پاپائی نظام سے تھی، جو ایک طرف تو رہبانیت کی تعلیم دے رہی تھی اور دوسری طرف پوپ اپنے شاہانہ اقتدار کے نشے میں ظلم دستم ڈھا رہا تھا۔ مغرب کے "دورِ ظلمت" کا یہ نظام اہلِ مغرب کی تشنگی کے لئے تشفی بہم نہ پہنچا سکا، اِس لئے پندرھویں صدی عیسوی میں ریفارمیشن کی تحریک چلائی گئی اور پوپ سے صرف چھٹکارا ہی حاصل نہ کیا گیا بلکہ مذہب سیاست کو مذہب سے آزاد کرا لیا گیا۔ حتیٰ کہ اٹھارویں صدی

تک مغربی معاشرہ مذہبی احکامات سے بالکل بے نیاز ہوگیا۔ چنانچہ سیاست کی بنیاد مادہ پرستی اور اورجمہوریت پر رکھی گئی، اور ماورائے مادیت، تمام عقائد وحقائق کا انکار لازم ہوگیا۔ جب انسان کے وجود کی تعبیر ہی مادی قرار دی گئی، تو حیاۃ بعد ازممات، اور جوابدہی کا تصور کیسے قائم رہتا؟ چنانچہ انسان زندگی کے مسائل حل کرنے میں دیوِ بے زنجیر کی طرح بے لگام ہوگیا، اور سیاست کے لوازمات میں اخلاق کا کوئی مقام نہ رہا ؂

ہوئی ہے ترکِ کلیسا سے حاکمی آزاد
فرنگیوں کی سیاست ہے دیوِ بے زنجیر

"ایک غیر مذہبی ریاست میں چونکہ اعمال وافعال کا تعین کسی عالمگیر اخلاقی قانون کے تابع نہیں ہوتا اور اس میں ہر بات کا فیصلہ مصلحت پر ہوتا ہے، اور چونکہ ہر قوم میں مصلحت کا تصور اس کے مفادات کے تابع ہوتا ہے، اس لئے اس تصادم سے ایک پریشان کن صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ جہاں معروف ومنکر کا کوئی معیار ہی نہ ہو، وہاں جو کچھ بھی ہوگا قومی یا ذاتی مفاد پر مبنی ہوگا۔ اندریں صورت اگر مختلف قوموں کے معاشی نظریئے اپنے اپنے مفادات پر مبنی ہوں تو اختلافات جو اس کشاکش کا قدرتی نتیجہ ہیں لاینحل ہو جاتے ہیں۔ مغرب میں کثیر النقد اور رائج الوقت تصورات اشتراکیت اشتمالیت، سرمایہ دارانہ جمہوریت، نسطائیت، معاشی حریت، سب کے سب غیر مذہبیت کی پیداوار ہیں اور ان کے تصادم سے عالمگیر محاربے پیدا ہو رہے ہیں؛ اور ناممکن ہے کہ امورِ انسانی کی رہنمائی کے لئے کوئی ایسا اصول مل سکے جو اعتماد اور بھروسے کے قابل ہو۔ غیر مذہبی ریاست کے ملحدانہ نظریات اور تصورات انسانی اقدار کی حرمت کو قبول نہیں کرتے۔ جنسی بے راہ روی اور خاندانی زندگی کا زوال، خیالات کی پراگندگی اور انتشار، اور روح وضمیر کی پاکیزگی سے غفلت ہماری تباہی کا باعث بن رہے ہیں۔ چونکہ لامذہبی ریاست میں خدا کو مرکزی حیثیت حاصل نہیں ہوتی جو حُسن وصداقت اور رحم وانصاف کا سرچشمہ ہے، اس لئے خدا ترسی کا وہ جذبہ جو عدل وانصاف رحم وکرم اور بے لوث خیرخواہی کو تخلیق کرتا ہے ناپید ہو جاتا ہے اور نیکی اور بدی کی تمیز اُٹھ جاتی ہے اور انسان گمراہی کے خارزاروں میں بھٹک جاتا ہے۔" (ماخوذ از حمید انور، پاکستان کا پیش منظر) چنانچہ مغرب کی سیاست نے جس کا نصب العین مادی ترقی ہے دائیں اور بائیں بازو کی تحریکوں میں منقسم ہو کر بڑی عالمی طاقتوں کو جنم دیا، جبکہ مشرق کی قومیں خصوصًا مسلمان قعرِ ذلت میں غرق ہوتے چلے گئے۔

قرآنِ حکیم نے سورۃ انبیاء میں کہا ہے کہ "جو قومیں قعرِ مذلت میں گر جائیں ان کے دوبارہ ابھرنے کی کوئی صورت نہیں ہوتی یہاں تک کہ یاجوج ماجوج ان پر کھول دیئے جائیں"۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ یاجوج اور ماجوج کی قومیں جب اپنی استعماریت کی ہوس میں اُن قوموں کو لُوٹیں گی تو اس تصادم سے کمزور قوموں کی خوابیدہ قوتیں بیدار ہو جائیں گی اور ان کی تلاطم خیزیاں مردہ اقوام کے لئے حیاتِ نو کا باعث بنیں گی۔ علامہ نے غالباً اس حقیقت کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے ؎

مسلماں کو مسلماں کر دیا طوفانِ مغرب نے
تلاطم ہائے دریا ہی سے ہے گوہر کی سیرابی!

اگر یاجوج ماجوج کا لفظ "اجج" سے مشتق مانا جائے تو یاجوج ماجوج کی خصوصیات میں آگ کی شعلہ انگیزیاں، طوفانی دریاؤں کی تلاطم خیزیاں اور تند ہواؤں کی تباہ کاریاں سب شامل ہیں۔ (لغات القرآن)۔ اگر یاجوجیت اور ماجوجیت کے فلسفے کا اطلاق امریکہ اور روس پر کیا جائے تو ظاہر ہے کہ دونوں عالمی طاقتیں سیلاب کی طرح اپنی استعماریت کی ہوس میں ساری دنیا پر چھا جانا چاہتی ہیں۔ لیکن معاشیات کے نظریاتی اختلاف کے باعث ان کا آپس میں ٹکرا جانا لازمی امر ہے اور مسلمان ملکوں کی بیداری کا باعث بن سکتا ہے، بشرطیکہ مسلمان اپنے ہاں قرآن کا سیاسی اور معاشی نظام رائج کریں اور اسلامی اصولوں پر کاربند ہو جائیں ؎

محنت و سرمایہ دنیا میں صف آرا ہو گئے
دیکھئے ہوتا ہے کس کس کی تمناؤں کا خون
حکمت و تدبیر سے یہ فتنۂ آشوب خیز
ٹل نہیں سکتا، "وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ"
کھل گئے یاجوج اور ماجوج کے لشکر تمام
چشمِ مسلم دیکھ لے تفسیر حرفِ یَنْسِلُوْنَ!

(۲۰)

مغربی جمہوریّت:۔ چونکہ پاکستان میں جمہوریّت کا تصوّر اور طریقِ کار مغربی جمہوریّت کا مرہونِ منّت ہے اور جمہوریّت سے مراد عملاً مغربی جمہوریّت کا اتباع اور تقلید سمجھی جاتی ہے، اس لئے ضروری ہے کہ اس جمہوریّت کا تجزیہ اسلام کی روشنی میں کیا جائے تاکہ یہ امر آشکارا ہو کہ آیا جس جمہوریّت کا ہم صبح شام کلمہ پڑھتے ہیں وہ فی الواقع ہم پر مباح بھی ہے یا نہیں، اور وہ نظامِ اسلام جسے ہم اس ملک میں برپا کرنا چاہتے ہیں یہ جمہوریّت اس کی نفی تو نہیں کرتی۔

مغربی جمہوریّت کا بڑا بصیرت افروز تجزیہ جناب آقائی رازی نے اپنے مقالات میں کیا ہے جس سے چند اشارات اس مضمون میں شامل کئے جاتے ہیں۔ جناب رازی لکھتے ہیں کہ مغربی جمہوریّت اپنے بنیادی تصوّرات، عمرانی قدروں، اور طریقِ کار کے لحاظ سے بجائے خود ایک نظامِ حیات ہے اور یہ اسلام سے بنیادی طور پر مختلف ہے۔ جمہوریّت کے اہم اجزائے ترکیبی یہ ہیں:۔ (۱) مُلحدانہ تصوّرِ کائنات۔ (۲) حاکمیّتِ انسانی۔ (۳) قومیّت۔ (۴) فریق بازی یا پارٹی بازی۔ (۵) معاشی نظام۔ (۶) استعماریّت۔ (۷) معاشرتی بدحالی۔

۱ ــــ **ملحدانہ تصوّرات**:۔ اٹھارویں اور انیسویں صدی عیسوی میں طبیعی علوم کے ارتقاء نے جدید نظریات کی بنیادیں فراہم کیں اور مادے کی ٹھوس اور ابدی صداقت کی اساس پر مادے کو "حقیقتِ واحدہ" تسلیم کیا گیا، اور ہر وہ چیز جس کا ادراک حواسِ خمسہ سے نہ ہو سکا باطل قرار دی گئی۔ لہٰذا کائنات کی تخلیق مادے سے قرار پائی۔ خالقِ کائنات کے وجود سے انکار کیا گیا اور باری تعالےٰ کے سامنے جوابدہی کا تصوّر ختم ہوا۔ افرنگی سیاست کی باگ دوڑ مادہ پرست حکمرانوں کے ہاتھ میں آگئی جو کسی اخلاقی ضابطے کے پابند نہیں۔ اِن مادہ پرستوں نے عوام کو عالمِ محسوسات کا گردیدہ بنایا اور تہذیبِ افرنگ کی سحر طرازیوں نے انسان کو خالقِ حقیقی سے بیگانہ کر دیا۔ طلسمِ رنگ و بو میں کھو جانا معرفت سے بیگانگی کی علامت ہے۔ جب تک انسان کا زاویۂ نظر درست نہ ہوگا اور قلوب، اخوّت اور محبت کے جذبے سے سرشار نہ ہوں گے، نوعِ انسانی کو خیر کی امید رکھنا عبث ہے ؎

نہادِ زندگی میں ابتدا لَا، انتہا اِلّا
پیامِ موت ہے جب لَا ہُوا اِلّا سے بیگانہ

وہ ملّت روح جس کی لَا سے آگے بڑھ نہیں سکتی
یقیں جانو ہوا لبریز اُس ملّت کا پیمانہ

۲۔ حاکمیتِ انسانی:۔ تخلیقِ کائنات میں خدا کے وجود سے انکار کا منطقی شاخسانہ حاکمیت انسانی ہے، چاہے وہ ایک فرد کی ہو، یا چند افراد کی، یا جمہور کی اکثریت کی۔ بہرحال چونکہ یہ حاکمیت فیضانِ الٰہی سے محروم ہے، اس لئے انسانی زندگی نااہل حاکموں کے ہاتھوں بے لنگر جہاز کی طرح مختلف انتہاؤں میں گھومتی رہے گی اور اس نظام میں امن و سکون کبھی نصیب نہ ہوگا۔ دنیا میں فتنے کی اصل جڑ اور فساد کا سرچشمہ انسانی حاکمیت ہے، اور چونکہ یہ جمہوریت کی خشتِ اوّل ہے، اس لئے یہیں سے اسلام اور جمہوریت میں تضاد شروع ہو جاتا ہے۔ اسلام میں اقتدارِ اعلیٰ کا مالک عوام کی بجائے خالق حقیقی ہے، اور اس کے احکام کی تعمیل کا علمی ذریعہ قرآنِ حکیم ہے۔ جب تک وحیِ آسمانی اور تلقینِ ربانی شاملِ حال نہ ہوں تنہا عقلِ انسان کی رہنمائی نہیں کر سکتی، اور ذہنِ انسانی کے تراشیدہ نظامہائے حیات کاروانِ انسانیت کو کبھی منزلِ مراد تک نہیں پہنچا سکتے۔ اس میں شک نہیں کہ مادی ترقی نے انسان کو عیش و عشرت اور آرام طلبی کے سامان مہیا کر دیئے ہیں لیکن داخلی کرب و اضطراب اور حزن و ملال بڑھتا جا رہا ہے، اور ساری دنیا ایک بحرانی کیفیت اور کس مپرسی کی حالت سے دوچار ہے۔ زندگی مکینکل بن گئی ہے اور انسان اپنے ٹیکنیکل ماحول کا غلام بن کر رہ گیا ہے۔ سائنس کی ایجادات نے جہاں انسان کو آسائش اور سہولت کے ذرائع مہیا کئے ہیں وہاں انسان نے اپنی ہلاکت کے بھی بڑے بڑے ہلاکت آفریں سامان اکٹھے کر لئے ہیں۔ عقل، وسائل پہ تو نگاہ رکھتی ہے لیکن مقاصد اور اقدار کی جانب سے بالکل اندھی ہے۔ ہم جب تک حکومتِ الٰہیہ کے سامنے سرِ تسلیم خم نہ کریں اور احکامِ الٰہی کی روشنی میں اپنی فلاح و بہبود کا تجسس نہ کریں ہماری زندگی بے اطمینانی کے خارزاروں میں بھٹک کر تار تار ہوتی رہے گی ؎

سروری زیبا فقط اس ذاتِ بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے اک وہی، باقی بُتانِ آزری!

۳۔ قومیت:۔ جمہوریت کے جسم میں قومیت ایک خبیث روح کی طرح کارفرما ہے جس کی ابتدا تفریقِ انسانیت اور اخلاقی غیر ذمہ داری سے ہوتی ہے اور انسانیت کمزور اور بے مقصد گروہوں میں بٹ جاتی ہے۔ ہر گروہ اپنے مخصوص علاقے یا خطۂ زمین اور اس کے بسنے والوں سے والہانہ نسل پرستی کا اظہار کرتا ہے اور وحدت کی ایجابی تصور کو گروہی عصبیتوں اور خودغرضانہ قومیتوں

قبیلوں اور برادریوں کی طرف دھکیل لے جاتا ہے۔ چونکہ انسان اس طرح بے مقصد گروہوں میں بٹ جاتا ہے، اس لئے اس کا ذہن و شعور مثبت کاموں میں صرف ہونے کی بجائے خود غرضی اور تعصب کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اسلام نسل پرستی اور قومیت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ وحدتِ اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے۔ اسلام قومیت کی بنا پر کسی کو رکنیت کے حقوق نہیں دیتا بلکہ فکری اور اصولی بنیادوں پر معاشرے اور ملت کی تعمیر کرتا ہے۔ انسانیت کا ہر وہ رکن جو اسلام کے پیش کردہ عقائد و ضوابط کو تسلیم کرتا ہے اسلامی ملت کا رکن بن جاتا ہے، اور کوئی وہ رکن جو اس کا انکار کرے، خواہ وہ ملتِ اسلامیہ میں پیدا ہی کیوں نہ ہوا ہو، یا پہلے ہی سے شامل کیوں نہ ہو، اسلامی معاشرے سے منقطع ہو جاتا ہے ؎

اپنی ملت کا قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر — خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی
اُن کی جمعیت کا ہے ملک و نسب پر انحصار — قوتِ مذہب سے مستحکم ہے جمعیت تری

دامن دیں ہاتھ سے چھوٹا، تو جمعیت کہاں
اور جمعیت ہوئی رخصت تو ملت بھی گئی!

۴ — **پارٹی بازی اور انتخابات:۔** جمہوری سیاست کا لازمی طریقِ کار پارٹی بازی ہے۔ اور اس کے لازمی جزو کارکردگی ہیں۔ عام جمہوری ملکوں میں مختلف مسالک اور نظریات کے علمبردار رائے عامہ ہموار کرتے ہیں۔ مغرب تو جمہوریت کا ملحدانہ نظام مختلف اذہانِ باطلہ کا تسلط گوارہ کر لیتا ہے، لیکن اسلام اس امر کی اجازت نہیں دے سکتا کہ کوئی نام کا مسلمان اسلام کا لبادہ اوڑھ کر یہاں فاسد نظریات کی تبلیغ کرے اور ملحدانہ نظام قائم کرنے میں کامیاب ہو جائے۔ اسلام میں چونکہ مقصد اور مسلک متعین ہیں اس لئے اسلام میں مغربی جمہوریت کے نقطۂ نظر سے پارٹی بازی کا کوئی جواز نہیں۔ اسلامی مملکت ایک اصولی مملکت ہے اور حکومت کی زمامِ کار اُنہی لوگوں کو سونپی جا سکتی ہے جو اسلام کے اصولوں پر کاربند ہوں۔ اس لئے مختلف نظریات اور مقاصد کی حامل پارٹیاں انتخابات کی بنیاد نہیں سکتیں، اور اگر کوئی پارٹی مغربی جمہوریت کو فروغ دینے کی دعویدار ہو تو وہ اسلامی نظام میں ہرگز نہیں کھپ سکتی ؎

ہے زندہ فقط وحدتِ افکار سے ملت — وحدت ہو فنا جس سے وہ الہام بھی الحاد!

پاکستانی سیاست:۔ پاکستان میں جمہوریت کا معاملہ جدا ہے۔ یہاں کسی اصول یا قاعدے قانون کی جنگ نہیں، اقتدار پر قبضہ جمانے کی جنگ ہے۔ منشور بنتے ہیں تو دکھاوے کے لئے، اُن کی کوئی پابندی کسی پر لازم نہیں۔ ہر لیڈر کا مقصد اپنی لیڈری چمکانا اور کسی بھی حیلے سے اقتدار پر قابض ہو جانا ہے۔ قوم بیچاری پے در پے قربانیاں دیتے اور ظلم و ستم سہتے عاجز آگئی ہے اور سِسک سِسک کر دم توڑ رہی ہے۔ کوئی آئے، کوئی جائے۔ تیس سالوں سے یہ متواتر چکّی میں پس رہی ہے اور کوئی پُرسانِ حال نہیں۔ قہرِ درویش، بر جانِ درویش۔ ہر مصیبت کا تنہا مقابلہ کر رہی ہے۔ مہنگائی بڑھتی ہے تو آنکھیں آسمان کی طرف اٹھا لیتی ہے۔ ٹیکس لگتے ہیں تو گردن نیچے جھکا لیتی ہے۔ دائیں دیکھتی ہے تو سیاستدان لُوٹ رہے ہیں۔ بائیں دیکھتی ہے تو عمّال لُوٹ رہے ہیں۔ سامنے دیکھتی ہے تو حکومت رعایا کو لُوٹ رہی ہے، پیچھے دیکھتی ہے تو رعایا حکومت کو لوٹ رہی ہے۔ گویا سبھی لُوٹ کھسوٹ کے لئے طالع آزمائی کے موقعے کی تلاش میں ہیں۔ سیاستدان اپنے اکھاڑوں میں بیٹھے چنگھاڑ رہے ہیں کہ قوم انتخابات کیلئے بے چین ہے۔ انتخابات جلد از جلد کرائے جائیں اور جلسے جلوسوں کی اجازت دی جائے، ورنہ جمہوری عمل رُک جائے گا۔ حالانکہ دراصل یہ سیاستدان خود بے چین ہو رہے ہیں کہ ہڑبازی پھر کیسے مچائی جائے تاکہ پھر وہی جمہوری تماشہ شروع ہو۔ ایک ہی مسلک کی دس دس پارٹیاں اُٹھ کھڑی ہوتی ہیں، اور پھر وہی جھوٹے دعوے، جھوٹے پروگرام، جھوٹے پراپگنڈے، اور جھوٹے نعروں کا طوفان، وہی قوم کا درد اور غریبوں کی چارہ سازی، وہی اسلام کی آڑ میں ذلیل دروغ بافی اور جذبات انگیزیاں، وہی جلسے جلوسوں کی ہنگامہ خیزیاں اور ولولہ انگیز تقریروں کی سحر طرازیاں، یعنی عوام کو بیوقوف بنانے کی کوئی حد نہیں ہوتی۔ سیاسی پارٹیاں بھان متیوں کی طرح بھانت بھانت کے کرتب دکھاتی پھرتی ہیں، جمہور کو جمہوریت کے نام پر فریب، مسلمانوں کو اسلام کے نام پر دھوکہ، غریبوں کو غریب پروری کا آسرا، غرضیکہ یہ اپنی ڈُگڈگی بجا کر ہر شہری کو محوِ تماشہ کر لیتے ہیں۔ کہیں زر پاشی سے مطلب برآری ہو رہی ہے تو کہیں آبلہ فریبی سے ؎

امید کیا ہے سیاست کے پیشواؤں سے
یہ خاکباز ہیں رکھتے ہیں خاک سے پیوند

ہمیشہ مور و مگس پر نگاہ ہے اِن کی
جہاں میں ہے صفتِ عنکبوت اِن کی کمند

تیس سال سے اِن کے کرتوت اور شعبدہ بازیاں دیکھ دیکھ کر قوم کا دل کُڑھ گیا ہے، لیکن اِنہیں

کوئی شرم یا باک نہیں کہ قوم کے سامنے پھر دندناتے کیسے آجاتے ہیں۔ صبح شام ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے کہ قوم اپنے نمائندے منتخب کرنے کے لئے بے چین ہے اور منتخب نمائندوں کے بغیر حکومت جمہوری بن ہی نہیں سکتی لیکن قوم نے انہیں اپنا نمائندہ کہا ہی کب ہے؟ مفاد پرستوں کی چند ٹولیاں جمع ہو کر غریب عوام کو اکساتی ہیں۔ جاگیردار، زمیندار اور سرمایہ دار اپنے مفاد کے لئے ان ٹولیوں کی حمایت پر کمربستہ ہو جاتے ہیں اور ان کے ساتھ ہزاروں غریب مزارعے اور مزدور بندھے ہوتے ہیں۔ قوم تو انہیں نامزد تک بھی نہیں کرتی۔ یہ خود ہی اپنے نامزدگی کے کاغذات جمع کرا دیتے ہیں اور پھر ہاتھ جوڑ جوڑ کر ووٹ کے لئے قوم کی منتیں کرتے ہیں، واسطے دیتے ہیں، اور پھر قوم بیچاری مجبوراً کسی نہ کسی ہوس کے مارے کو ووٹ دے آتی ہے۔ بہر حال ایک بات اب سبھی نے ٹھان لی ہے کہ اسلام کا نعرہ لگائے بغیر اس ملک میں دال نہیں گل سکتی۔

ہمارے ہاں جمہوریت کے جو نمائندے پارلیمنٹ یا اسمبلی میں آتے ہیں وہ بزور زر آتے ہیں، اور ان کی جنگ زرگری پر لاکھوں خرچ ہوتے ہیں اور پھر وہ لاکھوں کماتے ہیں۔ اپنی کامیابی کے لئے ہر ممکن دھاندلی اور جائز و ناجائز وسائل روا رکھتے ہیں۔ ان کا ضمیر مردہ اور خدا ترسی کا احساس نابود ہو چکا ہوتا ہے۔ دریں حال ایک ذی فہم انسان اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ ریاکاری اور عیاری کے ہتھکنڈوں کے بغیر ایک حق گو اور ذی استعداد فرد کا سیاست کے میدان میں کامیاب ہونا محال ہے۔ علم و اخلاق سیرت و کردار، اہلیت و صلاحیت، معاملہ فہمی اور خدمتِ خلق کچھ حقیقت نہیں رکھتیں۔ ووٹ یا تو برادری کو ملتے ہیں۔ یا زمینداری یا سرمایہ داری کے زور پر۔ اور یہ کچھ ہمیں پر منحصر نہیں ۱۹۳۷ء کے برطانوی انتخابات کے موقعے پر میں وہیں تھا۔ میں نے ایک ایم پی کے امیدوار سے پوچھا کہ تمہارے انتخابی مہم کے لئے اخراجات کیا پارٹی برداشت کرے گی؟ کہنے لگا وہ تو برائے نام ہوں گے، میں نے خود دو ہزار پونڈ اس کام کے لئے مختص کر رکھے ہیں۔ اُس وقت کے دو ہزار پونڈ اب کے ایک لاکھ روپے کے برابر ہوتے ہیں۔ بھلا وہ شخص جو چار پانچ لاکھ روپے جیب سے خرچ کر کے انتخابات لڑے گا وہ کیا دوگنے اور چوگنے وصول نہ کرے گا؟ اور اس طرح کیا سیاسی رشوت بازی کے دروازے کبھی بند ہو سکیں گے؟ کیا یورپ آج اپنی آنکھوں سے اس نظام کے ہلاکت انگیز استیلا کو نہیں دیکھ رہا؟ ؎

وہ حکمت ناز تھا جس پر خردمندانِ مغرب کو ہوس کے پنجۂ خونیں میں تیغِ کارزاری ہے

جب کوئی پارٹی اکثریت حاصل کرلیتی ہے تو اُسے اپنی بقا کی فکر دامنگیر ہوجاتی ہے اور وہ اپنی طاقت برقرار رکھنے کے لئے یا اقتدار کی قلیل مدّت میں زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے لئے ہر قسم کے حیلے اور حربے استعمال کرنے پر آمادہ ہوجاتی ہے۔ انتخابات ہوتے ہی قوم بھول جاتی ہے اور عہدوں کیلئے آپادھاپی شروع ہوجاتی ہے۔ سیاسی رشوتیں، پرمٹ، اور لائسنس بروئے کار لائے جاتے ہیں، اسمگلنگ اور چور بازاری زور پکڑتی ہے۔ حزبِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کے ضمیروں کے سودے ہوتے ہیں۔ سرکاری عملے سے ناجائز کام لیا جاتا ہے، اپنے مطلب کے تھانیدار اور تحصیلدار مقرر کئے جاتے ہیں۔ کسی کو آواز اٹھانے کی ہمت نہیں ہوتی۔ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ جمہوریّت کا انعقاد ہوگیا، لیکن باطن میں استبداد کارفرما رہتا ہے۔ بے اطمینانی جڑ پکڑتی ہے اور انتخابات کے ہوتے ہی عوام میں افسردگی اور مایوسی چھا جاتی ہے۔ ایوانِ حکومت کو غنڈے گھیر لیتے ہیں اور عوام کو دھمکی دی جاتی ہے کہ ان کی زبانیں گدّی سے کھینچ لی جائیں گی۔

علّامہ اقبال کو احساس تھا کہ اس جمہوریّت کے پردے میں عوام کو دھوکہ دیا جارہا ہے اور مغربی سیاست عیّاری کے سوا کچھ نہیں عوام کی حقیقی بھلائی ایسی جمہوریّت میں ہرگز نہیں ہوسکتی کیونکہ اس طریقِ کار سے قوم کے صالح اور عاقل افراد کے لئے ملکی معاملات میں دسترس رکھنے کے کوئی مواقع میسّر نہیں ہے

یہ علم یہ حکمت یہ تدبّر یہ سیاست　　پیتے ہیں لہو دیتے ہیں تعلیم مساوات
وہ قوم جو فیضانِ سماوی سے ہو محروم　　حد اُس کے کمالات کی ہے برق و بخارات

اس طرح مغربی جمہوریّت انسانی اخوّت اور مساوات کے تقاضے پورے کرنے میں شدّت سے ناکام رہی ہے۔ ایسی جمہوریّت میں آدمیوں کو مویشیوں کی طرح گِنا تو جاتا ہے، انسانیت کے ترازو میں تولا نہیں جاتا ہے

جمہوریّت اِک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں　　بندوں کو گِنا کرتے ہیں، تولا نہیں کرتے

مشرق کے اکثر ممالک اپنے ملکوں میں اعضائے مجلس کا ڈھانچہ تشکیل کرنے کی غرض سے مغربی طریقِ انتخاب کی تقلید کرتے ہیں، اور ایشیا اور افریقہ کے پسماندہ ملکوں کے لئے اب مغرب کی تیسرے

درجے کی صرف نقالی باقی رہ گئی ہے۔ چنانچہ علامہ اقبال نے شروع ہی سے مسلمانوں کو اس لادین سیاست کے زہریلے اثرات سے بچنے کی تلقین کی تھی، اور کہا تھا ؎

جلال پادشاہی ہو، یا جمہوری تماشا ہو جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

انہوں نے جمہوریت میں دھوکے اور فریب کے سوا اور کوئی چیز نہ دیکھی، اور کہا کہ فرنگی سیاست مذہب سے آزاد ہو کر شیطان کی خبیث ترین لونڈی بن کر رہ گئی ہے اور اس کا ضمیر مردہ ہو چکا ہے ؎

مری نگاہ میں ہے یہ سیاستِ لادین کنیزِ اہرمن و دوں نہاد و مردہ ضمیر

وہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں کے لئے مغرب کی نقالی کا کوئی جواز نہیں جب کہ اُن کا اپنا نظام اتنا جاندار، اور عالمگیر انقلاب کا حامل ہے ؎

کانپتا ہے دل ترا اندیشۂ طوفاں سے کیا ناخدا تو، بحر تو، کشتی بھی تو، ساحل بھی تو!

شعلہ بن کر پھونک دے خاشاکِ غیر اللہ کو حرفِ باطل کیا، کہ ہے غارت گرِ باطل بھی تو!

بے خبر! تو جوہرِ آئینۂ ایام ہے!
تو زمانے میں خدا کا آخری پیغام ہے!

اسلامی سیاست اور ریاست:۔ اسلام نے جو نظامِ سیاست و حکومت قائم کیا ہے اُس کی بنیاد توحید اور رسالت پر ہے، اور اس میں اطاعت اور وفا کیشی کا مرجع خداوند تعالیٰ کی ذات ہے۔ اقتدار کا مالک خالقِ حقیقی ہے جو بلا شرکتِ غیرے حاکمِ مطلق ہے، اور اس کے احکام کی تعمیل کا عملی ذریعہ قرآنِ حکیم اور اسوۂ حسنہ ہے، جو ہماری سیاست اور ہمارے معاشرے میں ہماری آزادی اور پابندی کے حدود متعین کرتا ہے۔ "کوئی قوم یا جماعت مسرت یا شادمانی کی زندگی بسر نہیں کر سکتی جب تک کہ وہ اندرونی اعتبار سے ہم آہنگ اور متحد نہ ہو، اور یہ اتحاد پیدا ہو ہی نہیں سکتا، جب تک کہ معروف و منکر پر اتفاق نہ ہو، اور پھر یہ اتفاق ممکن نہیں جب تک کہ قوم یا جماعت اس امر کو تسلیم نہیں کر لیتی کہ اخلاقی فرائض کا سرچشمہ دراصل ایک مستقل اور مطلق اخلاقی قانون ہے۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کا کوئی قانون اگر مل سکتا ہے تو وہ وحیٔ الٰہی کے ذریعے ہی مل سکتا ہے، چنانچہ ہماری زندگی اور ہمارے وجود کا بنیادی سرچشمہ اسلام

اور صرف اسلام ہے، اور اسلامی مملکت میں قرآنی احکام کی حکمرانی ہم پر لازم امر ہے۔" (ماخوذ "پاکستان کا پیش منظر" از جناب حمید انور)

اسلام نے حکمرانی کے حقوق خدائے علیم و حکیم کے مقرر کردہ حقوق کے اندر جمہور کو نیابتاً تفویض کئے ہیں جن کی رو سے مملکت کے عوام اسلامی احکامات اور تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی بسر کرتے ہیں۔ انسان اللہ تعالیٰ کی زمین پر نائب ہے، اور جو حکمرانی کے اختیارات اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو سونپے ہیں وہ ایک مقدس امانت ہے، جس کے متعلق اقتدار کے متعلقین، انفرادی اور اجتماعی حیثیت میں جوابدہ ہوں گے اور یہی بنیادی فرق اسلامی نظام اور مغربی جمہوری نظام میں ہے۔ علامہ اقبال نے اسی بنیادی فرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے

یہاں مرض کا سبب ہے غلامی و تقلید — وہاں مرض کا سبب ہے نظام جمہوری
نہ مشرق اس سے بری ہے نہ مغرب اس سے بری — جہاں میں عام ہے قلب و نظر کی رنجوری

"اسلامی ریاست کا اوّلیں اصول یہ ہے کہ حکم دینے اور قانون بنانے کا اختیار صرف اللہ کو ہے اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ $\frac{12}{40}$ اور اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ $\frac{3}{154}$ واضح احکاماتِ الٰہی ہیں اور اس نظریہ کے تحت کہ حاکمیت خدا کی ہے اور قانون ساز صرف باری تعالیٰ کی ذات ہے، مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ $\frac{3}{79}$ (کسی بشر کو یہ کام سزاوار نہیں کہ اللہ تعالیٰ اُسے کتاب اور حکم اور نبوت سے سرفراز کرے اور وہ لوگوں سے کہے کہ تم خدا کی بجائے میرے بندے بن جاؤ)۔

پس اسلامی ریاست کی بنیادی خصوصیات جو قرآن مجید کی مندرجہ بالا تصریحات سے نکلتی ہیں وہ یہ ہیں۔ (۱) کوئی شخص یا گروہ حاکمیت کا مالک نہیں (۲) قانون سازی کے اختیارات خدا کے سوا کسی کو حاصل نہیں۔ (۳) اسلامی حکومت کو خدا کی طرف سے نبی صلعم کے ذریعہ دیئے ہوئے قانون کی اطاعت کرنی پڑے گی اور اسلامی حکومت خدا کا قانون نافذ کرے گی (۴) وہ مسائل جن کے متعلق خدا کی شریعت اور رسول اللہ کی سُنّت میں کوئی حکم نہیں، وہ مسلمانوں کے اجماع اور اجتہاد سے طے ہوں گے، اور اس میں کسی مخصوص مذہبی پروہت کی بالادستی یا اجارہ داری نہ ہوگی" (ماخوذ از اسلام کا سیاسی نظریہ)

مندرجہ بالا بحث سے یہ بات واضح ہو گئی کہ اسلام کا سیاسی نظام اُس صورت میں جمہوری نہیں جس میں ملک کے عام باشندوں کو حاکمیت حاصل ہو، بلکہ یہ حریت اور آزادی کا وہ تسلط ہے جو جبر و استبداد کا خاتمہ کر دے۔ "اللہ تعالیٰ نے قانون سازی کا اختیار اپنے ہاتھ میں اس لئے نہیں لیا کہ انسان کی فطری آزادی سلب ہو یا اُس کی عقل و فکر پر پابندی عاید کی ہو، بلکہ اس کا مقصد انسان کو بے راہ روی سے بچانا ہے تاکہ انسان اندھی عقل کی پیروی میں بھٹکتا نہ پھرے۔ یہ انسان کی فطری کمزوری ہے کہ زندگی کے اکثر معاملات میں وہ حقیقت کے بعض پہلوؤں کو نہیں دیکھ سکتا اور جذبات اور خواہشات کے غلبے میں صحیح رائے قائم نہیں کر سکتا" (ماخوذ اُسلام کا سیاسی نظریہ" از مولینا سید ابوالاعلیٰ مودودی)۔ پس مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ۔ جو اللہ کی نازل کردہ ہدایت کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے، وہ ظالم ہیں ؎

؎ تو ہمیں دانی کہ آئینِ تو چیست | زیرِ گردوں سِرِّ تمکینِ تو چیست
آں کتابِ زندہ قرآنِ حکیم | حکمتِ او لایزال و قدیم
نوعِ انسانی را پیامِ آخرین
حاملِ او رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْن

اسلامی ریاست میں امیر اور شوریٰ کا بنیادی تصور بالکل واضح اور صریح ہے۔ اس میں عاملہ یعنی ایگزیکٹو امیر اور شوریٰ پر مشتمل ہے جن کا عام انتخاب رعایا کی آزادانہ رائے یا ووٹ سے ہو سکتا ہے اور جب امیر کا انتخاب ہو جائے تو اس کی بیعت رعیت کے ہر مسلمان فرد پر فرض ہو جاتی ہے۔ عاملہ کو معزول کرنے کا اختیار بھی عام مسلمانوں کی استصواب رائے پر منحصر ہے۔ امیر کے اعمال و افعال پر تمام مسلمانوں کی نگرانی ہوتی ہے۔ چونکہ سیاست اور معیشت کے بنیادی اصولوں کی واضح سند قرآن مجید میں

؎ تو اگر جانے ترا آئیں ہے کیا | اور تیری زندگی کا باعثِ تسکیں ہے کیا
وہ کتابِ زندہ قرآنِ حکیم | جس کی حکمت لایزال ہے اور قدیم
نوعِ انساں کے لئے ہے یہ پیامِ آخریں
جس کا حامل ہے ہمارا رحمۃٌ للعالمیں

متعین کر دی گئی ہیں اِس لئے بدلتے ہوئے حالات کے تحت مجلسِ شوریٰ کو اختیار رہے کہ وحی کے تابع رہ کر ذیلی اور فروعی آئین وقتاً فوقتاً وضع کرتی رہے۔ اسلام میں تمام رعایا کے بنیادی حقوق مساوی ہیں۔ اِس میں مسلم اور غیر مسلم کی کوئی تمیز نہیں سوائے اِس کے کہ غیر مسلم امیر نہیں ہو سکتا۔ باقی سلطنت کے ہر کاروبار اور انتظام اور انصرام میں امیر یا اُس کے نمائندوں کو حق حاصل ہے کہ کسی کام کے عہدے کو مسلم یا غیر مسلم کے سپرد کر دیں۔ مذہب کے معاملے میں ہر شخص کو اپنے نظر و فکر کی آزادی ہے، اور غیر مسلموں کی شریعت کے قوانین اور طرزِ زندگی میں حکومت مزاحم نہیں ہو سکتی۔ قانون کا اطلاق امیر اور غریب کے لئے یکساں ہے عدل و انصاف کے معاملے میں اسلامی نظام نے کسی بڑی سے بڑی شخصیت سے رعایت روا نہیں رکھی یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا وَّالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ۔ یہ نظام آج سے ایک شخص کو دوسرے شخص پر اختیار نہیں دیتا ہے

پھر سیاست چھوڑ کر داخل حصارِ دیں میں ہو
ملک و دولت ہے فقط لفظِ حرم کا اِک ثمر

اسلام دراصل ایک انقلابی تحریک کا نام ہے جو خدائے واحد کی حاکمیت کے نظریہ پر انسانی زندگی کی پوری عمارت تعمیر کرنا چاہتی ہے۔ اسلام میں توحید کا تصوّر محض ایک عقیدہ ہی نہیں بلکہ اس میں اجتماعی زندگی کا پورا نظام ہے جو غیر اللہ کی حاکمیت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے، اور باطل عقائد اور انسانی ذہن کے تراشیدہ بُت پاش پاش کر دیتا ہے۔ اِس نظام کے ماخذ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی پہلی تعلیم یہ ہے کہ اللہ کے سوا باقی سب الٰہوں کو چھوڑ دو۔ اور صرف ایک اللہ کی بندگی قبول کر لو۔ اِسی کے ساتھ ہی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا اعلان کر دیا۔ لہٰذا اسلامی تحریک چلانے کے لئے جس خاص قسم کے تدبّر اور حکمتِ عملی کی ضرورت ہے اس کا تقاضا یہی ہے کہ اس کا آغاز براہِ راست توحید سے کیا جائے جس کی پہلی خصوصیت خدا کی حاکمیت کے تصوّر پر مبنی ہے اور اس کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ یہ مُلک خدا کا ہے اور وہی اس کا مالکِ حقیقی ہے، اور حکم دینے اور قانون بنانے کا حق صرف خدا کو ہے۔ انسان کی حیثیت خدا کے خلیفہ کی ہے جو خدا اور رسولؐ کے بتائے ہوئے رستے پر چلتا ہے اور اُس سے انحراف اُس کے لئے ہرگز ممکن نہیں۔ وہ اپنے اعمال کے متعلق خدا کے حضور جوابدہ ہوگا اور اگر وہ قانونِ خداوندی

کے نفاذ میں ذراسی کوتاہی بھی کرے یا اس میں ذرہ بھر بھی خود غرضی، نفس پرستی، بد دیانتی یا جانبداری کو دخل دے تو خدا کی عدالت میں سزا پائے گا۔ اس نظریہ پر جو ریاست قائم ہوگی وہ سیکولر اسٹیٹ سے بالکل مختلف ہوگی، اور نہ ہی یہ ڈیموکریسی کے معنوں میں جمہوریت ہوگی کیونکہ ڈیموکریسی تو اس طرزِ حکومت کا نام ہے جس میں حاکمیت مُلک کی اکثریت کو حاصل ہو اور اُن ہی کی رائے سے مُلک کے قوانین بنیں یا منسوخ ہوں، نہ یہ آمریت یا فسطائیت ہی ہے کیونکہ آمر تو خود اپنی مرضی کے قانون بناتا ہے اور اپنی مرضی سے حکومت کرتا ہے۔ لیکن اسلام میں امیر اللہ تعالیٰ کا قانون نافذ کرتا ہے اور اپنے اعمال کے متعلق اللہ تعالیٰ کے حضور جوابدہ ہوتا ہے۔ اس لئے اس کی مثال نہ ہی تو آمر کی ہے نہ امریکہ کے پریذیڈنٹ کی اور نہ ہٹلر اور میسولینی کی۔

تو اے مسافرِ شب خود چراغ بن اپنا
کر اپنی رات کو داغِ جگر سے نورانی

اِس حکومت کے بنانے اور چلانے کے لئے ایک خاص ذہنیت اور کردار کی ضرورت ہوتی ہے اور جو لوگ اس کے کاروبار چلانے کے لئے تیار کئے جائیں اُن کی ذہنی اور اخلاقی تربیت ایسی ہو کہ دل میں خدا کا خوف ہو اور خدا کے سامنے اپنی ذمہ داری کا احساس رکھتے ہوں۔ مال اور حکومت کے نشے میں بدمست نہ ہو جائیں۔ تنگ نظر، افادیت پرست، اور متعصب قسم کے لوگ اسلامی حکومت نہیں چلا سکتے۔ قرآنی احکام، نظریات و تصورات گھر کے بہترین ماحول میں شروع ہوں۔ نظامِ تعلیم کو راہِ راست پر لایا جائے۔ اصلاح کا آغاز اگر ہو سکتا ہے تو صرف اس طرح کہ ایک طرف تو انسان کے دماغ سے خود مختاری کی ہوا نکال دی جائے اور دوسری طرف توہمیتوں کا عنصر قطعی ناپید کیا جائے۔ اسلامی نظامِ حکومت میں گھٹیا قسم کے کچے کیریکٹر اور ضعیف ارادہ رکھنے والے لوگ نہیں آسکتے۔ معاشرہ تب ہی بدل سکتا ہے جب حکومت کا سربراہ اور حکومت کے سرکردہ افراد صالح اور مخلص ہوں۔ اُن کی اخلاقی دنیا بدل جائے۔ عادات و خصائل بدل جائیں، سوچنے کے طریقے بدل جائیں، زاویہ نگاہ بدل جائے۔ غرضیکہ قوم کی کایا پلٹ جائے ؎

خوشا وہ قافلہ جس کے امیر کی ہے متاع
تخیلِ ملکوتی و جذبہ ہائے بلند

پاکستان اور اسلامی ریاست: ۔ ہم لوگ مسلمان گھروں میں تو پیدا ہوتے ہیں لیکن ہماری سوچ و فکر اور ہمارے تصورات یورپ اور امریکہ کی پیدائش ہیں۔ ہم زبان سے اسلامی معاشرے کا نفوذ چاہتے ہیں لیکن ہمارا ذہن اسلامی علم و شعور اور اسلامی حکومت کے تصور سے خالی ہے۔ اِس وقت پاکستان میں نظامِ اسلام رائج کرنے کی بھرپور کوشش جاری ہے اور اس میں منشائے ایزدی اور دستِ قدرت بھی کارفرما نظر آتے ہیں لیکن شاید قدرت کو ابھی ہمارے جوہرِ مضمر اور مقصدیت کی صداقت کا امتحان لینا منظور ہے۔ قدرت لوگوں کی نیتوں اور اُن کے ایمان کی پختگی کو پرکھتی ہے۔ ہماری کوششیں تب ہی بارآور ہو سکتی اور فضلِ باری تعالیٰ تب ہی شاملِ حال ہو سکتا ہے جب ہم اپنے مقصد میں مخلص ہوں۔ قوم جانتی ہے کہ زمامِ کار جن لوگوں کے ہاتھ میں ہے وہ ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں کہ قوم کی اس دیرینہ خواہش کو پورا کیا جائے، اور معاشرے کو ذلّت کی دلدل سے نکالا جائے، لیکن جس طرح باغ میں پھل سورج کی روشنی اور گرمی سے پکتے ہیں اسی طرح معاشرے کی صلاحیت کا انحصار ملک کے سربراہ اور سرکردہ مشیر کاروں کی صحیح قیادت اور رہنمائی پر موقوف ہے۔

وہ آتش آج بھی تیرا نشیمن پھونک سکتی ہے
طلب صادق نہ ہو تیری تو پھر کیا شکوہ ساقی
دلوں میں ولولے آفاق گیری کے نہیں اٹھتے
نگاہوں میں اگر پیدا نہ ہوں اندازِ آفاقی

ہمارے عوام دل و جان سے ملک کی بہبودی اور ترقی کے خواہاں ہیں۔ وہ محنتی اور جفاکش ہیں اور ہنسی خوشی مصیبتوں کا مقابلہ کرتے ہیں۔ ضرورت پڑنے پر بڑی سے بڑی قربانی دینے سے دریغ نہیں کرتے، اُنہیں ایک ایسا دین عطا ہوا ہے جو اتحاد اور اخوت کا سبق دیتا ہے اور اُن کے دلوں میں انصاف کے تقاضے اور نوعِ انسان کی بھلائی کے جذبے کو ابھارتا ہے، لیکن اس ملک کے سیاستدان حضرات اِس سب کچھ پر پانی پھیر کر معاشرے کو گمراہی کی طرف دھکیل لیجاتے ہیں۔ ہمارے عوام کی کمزوری ہی یہ ہے کہ وہ آسانی سے گمراہ ہو سکتے ہیں، جو لیڈر لچھے دار تقریر کرتا ہے اور ہمارے جذبات سے کھیل سکتا ہے ہم جذباتی بن کر اس کے فریب میں آجاتے ہیں۔ پاکستان کی بتیس سالہ تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان سیاستدانوں کی چوگان کا میدان بنا ہوا ہے اور ہم نے اُن کی کارستانیوں سے نہایت تلخ تجربہ ہی نہیں اٹھایا بلکہ قوم کا فکرمند طبقہ اُن کی طرف سے شدت سے مایوس ہے۔ پاکستان کو ہم نے بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا ہے، پاکستان اندرونی اور بیرونی خطروں سے دوچار ہے، اور مفاد پرستوں نے اِس

کے خون کا آخری قطرہ چوسنے میں کسر اُٹھا نہ رکھی۔ ہم نہیں چاہتے کہ سیاستدانوں کی کوتاہیوں یا خود غرضیوں سے پاکستان کو کسی قسم کی آنچ آئے یا ہم پاکستان سے ہاتھ دھو بیٹھیں جب کہ آدھا پاکستان پہلے ہی سیاستدانوں کی حماقتوں سے کھو دیا جا چکا ہے، اور کشمیر بھی ان ہی کی ناعاقبت اندیشیوں کی نذر ہو چکا ہے۔ علاقہ پرست لیڈروں کے بیانات سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس کھینچا تانی کے عمل میں اب وہ ملک کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے پر آمادہ ہیں اور ساری قوم کو برسرِ پیکار کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن اب اِس بچے کھچے پاکستان کو متحد رکھنے اور پھلتا پھولتا دیکھنے کی آرزو ہر پاکستانی کے دل میں تڑپ رہی ہے۔

اسلامی حکومت کی بنیادی خصوصیت تو اوپر بیان کی جا چکی ہے، اب اس کا دوسرا پہلو قومیتوں کی نفی ہے پاکستان میں قومی یگانگت کے شجر کو صوبائی عصبیت اور تنگ نظری کا گھن لگ چکا ہے سیاستدان جو لمبے چوڑے وعدے کر کے سبز باغ دکھاتے ہیں اور صوبوں کے نعرے لگاتے رہتے ہیں اُس کا مقصد ذاتی مفاد اور چودھراہٹ پن کے سوا کچھ نہیں، جس کے نتیجے میں عوام کے دماغوں میں علاقائیت اور صوبائیت کا تعصب بھڑک اُٹھتا ہے۔ عوام سے کہا جاتا ہے کہ مرکز یا دوسرے صوبے اُن کا استحصال کر رہے ہیں اور اُن کا حق اُنہیں نہیں مل رہا۔ اُن کو نسل پرستی اور علاقائی ثقافت اور لسانی جھگڑوں کی طرف مائل کر کے اُن کی حمایت حاصل کر لیتے ہیں، اور اس طرح یہ لوگ ایوانِ حکومت میں اقتدار سنبھالنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور پھر اپنی من مانیاں کرنے لگتے ہیں۔ نسل پرستی اور استحصال کے افسانے ہم مجیب الرحمٰن کی زبانی مشرقی پاکستان میں سُن چکے ہیں اور اس کا حشر بھی دیکھ چکے ہیں، اور یہ بھی دیکھ لیا کہ مجیب الرحمٰن کی دھوئیں دھار تقریروں کے بعد اس میں حکمرانی کی صلاحیت اور انتظامی استعداد کتنی تھی اور اُس کے زمانے میں بدنظمیاں اور بدعنوانیاں کس طرح جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئیں۔ تقریر کر لینا ایک بات ہے، جہانبانی اور حکمرانی دوسری بات۔

اسلامی معاشرے میں علاقائی اور نسلی عصبیتوں کی اصالتاً کوئی گنجائش نہیں رہتی کیونکہ معاشرے کی تعمیر عمرانی عدل اور اسلامی اخوت اور مساوات کے تحت ہوتی ہے، اور ہر فرد کو اس کی کارکردگی کے مطابق اُس کا جائز مقام ملتا ہے۔ لیکن بعض صوبے قومی وسائل پر نت نئے حق جتاتے رہتے ہیں،

حالانکہ مسلّمہ اصول کے مطابق زمین کے خزانوں پر ساری قوم کا حق ہوتا ہے اور وہ ریاست کی تحویل میں اس لئے لے لئے جاتے ہیں تاکہ قومی سرمایہ سے اس کی توسیع کی جائے اور قابلِ استفادہ بنایا جائے، لیکن پاکستان میں اِنہی امور کو استحصال کا نام دے کر خلفشار کی بنیاد بنایا جا رہا ہے اور کالجوں کے نوجوانوں کو اکثر علاقہ پرستی کے تانوں بانوں میں اُلجھا دیا جاتا ہے۔ سیاستدانوں کے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ لادینی تصوّرات از سرِ نو کروٹیں لے رہے ہیں اور سیاست اور مذہب کے درمیان پھر خلیج حائل کی جا رہی ہے۔ اس کے تہ میں سوائے اِس کے کچھ نہیں کہ مرکز کو کمزور کر کے صوبائی خود مختاری کے پردے میں اقتدار پر قبضہ جمائیں اور مل کر مُلک کو خوب لُوٹیں۔ پاکستان میں اس خباثت کو کیسے ختم کیا جائے اِس کے لئے گہرے سوچ بچار کی ضرورت ہے۔

اسلام نے نظامِ حکومت کا کوئی واضح خاکہ معیّن نہیں کیا، بلکہ یہ کام زمانے کے حالات کے مطابق مِلّت کی صوابدید پر چھوڑ دیا ہے۔ قرآن حکیم میں رُشد و ہدایت کے سارے احکام موجود ہیں۔ آنحضرت صلعم کی مدینہ میں اسلامی ریاست بنانے کی مثال موجود ہے خلفائے راشدینؓ نے اپنے اپنے حالات کے مطابق اسلامی اصول و ضوابط کو کام میں لا کر حکومت کا کاروبار چلایا اور رسولؐ اللہ کی تعلیمات کا اطلاق کیا اور یہ کام مسلّمہ طور پر مشاورتی جمہوری حدود میں طے پاتے۔ حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت سارے عرب، سارے مصر، عراق، ایران، ترکستان، آرمینیہ، شام، فلسطین تک پھیل چکی تھی، اور یہ کوئی معمولی کام نہ تھا کہ اسلام کے سارے کے سارے تقاضے پورے نظم و نسق کے ساتھ اتنی وسیع مملکت میں پورے کئے جاتے، لیکن تاریخ گواہ ہے کہ یہ ہوا، اور حضرت عمرؓ کا انتظام و انصرام اپنے زمانے میں مثالی تھا۔ بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ آج بھی مثالی ہے، اور دنیا اتنی ترقی کرلینے کے باوجود اس کی مثال مہیا کرنے سے قاصر ہے۔

اسلام میں کوئی ایسا مفصّل آئین نہیں جس کے مطابق ملک کا انتظام چلایا جائے۔ صرف اصول مقرر کئے گئے ہیں، چونکہ یہ نظام اپنے اثر و نفوذ کے لحاظ سے رہتی دنیا تک قائم رہے گا، اس لئے اسلام نے حدود معیّن کر کے فقہی اور دستوری مسائل کی تفصیلات مجتہدینِ زمانہ کے صوابدید پر

یہ کہ کر چھوڑ دیں کہ قدم زمانے سے ملاتے رہو، تاکہ اسلام کے مطالبوں اور وقت کے تقاضوں میں مطابقت پیدا ہوتی رہے۔ اسلام نے مرکزیت پر زور دیا ہے، اور اس کی رسّی مضبوط تھامنے کا حکم دیا ہے۔ اسی پر ملک و ملت کی سالمیت اور استحکام کا انحصار ہے۔

اسلام نے ایک نہایت اہم اصول ہمارے لئے طے کر دیا ہے کہ ملک کے کاروبار چلانے میں عوام کے حق کو نظر انداز نہ کرو۔ اور یہ کہ ملکی معاملات میں صاحب الرائے کا مشورہ ضروری ہے۔ ان امور کے لئے حق اجماع کا لفظ استعمال ہوا ہے، اور اجماع کا مطلب یہ ہے کہ کسی فیصلے کے لئے رائے زنی کی ضرورت۔ اس کا یا تو قوم کی منتخب شوریٰ کو ہو سکتا ہے یا مجتہدین کو پہنچتا ہے جو علم و فضل میں یکتا ہوں اور صاحب الرائے ہوں۔

پاکستان کے آغاز سے آج تک یہ فیصلہ نہیں ہو سکا کہ اگر اسلام میں جمہوریت ہے تو اس کی نوعیت کیا ہے۔ ہمارے ذہن میں شروع ہی سے مغربی جمہوریت کا نقطۂ نظر اور طریقِ کار رچا بسا ہوا ہے کہ اس سے ہٹ کر ہم کوئی اور طریقِ سیاست سوچ ہی نہیں سکتے، جمہوریت، یا کوئی نظامِ حیات ایک مقصد کے حصول کا ذریعہ ہیں، خود مقصد نہیں۔ جمہوریت کا کوئی ایسا مستقل ڈھانچہ نہیں جو کوئی ملک بغیر ترمیم و اصلاح کے اپنا لے۔ ہم نے غلامی کے دور سے ایک ہی پارلیمانی طرزِ حکومت دیکھا ہے اور اُسی کو اپنا لیا ہے، اور یہ کبھی سوچنے کی زحمت ہی نہ کی کہ آیا یہ نظام ہمارے لئے سازگار ہو بھی سکتا ہے یا نہیں، اور یہ کہ آیا ہم اس نظام کے تقاضے پورے کر سکتے ہیں؟ ہمارے ہاں جب مقصد ہی اقتدار پر قبضہ جمائے رکھنا ہے تو طریقِ کار جمہوری ہو یا غیر جمہوری، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہم نے تو قوم سے "مینڈیٹ" حاصل کرنے کے لئے جمہوریت کی محض شرط پوری کرنی ہے، چاہے اس کے لئے ووٹرز کو باندھ کر ہی کیوں نہ لانا پڑے یا جعلی پرچیاں بنانی پڑیں، یا دھوکے اور فریب کے نعرے لگانا پڑیں، یا زرِ کثیر خرچ کرنا پڑے۔ پچھلے سات سالوں کے تجربے سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ جمہوری طرزِ عمل میں سیاسی پارٹیوں کے مبہم اور بے سروپا نعروں کے استعمال نے قوم کو کن گمراہ کن مغالطوں میں مبتلا کر دیا تھا اور کس خطرناک موڑ پر لا کھڑا کر دیا ہے اور یہ تلخ تجربہ اس قدر مہیب ہے کہ اگر جمہوریت اور انتخابات کا یہی سلسلہ اسی طرح قائم رہا تو سیاست داں ملک کو یقیناً کسی وقت بھی تباہ و برباد کر سکتے ہیں یا بیچ سکتے ہیں۔

ملک میں جعفروں اور صادقوں کی ابھی بھی کمی نہیں۔ قوم کے لئے یہ بڑا نازک مرحلہ ہے، اور بیشتر اس کے کہ پانی سر سے گذر جائے کوئی جامع حل اور مؤثر طریقِ کار تلاش کرنا چاہئے۔ اسلامی طریقِ کار کے لئے ہم جب تک اندازِ فکر اور زاویہ نگاہ نہ بدلیں گے اور دل خلوص اور خوفِ خدا سے معمور نہ ہوں گے اسلامی نظام کارگر نہیں ہو سکتا۔

ہے نہاں حُسنِ عمل میں عظمتِ انساں کا راز
تو سمجھتا ہے کمالِ زندگی ہے مکر و فن

اسلام میں جمہوریت وہی ہے جو نظامِ مصطفےٰ کے دائرے کے اندر رہ کر قرآنِ حکیم کی روح کے مطابق ہو۔ اس میں مروجہ ملحدانہ جمہوریت کے پیوند کا کوئی جواز نہیں۔ اس لئے پھر وہی باتیں دھرانی پڑتی ہیں کہ ہمارے نظام کی بنیاد الحاد پر نہیں، توحید پر ہے، اور یہی ہماری قوت کا سرچشمہ ہے۔ حاکمیت انسانی نہیں، ربانی ہے۔ علاقوں اور صوبوں کی بنیاد قومیتوں پر نہیں، بلکہ اسلامی معاشرے کی وحدت پر ہے۔ اور اسلامی نظام میں چونکہ مقصد اور مسلک ایک ہی نظریہ حیات کے تابع ہیں اس لئے پارٹی بازی کا کوئی جواز نہیں اور سب سیاسی پارٹیاں جو کہ ذاتی مفادات اور جھوٹے وعدوں پر مبنی ہیں ممنوع قرار دی جائیں، اور انتخابات کا معیار ذاتی صلاحیتوں پر مبنی ہو، اور افراد کی نامزدگی ہر حلقے یا ہر محلے یا دِہ کی پنچایت کمیٹی کی طرف سے عوام کی حمایت اور منظوری کے ساتھ ہو۔ اس طرح ملک کے بہترین افراد کو مجلسِ شوریٰ میں کام کرنے کا موقع ملے گا، اور یہ صحیح معنوں میں قوم کے منتخب نمائندے ہوں گے۔

صوبائی اختلافات مٹانے اور صوبوں کی اقلیت اور اکثریت کا سوال ختم کرنے کا حل صرف اسلام کے وحدانی نظام میں ہے۔ اسلام علاقائی امتیازات اور عصبیت کو راہ نہیں دیتا۔ اس کا حل صرف یہ نظریہ ہے کہ اسلامی معاشرے کی وحدت کی بنا پر سارے ملک کو ایک سیاسی وحدت میں سمو لیا جائے اور ایسے انتظامات عمل میں لائے جائیں کہ ہر مقام کے مقامی لوگوں کو ہر شعبۂ زندگی میں تمام انتظامی سہولتیں فراہم کی جا سکیں۔ ہر مقامی انتظامی ڈھانچہ تین یا چار ضلعوں کی کمشنری (یا ولایت) پر مشتمل ہو (اور زیریں سوات، بونیر، باجوڑ، دیر، چترال، گلگت، بلتستان، کاغان، اور کافرستان وغیرہ جو ابھی تک ایجنسیاں ہیں ہیں۔ اور جن کے سیاسی حقوق کا سوال عنقریب اُٹھنے والا ہے، انہیں بھی کمشنریوں میں تقسیم کر دیا جائے)

کمشنریاں مرکز کے تحت ہوں۔ ہر کمشنری کا اپنا بجٹ ہو، اور کمشنری کے مجلس شوریٰ کے ارکان کا انتخاب شہروں اور قصبوں کی محلہ کمیٹیوں اور دیہات کی پنچائتوں سے قرار پائے اور پھر سب کمشنریوں کے منتخب نمائندے مرکزی مجلس شوریٰ کے ارکان ہوں۔ منتخب نمائندوں کے ہر سطح پر معقول مشاہرے یا وظائف حکومت کی طرف سے مقرر ہوں اور ان کی نااہلی، بددیانتی اور بدعنوانی کے لئے سخت سزائیں مقرر کی جائیں۔ تمام سرکاری ملازم مرکزی حکومت کے ملازم ہوں اور کمشنریوں کی تحویل میں دے دیئے جائیں۔ ان کے حقوق کی نگہداشت مرکز کرے، یا کمشنری میں مرکز کا نمائندہ کرے۔ اس طرح صوبائی اسمبلیوں کے بے محابا اخراجات اور وزیروں کی من مانیاں، ان کی بدعنوانیاں اور فضول خرچیاں، اور سرکاری ملازموں کے کاموں میں مداخلت اور چیرہ دستیاں سب بند ہو جائیں گی جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے جمہوریت کا کوئی مستقل ڈھانچہ نہیں اور ملک کی ضرورت کے مطابق اسے کوئی شکل دی جا سکتی ہے بشرطیکہ اس کی روح برقرار رہے۔ مذکورہ بالا جمہوریتوں کا نفاذ برطانیہ میں "کوئنٹی" اور "برو" سسٹم کے تقریباً مماثل ہوگا۔

۵۔ جمہوری معاشی نظام: مغربی جمہوریت کا معاشی پہلو بے لگام سرمایہ داری ہے۔ سرمایہ پرست جمہوریت فرد کو معاشی جدوجہد کی کھلی چھٹی دیتی ہے اور کوئی حد عائد نہیں کرتی۔ اسے اجازت ہے کہ منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، سٹے اور جوئے سے عوام کی دولت لوٹے، اور اس لوٹ کھسوٹ میں اسے قانون کی پشت پناہی بھی حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ حکمراں پارٹی اور معاشی ڈاکو اس بات میں اتحاد کر لیتے ہیں کہ دونوں ایک دوسرے کے مفاد میں ساتھ دیں گے، اور یہ اتحاد اس حد تک ہوتا ہے کہ حکمراں پارٹی کو سرمایہ داروں کی غیر مشروط حمایت حاصل ہوتی ہے، اور اس کے عوض میں سرمایہ داروں کو غیر محدود مفاد کے حصول کے لئے امداد دینا حکمراں پارٹی کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ جمہوریت میں جو نظام چلتا ہے وہ اقتدار اور سرمایہ پرست کے گٹھ جوڑ سے چلتا ہے اور وہ ایک دوسرے کے ممد اور معاون ہوتے ہیں۔ اس نظام میں فرد پر کسی قسم کی تحدید نہیں کہ وہ حاصل شدہ دولت کا صحیح مصرف کس طرح متعین کرے، اور نہ ہی اس پر معاشرے کی معاشی اور عمرانی فلاح و بہبود کے لئے کوئی فرض عائد ہوتا ہے۔ فرد اپنی آزادی کے زور پر معاشرے کے اجتماعی تقاضوں سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔ معاشی میدان میں اس غیر ذمہ دارانہ اور اخلاق سوز اصول کا اطلاق اسے خود غرضانہ احتیاج کی مصنوعی تخلیق، اور اس کی تسکین کے لامتناہی سلسلے میں مست کر دیتا ہے اور وہ ہمیشہ اپنی ذات میں مدغم رہتا ہے۔ سرمایہ داری کی ریڑھ کی ہڈی سود، اور اشتغال در اشتغال سرمایہ کاری ہے۔ معاشیات

میں یہی سرمایہ دارانہ نظام "دائیں بازو" کا علمبردار ہے ؎

تدبّر کی فسوں کاری سے محکم ہو نہیں سکتا
جہاں میں جس تمدّن کی بِنا سرمایہ کاری ہے

جمہوری نظام سے مایوسی اور بیزاری مغرب میں فسطائیت کا موجب بنی اور ہٹلر اور میسولینی کو جنم دیا اور روس میں اشتراکیت کو۔ اشتراکیوں نے شور مچا رکھا تھا کہ جمہوریت کے پردے میں عوام کو لوٹا جا رہا ہے۔ اشتراکیت نے مساوات کا پرچار کیا۔ لیکن سوشلزم میں حکمراں پارٹی سرمائے پر قابض ہو کر مختارِ مطلق بن بیٹھی، اور رعیّت کو بالکل بے بس کر کے اپنے رحم و کرم پر محض جینے کا حق دیا۔ سوشلزم میں انفرادی آزادی مفقود ہو جاتی ہے۔ فکر اور ضمیر کی آزادی ایک جرم سمجھا جاتا ہے، اور ڈر کے مارے حکمراں طبقے کے خلاف کوئی بات نہیں کر سکتا۔ ہر بات پر پابندی ہے اور عدمِ پابندی کی سزا موت ہے۔ اس لئے اس نظام کے تحت آزادئ رعیّت بالکل مفقود ہو جاتی ہے۔ معاشیات میں یہی اشتراکی نظام "بائیں بازو" کا علمبردار ہے۔ اشتراکیت کی بنیاد مساواتِ شکم پر رکھی گئی ہے۔ علامہ اقبال نے کارل مارکس کے نظریۂ حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ حقیقت مندرجۂ ذیل شعر میں بیان کی ؎

دینِ آں پیغمبرِ ناحق شناس
بر مساواتِ شکم دارد اساس

ترجمہ:-
حیف! وہ پیغمبرِ ناحق شناس
پیٹ پر رکھتا ہے مقصد کی اساس

جمہوری اور اشتراکی نظاموں میں جو چیز قدرِ مشترک ہے وہ یہ کہ دونوں لادینیّت پر قائم ہیں، دونوں کا نصب العین مادی ترقی ہے، دونوں میں اخلاقیات اضافی سمجھے جاتے ہیں، دونوں ہر بات کو افادیت کے نقطۂ نگاہ سے دیکھتے ہیں، دونوں کے نزدیک مقصد کے حصول کے لئے افراد یا قوموں کو چاہے ناحق ہی قتل کرانا کیوں نہ پڑے جائز ہے، اور دونوں خاندانی زندگی کو ثانوی حیثیت دیتے ہیں ؎

فسادِ قلب و نظر ہے فرنگ کی تہذیب
کہ روح اس مدنیّت کی رہ سکی نہ عفیف
رہے نہ روح میں پاکیزگی، تو ہے ناپید
ضمیرِ پاک و خیالِ بلند و ذوقِ لطیف

اسلام کا معاشی نظام:۔ اسلامی نظامِ معیشت میں فرد کو ایک معتدل مقام حاصل ہے۔

